القاموس الجدید

لغت عربی جدید

جس میں

جدید عربی زبان اور اس کے مختلف لہجات کے تقریباً (دس) ہزار الفاظ و اصطلاحات جو فی زمانا مصر، شام و عرب وغیرہ میں مروج و مستعمل ہیں نظم و نثر اور علوم و فنون کی صدہا کتب اور جرائد و صحائف سے سالہا سال کے وسیع و غائر مطالعے کے بعد منتخب کر کے اُن کے مآخذ و معانی اُردو زبان میں شرح و بسط کے ساتھ لکھے گئے ہیں

مؤلفہ

راجہ راجیسور راؤ اصغر (ورما) خلف اکبر راجہ اوماپت راؤ مہاراج بہادر شمشاد دولہ سلمہ اللہ

مُصنف و مؤلف و مترجم

محبوب الاخلاق، حدیقۃ الاخلاق، گلبن دانش، گلزار دانش، ریاض دانش، کشف الاسرار، ہدیۃ الملوک، تاریخ جہانگیری، معالجات القلب، انتخاب بہار دانش، انتخاب انوار سہیلی، تشریح الفرس، گنجینۂ امثال، کارنامہ، نجم اللغات، مفتاح اللغات، افسر اللغات، فرخندۂ آفاق، قرآن السعدین، مجمع البحرین، نغمۂ عنادل، تاریخ ہند، مجمع الالفاظ، فرہنگ فارسی جدید وغیرہ وغیرہ

سنہ ۱۳۴۲ھ

مطبع دکن میں طبع ہوا ٹائپ اور مقدس تاج پریس میں چھپا

القاموس الجدید

لغت عربی جدید

جسمیں

جدید عربی زبان اور اس کے مختلف لہجات کے تقریباً (دس) ہزار الفاظ و اصطلاحات جو فی زمانا
مصر، شام و عرب وغیرہ میں مروج و مستعمل ہیں نظم و نثر اور علوم و فنون کی صدہا کتب اور جرائد
و صحائف سے سالہا سال کے وسیع و غائر مطالعے کے بعد منتخب کر کے ان کے مآخذ و معانی اردو زبان
میں شرح و بسط کے ساتھ لکھے گئے ہیں

مؤلفہ

راجہ راجیسور راؤ اصغر (ورما) خلف اکبر راجہ اوماپت راؤ مہابلو بہادر سمستھان [illegible]

مصنف و مؤلف و مترجم

محبوب الاخلاق، حدیقۃ الاخلاق، گلبن دانش۔ گلزار دانش۔ ریاض دانش،
کشف الاسرار، ہدیۃ الملوک۔ تاریخ جہانگیری۔ معالجات القلب۔ انتخاب بہار دانش،
انتخاب انوار سہیلی، تشریح الفرس، گنجینۂ امثال، نگار نامہ، نجم اللغات، مفتاح اللغات،
افسر اللغات، فرخندہ آفاق، قرآن السعدین، مجمع البحرین، نغمۂ عنادل، تاریخ ہند،
مجمع الالفاظ۔ فرہنگ فارسی جدید وغیرہ وغیرہ

سنہ ۱۳۴۲ھ

اصل کتاب مطبع اختر دکن میں طبع ہوئی تھی اور مقدمہ تاج پریس میں چھپا

S. Fazlullah

الٰہی نامہ را آغاز کردم بنامت نامہ را باز کردم

مقدمہ

نیاز مندنے بدوشعور سے اپنی زبان کی اصلاح و ترقی کی جانب توجہ کی اور ملک و قوم کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا چنانچہ لگا تار تیتیس سال سے ادب و انشاء، نظم و نثر، اخلاق و تواریخ اور علوم و فنون کے متعلق کم و بیش پینتیس ۳۵ کتابیں تصنیف و تالیف کیں جنھیں خدا کے فضل و احسان سے قبولِ عام و بقائے دوام حاصل ہوا لیکن راقم کی آخر اور معرکۃ الآرا تالیف عربی و فارسی اور اردو کا نہایت ہی جامع و مستند لغت ہے جو بیس برس کی ان تھک اور جانکاہ کوشش و محنت کے بعد ہر طرح مکمل ہو چکا ہے اور عنقریب طبع کیا جائے گا یہ لغت مفصلۂ ذیل زبانوں کے الفاظ پر مشتمل ہے۔

(الف) پندرہ ہزار جدید فارسی الفاظ جو تیرہویں صدی ہجری میں مولد و مفرس ہو کر فارسی زبان میں رائج ہیں۔

(ب) پندرہ ہزار جدید الفاظ جو تمدن جدید کے اختراعات و انکشافات نے بہم پہنچائے ہیں۔

(ج) ایک لاکھ عربی و فارسی الفاظ جو عربی و فارسی اور اردو ادب میں مستعمل ہیں۔

(د) ہندوستان کی مشترک و عام زبان اردو کے ایک لاکھ الفاظ جو اردو نظم و نثر میں رائج ہیں۔

(ھ) چالیس ہزار اردو الفاظ جو سنسکرت کی قدیم علمی و ادبی کتب اور جدید اردو تراجم سے مطالعہ کرکے جمع کئے گئے ہیں۔

(و) دس ہزار انگریزی ترکی اور دوسری زبانوں کے الفاظ جو فارسی و اردو میں لکھے اور بولے جاتے ہیں۔

(ز) کئی ہزار محاورات و امثال جو فارسی و اردو میں مستعمل ہیں۔

چونکہ اس ضخیم و حجیم کتاب کے طبع اور شائع ہونے کے لئے ایک عرصہ درکار ہے اور جدید فارسی و عربی کی تعلیم کی احتیاج کا سخت احساس اساتذہ و تلامذہ اور حکام معارف عمومیہ کو ابتدا سے تھا چنانچہ اس کی تکمیل کے لئے مختلف تدابیر و انتظامات بھی کئے گئے۔ لہٰذا اس ضرورت عاجلہ نے مجھے اپنے لغت کے حصص (الف) اور (ب) کو علیحدہ علیحدہ طبع کرنے کی جانب متوجہ کیا پس میں نے اولاً فرہنگ فارسی جدید کو چھاپ دیا۔

یہ فرہنگ منطبع ہوتے ہی ہندوستان کے تمام طول و عرض میں مقبول عام ہوگئی۔ فصحائے ایران نے اس کا استقبال بڑی مسرت کے ساتھ کیا اور اسکو نہایت استحسان کی نظر سے دیکھا۔ ناظم معارف عمومیہ حیدرآباد دکن کی مجلس انتقادی نے بھی اس کو کامل العیار ٹھہرا کر مدارس ثانویہ، رشدیہ، اعدادیہ اور جامعِ عثمانی کے مدارس کلیہ کے کتب خانوں (کتب خانوں) کے لئے منظور فرمایا۔ انہیں قدردانیوں اور ہمت افزائیوں کی بنا پر مؤلف نے اپنی فرہنگ

فارسی جدید کی ترمیم و تہذیب کر کے اس میں دوچند توسیع و اضافہ کر دیا ہے جس کا نسخہ ثانی (سکنڈ اڈیشن) عنقریب طبع ہو کر شائع ہونے والا ہے مع ہذا عامۃ الناس (پبلک) نے مذکورۂ بالا وعدوں (حصص عربی وغیرہ) کے ایفا کے لئے اپنی روز افزوں دلچسپی بے انتہا شوق و شغف اور مفرط اعتنا سے مؤلف کو اس بات پر آمادہ کر دیا کہ اپنے مؤلفہ جدید عربی کے لغت حصۂ (ب) کو بھی بہ عجلت ممکنہ شائع کر دے پس نہایت ادب کے ساتھ **القاموس الجدید** جو فی الواقع علامۂ فیروز آبادی کے مشہور و معروف قاموس کا مستدرک ہے قارئین کرام کے لئے پیش کیا جاتا ہے اس لغت کی تدوین و تالیف میں ہیچمداں نے جس قدر دماغی محنت کی ہے اور کتب و صحائف علمیہ اور جرائد یومیہ وغیرہ میں جو قسم صرف کی ہے اس کا کما ینبغی احساس تو لغویین و لسانیین ہی کر سکتے ہیں تاہم اگر مطالعین بھی اس کو بہ نظرِ امعان دیکھیں تو ان کو معلوم ہو گا کہ محمد علی پاشا مؤسسِ دولتِ خدیویۂ مصر کے عہد سے تالیف کتاب ہذا کی تاریخ تک یعنے تقریباً صد سالہ دورِ علمی میں جس قدر لسانی ارتقا اور علمی تقدّم ہوا ہے اس کا عطر نکال کر قاموس ہذا میں بھر دیا گیا ہے۔ اس مسلم الثبوت

مـہ میرے خیال میں مولانا محمد عبد الحمید صاحب معینِ شخصی نائب صدر اعظم بہادر کی رائے کے بموجب اس دبادی تمدن حدیث کا آغاز بھی پاشائے ممدوح کی ادارۂ مصر سے ہوتا ہے اور عربی احیا و ترقی کا سہرا تو اسی والی کے سر رہا ۱۲

اسلامی مدبر و سیاسی نے جو علمی و ادبی خدمات انجام دلوائے ہیں وہ محیر العقول
ہیں فلسفہ و علوم ریاضی جغرافیہ و ادب کے متعلق اس زمانے کی چالیس پچاس
کتابیں ہماری نظر سے گذری ہیں جو السنۂ افرنجیہ خصوصاً فرنسی سے ترجمہ کی گئی
ہیں۔ قاہرہ کی تقلید اسکندریہ اور شام کے کئی شہروں دمشق بیروت وغیرہ
میں کی گئی۔ مؤخر الذکر میں تو کئی مکاتب و مطابع حتّا لقۃ نے قائم کئے
انہیں مدارس کے نتائج و حاصلات سے بطرس بستانی۔ وان دیک امیر
کانی۔ سلیمان بستانی وغیرہ ہیں۔ بطرس نے ابتداءً حساب وغیرہ کے متعلق
چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھیں۔ پھر محیط المحیط اور قطر المحیط جیسا مستند لغت
مدون کیا۔ کتاب مقدس کے عربی ترجمہ میں شریک رہا۔ بعد ازاں دائرۃ
المعارف کو شروع کیا تھا کہ موت نے سارے منصوبے خاک میں ملا دئے
شخص محض ناقل تھا۔ تحقیق سے ناآشنا چنانچہ وادی الحجارہ کو کوار الحجرا اور
[illegible] وغیرہ کو الکاموں لکھا ہے۔ سنا ہے کہ سلیمان بستانی سے جو الیاذہ کا
مترجم ہے۔ اس انسائی کلوپیڈیا کی تکمیل کرائی گئی ہے لیکن ہمارے پاس
تو وہ ابھی تک وصول ہوا اور زمانۂ تدوین القاموس الجدید میں ہمارے
پیشِ نظر رہا۔ وان دیک کی کتب علمیہ سے بھی ہمیں کسی قدر فائدہ پہنچا
ایک اور علمی کتاب تحفہ سعدیہ نہایت مفید ہے کاثولیکی مطابع کی بعض
کتابیں کارآمد ثابت ہوئیں۔ ان میں سے منجد۔ فرائد دریہ۔ اقرب الموارد
یوحنا۔ ورتبات کا لغت وغیرہ ہمارے مآخذ میں سے ہیں۔ افسوس ہے
کہ مصر کے ولاۃ نے جو خدیو کے لقب سے ملقب تھے۔ علم و ادب کی طرف

کچھ زیادہ اعتنا نہیں کی مدارس میں فرنسی۔ المانی۔ طلیانی۔ اور انگلیسی وغیرہ کی تعلیم ہونے لگی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بقول علامہ عبدالستار صاحب صدیقی رئیس (پرنسپل) جامع عثمانی، تمام افرنجی (یوروپین) الفاظ معرب نہیں مخرب ہوکر زبانوں پر چڑھ گئے کوئی بر و عزام کوئی بر وجرام (لائحہ) کہنے لگا۔ ان الفاظ کو ہم سوقی یا داج سمجھکر ترک کردیتے لیکن سب جرائد و صحائف نہیں مصحف الفاظ سے معمور نظر آتے ہیں اور لغوی کا فریضۂ اولیٰ یہ ہے کہ ہر قسم کے الفاظ کی خواہ عامی (مبتذل) ہی کیوں نہ ہوں تفہیم معنے (نہ تقلید) کے لئے تشریح و تصریح کرے لہٰذا ہم نے اس قسم کے کثیر الاستعمال الفاظ شریک کرلئے ہیں ۱۸۹۲ء تک مصر کا یہی حال رہا تھا کہ حسن قسمت سے عباس حلمی پاشا خدیو مصر ہوئے۔ انہوں نے عربی کی اصلاح و ترقی میں خاص توجہ مبذول کی۔ ان کے عہد میں علم و ادب اور صحافت نے اس قدر ترقی کی ہے کہ اسکی تفصیل کے لئے ایک مستقل کتاب کی ضرورت ہے۔ مختصراً یہ کہ ہر قسم کے علوم و فنون اور آداب کے متعلق کوئی سو کتابیں ہمارے کتب خانے میں ہیں مجلات و جرائد کا کوئی حد و احصا نہیں۔ ان میں سے مقتبس۔ ہلال۔ مقطم وغیرہ خصوصاً منار (قاہرہ) اور جوائب (قسطنطنیہ) قابل ذکر ہیں۔ اہل ہند نے جدید عربی کی جانب بہت ہی کم توجہ کی۔ یہ معلقات ہی سے نکلتے ہیں حریری

ع الہلال کے مدیر جرجی زیدان نے عربی کی بڑی خدمت کی متعدد کتابیں تالیف کیں۔ برسوں رسالہ نکالا لیکن علامہ موصوف کو تحقیق سے کچھ تعلق نہ تھا سرقوسہ کو سرقسطہ لکھدینے میں تامل نہیں کیا ۱۲

متنبی وغیرہ کی پرانی لکیریں پیٹا کئے۔

غرض اگر میری قصیر النظری غلطی نہ کرے تو ہندوستانیوں نے جدید عربی کے جو کتب ولغت لکھے ہیں ان کی کُل کائنات اسی قدر ہے۔

(۱) پہلے پہل ایک مختصر لیکن بہت ہی مفید لغت مولانا سید عبدالرحمن صاحب مرحوم ٹونکی نے لکھا جو نواب محمد علی خان کے عہد کا معلوم ہوتا ہے اب نایاب ہے

(۲) پنجاب یونی ورسٹی نے دو کتابیں عربی بول چال کے متعلق لکھیں جن میں بعض الفاظ جدید ہیں لیکن یہ کتابیں کسی مصری یا شامی کتاب کی نقل معلوم ہوتی ہیں۔ واللہ اعلم

(۳) مولانا سید محمد احمد صاحب حکیم و مہتمد خلیلیہ کالج ٹونک نے قدیم و حدیث عربی کا ایک جامع لغت لکھا۔

(۴) کلکتہ سے نے شائع کی۔

(۵) مولوی شبلی نے اپنے سفرنامے میں سات آٹھ صفحے کا ایک ضمیمہ درج کیا۔

(۶) پروفیسر نیدرگھاسٹ (حیدرآباد) نے بول چال (مکالمہ) کی ایک مفید کتاب انگریزی عربی میں لکھی۔

(۷) مولوی سید عبدالقدیر صاحب پروفیسر جامع عثمانی نے ایک مختصر سی فرہنگ مفید اللغات کے نام سے لکھی۔

(۸) مدیر پیسہ اخبار نے (عربی بول چال) انگریزی و عربی سے ترجمہ کی۔

(۹) حافظ عبدالرحمن خاں امرتسری نے بول چال کے نام سے دو

چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھیں۔

(۱۰) پروفیسر توما آرنلڈ اور مولوی قاضی ظفرالدین احمد نے ۱۹۲۱ء الجمیل لکھی یہ کتاب نہایت قابل قدر ہے اس کا ماخذ یورپ کے معتبر و مستند فریسی المانی انگریزی مستشرقین ہیں۔ فی الواقع بڑی جانکاہی اور لیاقت کا کام کیا لیکن اس میں اکثر و بیشتر قدیم معرب و دخیل الفاظ اور فرسودہ باتیں ہیں۔

(۱۱) لغات عربی فیروزی اور

(۱۲) فیروز اللغات عربی

(۱۳) لغات جدیدہ مولوی سید سلیمان صاحب ندوی نے جدید عربی کے کوئی چار ہزار الفاظ کا مجموعہ اس نام سے شایع کیا۔ یہ کتاب قابلیت اور محنت سے لکھی گئی ہے۔ اس کے ماخذ مؤلف کے مطالعہ کتب کے علاوہ انگریزی مستشرقین کی فرہنگیں خصوصاً پادری ہوا کی عربی انگریزی ڈکشنری ہے

(۱۴) علامہ سما (اس۔ ام۔ احمد) کا جدید دائرۃ المعارف۔ یہ کتاب کئی ضخیم جلدوں میں مدوّن ہوئی ہے۔ حقیقت میں قدیم و جدید ہر قسم کے علوم و فنون، ادب و تاریخ کا نہایت ہی مستند انسائی کلوپیڈیا ہے۔

(۱۵) مجلہ البیان جو لکھنؤ سے علامہ حضرت عبداللہ العمادی کی ادارت میں کئی سال تک نہایت حسن و خوبی سے جاری ہوتا رہا۔ مولانا عمادی نہ صرف ہندوستان کے مسلم الثبوت ادیب و مورخ ہیں بلکہ تمام عالم اسلامی میں ان کا کوئی نظیر موجود نہیں اختصاراً یہ کہ ایسا ادبی رسالہ قاہرہ اور آستانہ کو بھی نصیب نہ ہوا افسوس ہے کہ ملک کی بد مذاقی سے یہ رسالہ چل نہ سکا۔

(۱۶) جناب مولانا مولا بخش صاحب ام۔ اے ڈی لٹ افسر سررشتۂ جنگلات سرکار نظام نے ماڈرن عربک کے متعلق اس قدر حیرت انگیز مواد فراہم کیا ہے کہ پروفیسر ڈوزی کے مستدرک کو بھی گرد کر دیا۔

(۱۷) شمس الاطبا ڈاکٹر غلام جیلانی صاحب کا طبی لغت مخزن الجواہر اس میں جدید عربی کی بہت سی طبی اصطلاحات ہیں۔ یورپ کے عربی تقدم ادبی کا حال کتاب ہذا کے مقدمہ میں لکھنا موجب طوالت ہے۔ اس لئے ہم نے تمام افرنجی مستشرقین کی تالیفات و تصنیفات کو قاموس ہذا کے مآخذ کی فہرست کتب میں شریک کر دیا ہے کیوں کہ ہمیں عربی زبان کے ادب کی تاریخ یا لسانی تخطیط (لنگوسٹک سروے) یا السنہ سامیہ کا حال لکھنا منظور نہیں ہے جسکے لئے بیسیوں ضخیم ضخیم جلدوں کی ضرورت ہوگی اختتاماً ہم زبان عربی کے منطقۂ نفوذ (دائرہ اثر) کے متعلق علامہ سما (اس۔ ام۔ اے) کے قابل قدر عالمانہ مضمون کی تلخیص درج کرتے ہیں جس سے مطالعین کرام کو عربی کے انتشار کی حیرت انگیز وسعت کے علاوہ اس زبان کے تمام لہجات بھی معلوم ہوں گے۔

علامۂ ممدوح لکھتے ہیں کہ عربی کا منطقۂ نفوذ کالیہ (جو انگلستان کے بندرگاہ ڈور کے مقابل ساحل فرانس پر واقع ہے) سے شروع ہو کر جزائر الملوک (جو اوقیانوسیہ میں واقع ہیں) تک ممتد ہے۔ یہ جن ممالک پر منطبق ہوتا ہے اسکی تفصیل حسب ذیل ہے۔

اورُبّا (یورپ) فرانسہ (اس پر آٹھویں صدی مسیحی میں کچھ دنوں اسلامی

قبضہ رہا اس لئے فرانسیسی زبان میں صدہا **مفرنس** عربی الفاظ پائے جاتے ہیں) اسپانیا (اندلس) موجودہ اسپانی زبان میں خمس عربی الفاظ داخل ہیں اور بواسطہ اسپانی۔ امیرکانی میں بھی کثیر الفاظ شریک ہوگئے ہیں۔ جنوبی ایطالیا پر مسلمانوں نے کئی دفعہ قبضہ کیا پس زمان احتلال میں بہت سے عربی الفاظ وتخیلات ایطالی (طلیانی) میں داخل ہوگئے۔ سواحل نمسا دمجر (مجارستان) بلادجہ (جہستان) ممالک بلقان (جو سابق میں دولہ عثمانیہ کے حصص تھے بلادلہ یا (لہستان) پولینڈ۔ قرم۔ قفقاسیہ (گرجستان) ان ممالک میں بواسطہ ترکی عربی نے نفوذ کیا۔

جزائر بحر متوسط، بلیارہ، قرشقہ، سردانیہ، صقلیّہ۔ مالطہ۔ اقریطش قبرص وغیرہ ان جزیروں پر عربی قبضہ مدتوں رہا۔ ان کی زبانوں میں عربی عنصر موجود ہے۔ صقلیہ، مالطہ، وغیرہ کی زبان تو مصحف عربی کہی جاتی ہے۔ یورپ کی اور زبانوں المانی، ہولندی، انگریزی، روسی، نرویجی، اسوجی، دانیمارقی وغیرہ میں جو ہزارہا عربی الفاظ پائے جاتے ہیں وہ تعلیم وتدریس کی وجہ داخل ہوئے۔

افریقیا ۔ مراکش۔ الجزائر۔ تونس۔ فزان۔ طرابلس الغرب۔ برقہ مصر۔ صحرائے عظمی کے تمام واحات (نخلستان) مثلاً سیوہ۔ جغبوب۔ اور اکوارہ یہ سب اسلامی ممالک وخطط سمجھے جاتے ہیں ان کی اصلی زبانیں بربری ہیں اور مصر کی قبطی ہے۔ لیکن عربی عنصر اسقدر غالب ہے کہ یہ عربی زبان کے مختلف لہجے (مراکشی، جزائری، تونسی۔ فزانی۔ طرابلسی وغیرہ) کہے جاتے ہیں

اور مصر کی زبان تو (جہاں قدیم الایام میں السنۂ حامیۃ یعنے ہیرو غلیفی ہیراطیقی اور قبطی بولی جاتی تھیں) اسٹانڈرڈ (ٹکسالی یا فصیح عربی سمجھی جاتی ہے۔ صحرا میں توارک (طوارق) رہتے ہیں جن کی زبانیں اصلاً بربری (حامی) ہیں لیکن عربی نے بہت نفوذ کیا ہے۔ سوڈان غربی (جو غانہ۔ ساحلِ عاج۔ ساحلِ قریب۔ ساحلِ بعید۔ داہومی۔ تمبکتو وغیرہ پر مشتمل ہے) سوڈانِ اوسط (جس میں بحیرہ شاد کے آس پاس کئی اسلامی ریاستیں۔ ادموا۔ ماسنہ وغیرہ اب تک قایم ہیں) سوڈان مصری جسکے اکثر مدیریات۔ بحر الغزال۔ کردفان۔ دارفور وغیرہ میں عربی ملکی زبان سمجھی جاتی ہے۔ حبشی (حبشہ کی) زبان کے کئی لہجے غنداری وغیرہ ہیں جنمیں سے غازی لہجہ السنۂ سامیۃ (سامی زبانوں) میں داخل ہے۔ شرقی افریقیہ میں۔ سومال۔ زنجبار سے موزنبیق تک عربی کا کامل نفوذ ہے ارض ہافون، مقدشو، کلوہ، وغیرہ عربوں کے قدیم الایام سے تجارتی مرکز رہے ہیں جزائر قمر اور دار السلام کی زبان عربی ہے۔ جنوبی افریقیہ کی ایک بڑی غیر مسلم قوم کا نام کفرہ ہے اور یہ کافر کی جمع ہے اس سے عربی نفوذ ظاہر ہے۔

آسیا۔ عرب۔ شبہ جزیرہ سینا۔ فلسطین و شام۔ بادیۃ الشام بلاد الجزیرہ و عراقِ عرب میں تو عربی ملکی زبان ہے۔ آسیا الصغریٰ (ترکی) کی زبان **عربی ترکی یا عثمانی** کہلاتی ہے۔ اس میں تمام علمی و انتظامی الفاظ عربی ہیں۔ ایران، افغانستان، و بلوچستان میں فارسی کے صدہا لہجے بولے جاتے ہیں جن میں تمام تر عربی بھری ہوئی ہے۔ ہم نے جو جدید فارسی

کی فرہنگ لکھی ہے اس پر سرسری نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ تمام جدید لغات واصطلاحات عربی ہی عربی ہیں۔ ترکستان سے لیکر خطا تک عربی کا نفوذ بہت قوی ہے۔ لیکن ان سے پرے مولستان و سیلا میں بہت ہی ضعیف ہوگیا ہے ہندوستان پر (بجز سندھ کے موقت احتلال کے) کبھی بھی عربی حکومت نصیب نہیں ہوئی۔ ابتدا سے ترک و مغل اور افاغنہ ہی فرماں روائی کرتے رہے جن کی زبان ترکی یا فارسی تھی لیکن ان کے واسطہ سے ہندوستان کی کل زبانوں میں جو عربی کا اختلاط پایا جاتا ہے وہ مدہش الفہم ہے۔ شمالی ہند کی زبانوں اور لہجوں سے آپ اصحاب بخوبی واقف ہیں اور اس امر سے بھی آپ بے علم نہ ہونگے کہ مراٹھی و گجراتی زبانوں میں تمام حکومتی و مذہبی اور بیشتر علمی الفاظ فارسی و عربی ہیں۔ مجھے کچھ جنوبی ہند کی دراوڑ زبانوں کے متعلق کہنا ہے جو اروی، (تامل) تلنگی (آندھر) کنڑی۔ ملیالم۔ تولو وغیرہ ہیں ان زبانوں کے اخلاط میں عربی بمنزلہ خون کے ہے۔ احاطۂ مدراس میں (جو دراوڑ بھاشاؤں کا جنم بھوم ہے) کنیا کماری تک بلکہ لنکا میں بھی جتنی ملکی و مالی و انتظامی اصطلاحات ہیں وہ اکثر و بیشتر عربی و فارسی میں ان میں صدہا اقتصادی و تجارتی الفاظ ہیں جو عربی کی تصحیف معلوم ہوتے ہیں۔ مثال میں ہم اس قسم کے الفاظ کا دریا بہانے کو مستعد ہیں لیکن وضع الشئ فی غیر محلہ اور طوالت کے خیال سے باز رہتے ہیں۔

جنوبی ہند کے بعض جزائر محل دیب (مالدیب) امین دو وغیرہ میں اسلامی حکومت و اثر ہنوز باقی ہے اس لئے اگر ان کی زبانوں میں عربی کا غلبہ

ہو تو کوئی تعجب نہیں لیکن بحر ہند کے تمام ٹاپوؤں کی زبان ہی جو ملایا (صحیح ملے)
کہلاتی ہے عربی و فارسی کا اختلاط بحیرہ زا ہے اسی بناء پر علامہ سمانے تلنے
کو اسلامی زبانوں میں شریک کرلیا ہے۔ از جمیل ہند مشرقی کے اکثر جزیروں
جابہ (جاوہ) اَجہ (آچین) فلپین وغیرہ میں عربی حکومت و تجارت ایک
عرصۂ ممتد تک رہی لہٰذا ان میں عربی عموماً سمجھی جاتی ہے۔ واضح ہو کہ
عربی کے ان تمام لہجوں میں بہت ہی فرق ہے۔ مصری و شامی عربی میں
جو دو متصل اقطار کی زبانیں ہیں بڑی مغایرت ہے حتیٰ کہ خود عرب کے مختلف
لہجے۔ حجازی، یمانی، حضرمی، عمانی، عراقی، ربعی، نجدی، جزری وغیرہ
میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس سے آپ حضرات سمجھ سکتے ہیں کہ اندلسی
اور جابی (جاوہ کی عربی) میں جنمیں چار چار برّ اعظم حائل ہیں بعد المغرب و
المشرق کیوں نہ ہو۔

واضح ہو کہ اگر فضل خدا شامل حال رہا تو ہمارا مصمم ارادہ ہے کہ باقی حصص
یعنے سنسکرت ہندی وغیرہ کے لغت بھی جداگانہ طبع و شایع کرائے جائیں
آخراً و نہایۃً قارئین کرام و مطالعین عظام سے توقع ہے کہ جو اسقام
بے ترتیبی اور سہو کتابت سے اِس قاموس میں پیدا ہوگئے ہیں ان سے مجھے
معاف فرمائیں گے اصل میں میں نے یہ کتاب کاغذ کے قطعات پر لکھی تھی جنکو
بہ ترتیب حروف تہجی مرتب کرکے تبییض کے لیے کاتب کو دیدیا گیا تھا۔ لیکن
بے اعتنائی کے سبب ترتیب درہم برہم ہوگئی اور کچھ چٹھیاں مفقود ہوگئیں۔
معرف الفاظ۔ الف لام میں درج کرد ئے گئے۔ اِعراب کی صحت تو ہندوستانی

کاتبین سے ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے یہی وجہ تھی کہ فرہنگ فارسی جدید کے وقت کاپی خود مؤلف کو لکھنی پڑی۔ لیکن القاموس الجدید کے طبع کے وقت مؤلف اپنے مقر الحکومتہ پر تھا۔ پروف تک خود نہیں دیکھے۔

ناظرین اس کتاب میں ایک اور قسم کی غلطی بھی پائیں گے جو کثیر الوقوع ہے عربی نحو کی رُو سے اسما وصفات دونوں پر الف ولام تعریفی لانا ضرور ہے لیکن ہندوستان اور ایران کے علماء فقط صفات کے ساتھ الف۔ لام استعمال کرتے ہیں مثلاً بیت المقدس، آثار الباقیہ، عدالت العالیہ (صحیح۔ البیت المقدس۔ الآثار الباقیہ۔ العدالۃ العالیہ) اگرچہ متنند نحاۃ عربی نے بھی اس کے جائز کرنے میں بہت کچھ تاویلیں کی ہیں لیکن احتراز مستحسن ہے۔ اِن امور مافات کی کامل تلافی طبع ثانی میں انشاء اللہ ضرور کردی جائیگی

نیازمند

راجیسوراؤ

سنہ ۱۳۴۳ھ

باب الف ممدودہ

آباء - جمع (اَب) باپ دادا -

آبارِ ارتوازیہ - وہ کنواں جو کل کے ذریعے کھدوایا جاتا ہے -

آتِش - فیر کرو - داغو - شلک کرو

آتِش جی - انجن کی آگ کا خبرگیر - آتشبان -

آثارِ قدیمہ - قدیم یادگار چیزیں - مثلاً عمارات وابنیہ آلات -

آثارِی } آثار قدیمہ کا عالم - علم آثار قدیمہ کا ماہر
آثِرمی } آرکیالوجسٹ

آدابُ اللغۃ - لٹریچر - ادب -

آدابِ عمومیّہ - اخلاق عامّہ -

آستانہ - استنبول - دراصل ترکی وزراء کے اجلاس کرنے کی عمارت کا نام ہے جسکو (باب عالی) کہتے ہیں - واضح ہو کہ شام ومصر میں عموماً استانہ کہتے ہیں -

آغا - خواجہ سرا -

آفندِی - صاحب - مسٹر -

آرفیشتا - درشنی ہنڈی -

آقاسی - مہتمم دیوان خانۂ شاہی -

آکسیجن - ایک عنصر (غاز)

آلاتُ الحرب - جنگ کے ہتھیار -

آلاتِی - علم الآلات کا عالم -

آلامی - رجمنٹ -

آلۃُ البخار - اسٹیم انجن

آلۃ تکسیر البندق - سروتا -

آلہ خیاطت - سینے کی کل -

آلۃُ الطرب - موسیقی کا آلہ -

آلۂ کاتبہ - ٹائپ رائٹر

آلۃُ المتکلمہ - ٹیلیفون -

آلۃُ الملاہی - موسیقی کا ایک آلہ -

آلہ رافعہ - لفٹنگ - پمپ -

آمِص - (معرب فارسی آمیخ یا خامیز) ایک قسم کا طعام جو بچھڑے کے گوشت سے تیار کیا جاتا ہے -

آنِسہ - دوشیزہ - بن بیاہی لڑکی - مس آوانس جمع -

باب الف مقصورہ

اَب - مسیحی لوگ پادری کو اَب کرکے پکارتے ہیں

اَبار - جلا ہوا سیسہ - کالا سیسہ - معرب خستہ سرسیاہ

اَبار - سوئی بنانے والا -

آبازن - جمع (ابزن) ٹب نہانے کا برتن -

آبازیر - جمع (آبزار) معرب (افزار) فارسی کا گرم مصالحہ جیسے سیاہ مرچ - دارچینی - زیرہ وغیرہ

آبالہ } فارسی میں (پالہ) ہے - لکڑیوں کا
اِبالہ } بڑا گٹھا -

اِبدال الاَشہُم - حصص کی تبدیلی -

اِبراز التذکرہ - تیقیح ٹکٹ - چکننگ

آبرامیس - ایک قسم کی مچھلی جس کا کھانا معدہ کو مضر ہے -

اِبرۃ الانحطاط - قطب نما کی سوئی

اِبرۃ البوصلہ - قطب نما کی سوئی

اِبرۃ الملاحین - قطب نما - کمپاس

آبرشیہ - دائرہ حکومت اسقف مذہبی اثر -

آبرل } انگریزی چوتھا مہینہ اپریل -
اِبریل }

ابریج - زرخالص معرب ہے فارسی (آب ریز) کا - دو دھ یا چھاچھ کا برتن -

اِبریز - خالص سونا - کندن - (معرب ہے ابروزن) کا

اِبرِیسَم - معرب فارسی (ابریشم) حریر - ریشم -

اِبریشم - ریشم

اِبریق الشاء - چائےدان - سماوار

آبزار - گرم مصالحہ جیسے سیاہ مرچ دارچینی وغیرہ

ابزن - معرب ہے - فارسی (آبزن) نہانیکا برتن - ٹب جمع آبازن

اِبزیم - بقول بعض معرب یا دخیل اور بقول بعض مشتق برم سے بمعنی دندان پیشین گزیدن - بکسوا - بک - (ابازیم) جمع

اِبطال المشارطہ - عہد کا ٹوٹ جانا -

آبطح - گھاٹی -

آبعادیۃ } جاگیر وہ قطعہ زمین جو حاکم وقت
آبعدیہ } سے کسی کو بلا محصول عطا ہو -

آبق - (دخیل) سریانی - ایک قسم کا کتان جسکو (قنب) کہتے ہیں اور جسکی چھال سے رسی بنتے ہیں -

آبقر - قلمی شورہ -

آبلق - معرب ہے فارسی (املک) کا

دو رنگ خصوصاً سیاہ و سپید -

اَبلُوج - معرب فارسی (آب لوج) کا قند سفید یعنی شکر -

اِبلِیزِ / اِبلِیتِس - (یونانی) ایک سیاہ شے ہے جسکو دریائے نیل سواحل پر پھینکدیتا ہے جو مفید زراعت ہوتی ہے - یہ معرب یونانی (پیلوس) ہے -

اِبنِ بالذَخیرہ - متبنی لڑکا -

اِبنِ شاطِر - آوارہ لڑکا -

آبنُوس - (معرب یونانی ابنیاس) آبنوس ایک سیاہ رنگ کا درخت

اَبنِیَہ میریَہ - سرکاری عمارت -

اَبُوالبَرص - چھپکلی -

اَبُوالذَّہب - کھٹمل -

اَبُوالرَّکب - انفلوانزا -

ابوالرِّیاح - بادنما -

اَبُوالکَبِیر - ہینگ - حلتت -

اَبُوالمُصَلِح - نمک

اَبُوالنَظَّارَہ - عینک لگانے والا

اَبُوالنَّوم - تخم خشخاش

اَبُوالہَول - مصر کا ایک مشہور سنگی بت

اَبُوزَدُو - (معرب) رومی کشتی، کشتی کے اوپر کی طرف جدھر سے لوگ کشتی میں سوار ہوتے ہیں کشتی کی بالائی سطح جس پر لوگ بیٹھتے ہیں -

اَبُوزاجِر - کوّا - غراب -

اَبُوفَروَہ - درخت شاہ بلوط -

اَبُوقلمون - ایک قسم کا کپڑا جو رنگارنگ جھلک دیتا ہے - گرگٹ -

اَبُوقیر - باپ سردار - بزرگ - خدا کا نام - یہ معرب یونانی (ابکریوس) ہے -

اَبُولیس - معرب یونانی (ابولس) ورم لثہ - مسوڑوں کا درد -

اَبیَض - سفید (بیض) جمع - مجازاً یوروپین گورے لوگ -

اَبِیل - (ارامی) راہب

اِبیلُو - ابیل - مرافعہ -

اتاموجور - معرب اٹاٹ میجر - ایک اعلیٰ خدمت کا نام ہے -

اتاناسیا - (معرب یونانی اتنیسیا) ایک دوا کا نام ہے -

اتجاہ الرَّمی - توپ کی سیدھ

اِتّحادِ الذّمّہ - مال یا جائداد کا محفوظ ہونا-

اِتّحادی - ملک انگلستان کی ایک سیاسی جماعت جو موجودہ طرز حکومت کو قائم رکھنا چاہتی ہے- کنسرویٹو پارٹی-

اتحادیوں جمع

اُتْرُجَّہ - ترنج نارنگی (چونکہ اس کے چھلکے پر چین و شکن ہوتے ہیں اسلئے یہ میوہ اس نام سے موسوم ہوا-

اُتْرُنج - (معرب فارسی ترنج) نارنگی

اَتعاب - اجر- معاوضہ- محصول- کرایہ فیس- (تعب) کی جمع

اَتعاب فاحص - حساب کی فیس یا اجرت -

اِتّفاق - معاہدہ -

اِتّفاقیہ - معاہدہ -

اِتّکات - تعظیم تکریم- حسن اخلاق سے پیش آنا- آداب مجلس-

اَتنوغرافی - (معرب اتناگرافی) آثار قدیمہ کا عجائب خانہ- نمایش گاہ- واضح ہو کہ یہ معنی غلط ہیں- اس کے صحیح معنی علم الاقوام کے ہیں -

اَتّون - تنور، بھٹی- بقول بعض ارامی ہے اور بقول بعض عبرانی عتون سے مشتق ہے جسکے معنی (تنور- بھٹی) کے ہیں -

اُتّومُس - (معرب انوس یونانی) ایک قسم کی مچھلی-

اتّون کلس - چونے کی بھٹی -

اُنثا - زن - عورت - استری -

اَثاث }
اَمتعہ } فرنیچر

اَثاث المنزل - اسباب- گھر کا فرنیچر

آثار محفورہ متحجرہ - زمین سے کھدے ہوئے اور پتھر کے بنے ہوئے حیوانی یا نباتی اجسام-

اثبات - شہادت-

اِثبات الخبیر - شناسندۂ خط کی گواہی-

اِثبات بالکتابتہ- دستاویزی شہادت -

اَثری - دیکھو (آثاری) آثار قدیمہ کا عالم-

اَثریۃ - قدیم چیزوں کا علم-

اَثریت - وراثت -

اَثیر - (معرب یونانی اغیرا) ایک قسم کی مٹی جو طبرستان میں کھائی جاتی ہے -

اَثیر۔ ایک لطیف سیال شے جو نور و حرارت کے ایصال و انتقال کا باعث ہے یہ معرب یونانی ہے وہ لطیف مادہ جو فضائے آسمانی میں پھیلا ہوا ہے۔

اَثِینا۔ اَثِینَہ۔ (معرب ایتھنز) ملک یونان کا دارالسلطنۃ

اَجَاجِیر (اَجَاجِر و اَجَاجِیر) جمع ہے اَجّار کی۔ بام خانہ

اَجَار۔ (معرب ارامی) بام خانہ

اِجَازَہ۔ اجازت۔ رخصت۔

اَجَانَۃ۔ (معرب یونانی انگیاں) پیالہ (اجاجین) جمع

اِجبَارِی۔ لازمی۔ اضطراری

اِجبَارِی تعلیم۔ لازمی یا حکمی تعلیم۔ وہ تعلیم جو سرکاری حکم کے موافق رعایا کو دلائی جائے۔

اِجتِذَابِ مُلَاصِقَہ۔ مادہ کے اجزا کی کشش۔

اِجتِمَاع۔ معاشرت۔ سوسائٹی۔

اِجتِمَاعِ دُوَلِی۔ سلطنتوں کی کانفرنس یا اجلاس۔

اِجتِمَاعِی۔ معاشرتی۔ سوشیل۔

اِجتِہَاد۔ محنت۔

اِجرَاءات۔ کارروائی۔ معاملہ۔

اِجرَاءاتِ اِدَارِیَّہ۔ انتظامی تدابیر

اِجرَاءاتِ تَحَفُّظِیَّہ۔ احتیاطی تدابیر۔ ضمانت کی تدبیریں۔ ضمانت کی چارہ کاریاں۔ تدابیر حفظ ما تقدم

اِجرَاءاتِ حُکُومَۃ۔ سرکاری کام یا تدابیر۔

اِجرَاءاتِ مَجلِسِ عَسکَرِی۔ فوجی کارروائیاں کورٹ مارشل کی کارروائیاں۔

اِجرَاءُ الرِّوَایَا۔ ناٹک کے کھیل انجام دینا۔

اِجرَاءاتِ وَقتِیَّہ۔ چند روزہ تدابیر۔ ہنگامی تدابیر۔

اِجرَائِی۔ تعمیلی۔ اگزیکیوٹو

اُجرَۃ۔ محصول۔ کرایہ۔ مزدوری

اُجرَۃُ الاِیدَاع۔ امانت کا معاوضہ۔

اُجرَۃُ البَرِید۔ ڈاک کا محصول۔ پوسٹیج

اُجرَۃُ القَارِبِ بَحرِیَّہ۔ کشتی میں باربرداری اور حمل اسباب کی فیس

اُجرَۃُ النَّقل۔ باربرداری کا خرچ

اُجرَہ۔ محصول دینا۔

اَجزَاخانہ - فروخت ادویہ کی شاپ -
فارمیسی -
اَجزَائے مُرکّبَہ - وہ عناصر جن سے کوئی
جسم بنتا ہے -
اَجزَائِجی - دوافروش - عطار -
دوا بیچنے والا -
اجزائی - عطار - دوافروش -
اَجزَائیَہ - دوافروش کی دکان -
اِجماد - جمانا -
اَجنبی - غیر ملکی - پردیسی - (اجانب) جمع
اَجودَان - (معرب ترکی) عرض بیگی - ریڈی
کیمپ -
اَجوَق - (معرب فارسی جورغ) گردن کی
موٹائی -
اَجیَال مُتوَسِطَہ - دیکھو (قرون متوسطہ)
اَجیِر - مزدور -
اَحَافِیر - زمین سے نکلا ہوا اور پتھرایا ہوا
جانور یا درخت - فاسلز -
اِحَالَۃُ الدَّعوٰی - نئی تحقیقات
اِحتجَاب - اخبار یا پرچے کا بند ہونا -
اِحتجَاج - وکالت - حمایت - اسباب -
ناراضی اور وجود مخالفت پیش کرنا -
اِحتِسَاب - قانع رہنا - خیال کرنا -
اِحتِفَال - رچانا - منانا - ادا سے رسم
جلسہ کا منعقد ہونا - جمع -
اَحتِفَالُ السَّنَوِی - سالانہ جلسہ
اَحتِکَار - اجارہ یا ٹھیکہ لینا
اَحتِکَاک - رگڑنا - رگڑ
اِحتِلَال - ملک پر کسی قوم کا قبضہ کرلینا
اَحتِیَاطِی - محفوظ
اِحتِیَال - حصول مال بذریعہ فریب و دغا -
احداث الثروۃ - دولت کی پیداوار -
اَحَدُالشّعَانِین - عیسائیوں کی ایک عید -
اَحذِیَہ - جوتے
اَحرَار - جمع (حر) آزاد خیال - لبرل
اِحرَاز - حاصل کرنا - پناہ دینا - خبرگیری کرنا -
اَحسَر - قصیر النظر - شارٹ سائٹڈ
اِحصَار - مردم شماری - شمار کرنا - گننا -
اِحصَاءُ النُّفُوس - مردم شماری
اخبارات تِلغرافِیَہ - تار برقی کی خبریں -
اَخبَار دَاخِلِیَہ - ملکی خبریں
اَخبَار کَاذِب - جھوٹی خبر دینا

اَخطَبُوط ۔ (معرب یونانی آکٹو پوس)
ایک دریائی چھوٹا جانور جس کے آٹھ
ہاتھ پیر ہوتے ہیں ۔
اِختصاص قاضی الاِحَالَہ ۔ کٹنگ مجسٹریٹ
کا اقتدار ۔
اِختِصَاصی ۔ کسی خاص فن کا ماہر ۔ خاص کام کا
اِختلاس ۔ خیانت ۔ مالک کے مال میں
تصرف کرنا ۔
اِختلال کُلی ۔ بے بادشاہی ۔ بدانتظامی ۔
اختیارِ ضمنی ۔ اعتباری انتخاب ۔
اِخصَاء ۔ خاص فن میں ماہر ہونا ۔
اِخصائی ۔ کسی خاص فن میں ماہر
اَخفَاءِ الجانی ۔ مجرم کو پناہ دینا ۔
اَخنَان ۔ جمع (خن) جو فارسی خانہ کا
معرب ہے ۔ گاڑی کا کمپونڈ خانہ ۔
جانوروں مثل کبوتروں اور مرغ وغیرہ
کے لیجانے کے لئے ریل گاڑی میں
علیحدہ خانے بنے ہوئے ہوتے ہیں ۔

اَخور ۔ اصطبل ۔
اَخیُون ۔ (معرب یونانی اخیان) گاؤزبان
اِدارَہ ۔ انتظام ۔ اہتمام ۔ سررشتہ
دفتر ۔ محکمہ ۔
اِدارۃُ البَضَائِع ۔ سامان سررشتہ ۔
اِدارۃُ البُوسطہ ۔ ڈاک خانہ ۔ پوسٹ آفس
اِدارۃُ التَخزِینَہ ۔ پے اینڈ کیش آفس ۔
اِدارۃُ العُصَاۃ ۔ باغیوں کی حکومت ۔
اِدارۃ سِکَّۃُ الحَدِید ۔ انتظام ریلوے
کا دفتر ۔
اِدارۃ آمورِ الجَزائیَہ ۔ اختیار سماعت
صیغہ فوجداری ۔
اِدارۃ امورِ العسکریَہ ۔ فوجی تنظیم
و تنسیق ۔ لشکری انتظام ۔
اِدارۃ تجَارِی ۔ سررشتہ تجارت
اِدارہ زَرعِی ۔ سررشتہ زراعت ۔
اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ ۔
اِدارہ سِیَاسِیَّہ ۔ ملکی یا سلطنت کے
امور کے متعلق تدبیر یا انتظام
اِدارۂ صِنَاعِی ۔ سررشتہ صنعت وحرفت
اِدارۂ عمُومِیَّہ ۔ عام انتظام
اِدارۂ مالِیَّہ ۔ سررشتۂ مال کا انتظام
فینانشل اڈمنسٹریشن زیر سرکاری یا
مالگذاری کے متعلق اہتمام و انتظام

اِدارۂ مجلس الجنایات - انتظام عدالت فوجداری -

اِدارۂ مدنیۃ - دیوانی انتظام - ملکی نظم و نسق -

اِدارۂ منفردہ - وہ انتظام جو علیحدہ اور الگ ہو -

اِدارۂ ملکیۃ - سیول اڈمنسٹریشن -

اِدارۂ منتظمہ - انتظام بموجب آئین و قوانین -

اودب خانہ - پایخانہ

اَدبی - اخلاقی - لٹریری -

اِدخان - لفظی دھواں نکالنا - (جدید عربی - حقہ یا سگریٹ پینا)

اِدراج - درج کرنا - خبر یا مضمون کا اخبار میں شائع کرنا -

ادرنۃ - اڈریانوپل - جو قسطنطنیہ کو لینے سے پہلے یورپی ترک کا پائے تخت رہا -

اِدرس - سپاس نامہ اڈریس

اَدلہ - امر بدیہی وہ حقائق جن کو سچ مان لیا گیا ہے اور جن کے ثبوت کی ضرورت نہیں ہے اولیات

اِدلہ محسوسہ - مادی شہادتیں -

اَدوات - آلات -

ادوات اللعب - کھلونے

اَدوات النقل - باربرداری کے آلات -

اَدوارد - معرب عیسائی نام (اڈورڈ) کا -

آذار - رومیوں کا مہینہ جو مارچ سے مطابق ہے -

اِذاعۃ - / تذکرۂ عمومیۃ } سرکلر گشتی - جریدہ اسلامیہ

اذری - آذربائیجان کا رہنے والا -

اراجیل - تنکاری -

اِرادۂ سنیۃ - فرمان سلطانی منشور - توقیع -

اَراضی سلطانیہ - شاہی جائداد یا زمین -

اَراضی میریۃ - سرکاری جائداد یا زمین -

ارباب البضائع - تاجران

اَرباب السفارۃ - ایلچی سفرا -

اَرباب السیاسۃ - مدبرین ملک

اَرباب الکارات - دستکاراں - کاریگراں -

ارباب المناصب - حکام سرکاری

اَرباح متحصلہ - اخیر فوائد

اَرباح مقتسمہ - وہ رسدی حصہ جو کسی

تجارت یا روزگار میں فی صدی کے
حساب سے منافعہ یا سود کو بانٹ کر
ہر ایک شریک کو ملے ۔
اَرْبان ۔ جھینگا ۔ مچھلی ۔ گل بابونہ
اِرْتباطِ کیمیائی ۔ وہ کشش جو اجزاے
صغیر (جواہر فرد) میں واقع ہو
اِرْتجازُ الرَّعد ۔ گرج ۔ کڑک ۔
اِرْتداد ۔ واپس کرنا ۔ لوٹا دینا ۔ ری ایکشن ۔
اِرْتزاق ۔ نوکری ۔ ملازمت ۔
اِرْتسام ۔ بچے کو عیسائی بنانا ۔
اِرْتفاعُ الاَسعار ۔ قیمت کا بڑھ جانا ۔
اِرْتفاعُ التطہیر ۔ سب سے بڑی بولی ۔
اِرْتفاعُ السّعر ۔ بھاؤ کا بڑھنا ۔
اِرْتقاء ۔ ڈارون کا وہ مسئلہ جس میں ہر ایک
نوع کی ترقی تدریجاً لازم کی گئی ہے
مسئلہ کون ۔
اِرْتکابِ جنائیہ ۔ جرم کرنا ۔
اَرْثماطیقی ۔ حساب ۔ علم حساب ۔ ارتھمٹک
اُرْتہ ۔ پلٹن ۔
اُرْتہ سواری ۔ اسکواڈرن
اَرْثوذکس ۔ آرتھوڈکس ۔ وہ عیسائی فرقہ
جو خالص بائبل کی تعلیم کا معتقد ہو ۔
اِرْجا ۔ تاریخ ابتدا مقرر کرنا ۔ التوا ۔
اِرْجاف ۔ شورش خبر دینا ۔
اَرْجوان (ف) معرب ہے ارغوان کا جو ایک
سرخ رنگ پھول ہے) سرخ جامہ
سرخ کپڑا ۔ سرخ ۔ لال ۔
اَرْجوتانت جنرل ۔ ایک فوجی افسر
اوجیٹنٹ جنرل ۔
اُرْجوجہ ۔ جھولا ۔
اَرْجیذ ۔ قلعہ دار ۔ امیر قلعہ ۔ فرمان فرما
قلعہ دار ۔ بزرگ ۔
اَرْخبیل ۔ مجمع الجزائر ۔ جزیروں کا مجموعہ ۔
اَرْخنج ۔ رخنہ ۔ نہر خرد ۔
اَرْخول ۔ دیکھو (ارخون)
اَرْخون ۔ معرب یونانی (آرخون) مقدم وہ
گاؤں کا چودھری ۔ گاؤں کا پٹیل
اِرْدب ۔ قدیم قبطی سے بواسطہ یونانی ارتبی
سے معرب ہوا ممالک مصر کا ایک پیمانہ
جو ۲۴ صاع وزن کا ہے اور سوکھی چیزوں کے
ناپنے میں برتا جاتا ہے ۔
اِرْذل ۔ مرد نازک اندام ۔ پیر گوشت ۔ شریف بزرگ

اُردک - راج ہنس - قاز - بڑی بطخ -
اَردمُونا - معرب یونانی اربتون بواسطۂ سریانی) بادبان کشتی -
اُردنَّ - بیت المقدس کا دریا جو بحیرۂ گلیلی (بحر جلیل) میں سے ہوکر بحیرۂ لوط میں گرتا ہے عیسائی لوگ اسے مقدس مانتے ہیں -
(۲) دریائے جورڈن کے پانی رکھنے کی بوتل
اُردِنانس - محافظ
اَردو - (معرب ترکی) لشکر - کیمپ -
اردُواز - (معرب فرانسیسی اَردواز) سلیٹ کی تختی -
اُردوی سالدات - قوم سلجوق کی چھاؤنی -
اُردہ کول - پر اقطار
اِرزاف - جلدی کرنا -
اِرزبۃ - لوہے کی سلاخ
اَرزَن - ایک قسم کا پہاڑی بادام کا درخت جو بڑا تلخ ہوتا ہے دوائیوں میں کام آتا ہے اسکی لکڑی کا عصا بناتے ہیں جیسے العصا الارزنیۃ
اِرساءَ - جہاز یا کشتی کا لنگر ڈالنا -
اِرسالیۃ - کمیشن یا جماعت جو کسی کام کے لیئے بھیجی جائے - وفد - شئے مرسلہ - مہم -
اُرستقراطیۃ - (معرب ارسٹاک ریسی) حکومت کی وہ طرز جو امرا کے ذریعے کیجاتی ہے -
اَرسِنال - توپ خانہ - مخزن - سلاح خانہ
اَرشدوک - (معرب اطالیانی ارش ڈیوک مغرس آرچ ڈیوک) امیر کبیر - اعظم الامرا امیر الامرا - شاہی خاندان کا شاہزادہ
اَرض قابلۃ الحراثۃ - مزروعہ زمین قابل کاشت اراضی -
اَرض مرشمہ - آبی زمین تری
اَرضیۃ - وہ محصول جو مدت معینہ میں اشیا کے وصول نہ کرنے سے عاید ہوتا ہے بندرگاہ میں جہاز کے زیادہ ٹھہرانے کا کرایہ - دیمرج
اَرضیۃ جمرک - بندرگاہ پر جہاز کے زیادہ ٹھہرانے کا تاوان -
اَرطبُون - دیکھو (اطربون)
اَرغالی - } ایک جانور جو نیل گاے کی
ارقالی - } سی شکل وصورت کا ہوتا ہے اور اس کے سر پر دو لال سینگ ہوتے ہیں -

اُرْغُوْل - بانسلی - بانسری -
اَرْغالی - دیکھو (ارغالی)
اَرْقَعْ - بے وقوف - احمق
اَرْقَنا - (معرب یونانی ارگنان) ارغنون جو ایک مشہور باجا ہے -
اَرک - گنبد - محراب
ارکانِ حرب } فوجی اسٹاف
اَرْکانِ حربیّہ }
ارکانِ رکینہ - صحیح اصول
اَرْکُون - حاکم - امیر - گانوں کا پٹیل -
اَرْگیلَہ - نارجیلہ - حقہ
اَرْمَلَۃُ السلطان - بادشاہ مرحوم کی بیگم -
اِرمید - اینٹ - خشت -
اِرْمِیْ سِلاحِک - ہتھیار رکھ دو -
اَرْناوُد - } صوبہ البانیہ کے باشندے -
اَرْناوُط }
اُرْنِیک - نمونہ مسطر
اَرَنْدَج - جوتے کی سیاہی - جوتے کی پالش -
اُرْنیک - دیکھو (اورنک)

اَرْوام - جمع (رومی) روم کے رہنے والے - باشندۂ روم -
اَرْیا - شیر - اسد - باگھ (اریان) جمع -
اَرْیاف - جمع (ریف) قریہ - بادیہ - سرسبز کھیت - سیر حاصل مزرعہ - سرسبز زمین - شاداب زمین -
اَرْیان - جمع (اریا) شیر - اسد - باگھ
اَرْیِس - امیر
اِزْبَرْتُو - (معرب اسپرٹ) جوہر شراب جوہر روح -
اِزْرکان - (معرب فارسی) گل سرخ
اَزَج - برآمدہ - سایہ دار - راہ
اِزْدِرار - حقارت - تحقیر -
اِزْدَرَخت - (معرب آزاد درخت) آسمانی رنگ -
اَزْمَہ - آزمایش کا وقت - جوکھوں کا وقت نازک وقت -
اَزْمَہ تجارِیّہ - تجارتی نازک وقت
اَزْمہ عمومِیّہ - ضرورت عامہ
اِزْمیر - شہر سمرنا
اِزْمِیل - چھینی - برما سوراخ کرنے کا

اِزمیلی - راینی - (آزامیل) جمع
اُزنکان - گیرو - پیلی مٹی -
اُزون - ایک لطیف ہوا
اَزہران - سورج اور چاند -
اَزیب - (معرب) جنوبی ہوا -
اَساس - محافظ خانہ - بنیاد - اصل مرکز فوج کا
اَساطِیر الجاہلیہ - علم الاصنام - میتھالوجی
اسباب الاباحۃ - بے جرمی کے حالات -
اسباب مخففہ جرمیہ - وہ حالات جن سے تخفیف جرم ہو -
اِسبَان - اسپین کے باشندے
اِسبتالیہ - دواخانہ - دارالشفاء -
اِسبتالیہ میدان - فیلڈ اسپتال جنگ کا شفاخانہ -
اِسبانیہ - ہسپانیہ - اسپین
اِسبانیول - اسپین کے باشندے -
اِستار - گنڈا (چار عدد)
اِستانہ - ملاحظہ ہو لفظ (آستانہ)
اِستِبداد - بادشاہ یا حاکم کی خودمختاری خودرائی شخصیت -

اِستبدال الدین - تجدید قرض
اِستجواب - بند سوالات -
استجواب الاخصام - بند سوالات
استجواب الشہود - سوالات جرح -
اِستحقاق وفافوری - فوری تعمیل
اِستحکام - مورچہ بندی کرنا -
اِستحکام امامیہ - فصیل کے باہر کی روک تھام -
اِستحمام - غسل کرنا نہانا -
اِستخدام - کسی چیز کو کسی کام میں لانا -
اِستِرداد - دعوی کرنا - استغاثہ کرنا -
اِستِسلام - لینا - وصول پانا
اِستعداد - طیاری - جنگی سامان سے طیار ہونا -
اِستعراض - جائزہ لینا
اِستعلام رسمی - سرکاری مطالبہ
اِستعمار - نو آباد کرنا
اِستقالہ - استعفا دینا
اِستقلال - خودمختار ہونا -
اِستقلال مدنی - کسی ریاست کے رہنے والوں کا اپنے حقوق پر بلا مداخلت متصرف رہنا -

اِسْتِقْلَالِ مُنْحَصِرہ - محدود الاقتدار سلطنت
اِسْتِقْلَالِ موقّتہ - ہنگامی سلطنت
اِسْتِقْلالیہ - بادشاہت -
اِسْتِکْشَاف - فوج کشی یا غنیم کے حال کو
دریافت کرنے کے لئے فوج کا ابتدائی
ملاحظہ
اِسْتِلَام - لینا - وصول پانا -
اِسْتِلْفَات - متوجہ کرنا -
اِسْتِمَارہ - (ایطالیانی) آفیشیل فارم
کاغذات احکام -
اِسْتِنَارۃ الفکر - روشن خیالی -
اِسْتِنْتَاج - کسی امر سے کوئی نتیجہ نکالنا -
اِسْتِنْطَاق - استفسار - بازپرس -
جوابدہی - کورٹ آف انکوری
اِسْتِنْطَاقِ الشہود - سوالات جرح -
اسٹوکہلم - شہر اسٹاک ہوم
اِسْتِہْلَاک - قرض کا وصول نہ ہونا -
اِسْتِئْنَاف - مرافعہ اپیل
اِسْتِئْنَافِ اصلی - عام یا مقررہ مرافعہ
معمولی اپیل -
اِسْتِئْنَافِ جِنَائِیَّہ - مرافعہ فوجداری -

اِسْتِئْنَافِ مدنی - مرافعہ دیوانی -
اَسْعَارِ نَازِلَہ - کم ہونے والی قیمتیں
اِسْتِیدَاعُ الْعَفْش - گاڑی میں اسباب
بھرنا یا رکھنا - امانت چھوڑ دینا -
اسروب - جبت - سیہ
اَسْطِریا - آسٹریا - یورپ کا ایک ملک
اَسطرلیا - ملک آسٹریلیا
اُسْطُول - جنگی جہازوں کا بیڑہ - جمع اساطیل
اسطوانہ - پھولدار موٹا کپڑا
اِسْفَنْجَہ - اسفنج کا معرب -
اسپانخ - تارکول -
اِسْقَاط - کمی گھٹاؤ - الونس کمیشن - منی کاٹا -
اُسْقُف - بشپ - جمع اساقفہ -
اِسْکَافی - موچی جوتی گانٹھنے والا -
اِسْکَلَہ - بندرگاہ جمع اساکل
اِسکنجی - درجہ دوم
اِسمنت - پلاسٹر
اَسْمِی - برائے نام -
اِسْکَمْلَہ - تپائی - مونڈھا -
اِسْکَمناس - اگزیمین
اِسْکُوتْلِیَا - اسکاٹ لینڈ

اَسُوج - عربی میں ملک سویڈن کا نام ہے۔
اَسْہُم عَادِیَّہ - عام حصص -
آسِیا - ایشیا - شرقی برِّ اعظم
آسِیا الصغریٰ - ایشیائے کوچک
آسِیا الوسطیٰ - سنٹرل ایشیا
اسِیر - جنگی قیدی -
اشارات - (جمع اشارہ) طویل لفظوں کا مختصر کرنا - جیسے علیگڈھ کا (علیگ)
اِشارہ - سگنل
اِشارہ جی - سگنلر
اَشابَ - سگنل - اوباش لوگوں کا غل غپاڑا
اَشْبَاحُ المَال - مویشی جو نظر ڈالنے سے معلوم ہو جائیں -
اِشْتِراک - امداد باہمی - کوآپریشن
اخبار کتاب موقت الشیوع کی خریداری بذریعہ اندراج نام چندہ -
اِشتراکی - محنت پیشہ لوگوں کی بہتری چاہنے والا - (اشتراکیون) جمع
اِشتراکیہ - شوشلزم - انقسام جائداد میں حال سے زیادہ مساوات پیدا کرنے کی تجویز -

اشتراکی - شوشل - اجتماعی
اِسْتُوب - تنب - بنگ
اُشْتوم - دہن - منہ - بات کرنا -
اَشْتِیَام - مہر کرنے والا - سردار کشتی وہ الدار شخص جو کشتی میں ہو -
اَشَدّ - زیادہ موٹا -
اِشْرَاقہ - آزاد لونڈی جو آزاد ہونے کے بعد کسی کے نکاح میں آئی ہو
اِشْعَاع - حرارت (گرمی) کا نکلنا
اَشْغَال - کام - کار - اُمور
اَشْغَال شاقہ - مشقت تعزیری
اَشْغَال عمومیّہ - امور تعمیرات عامہ - پبلک ورکس -
اَشْغَال میریّہ - سرکاری کام
اَشْغَال نافعہ - کارہائے رفاہِ عام -
اَشقَی - ستالی - ورفش -
اِشقیل - جنگلی پیاز
اِشکین - گھوڑے کی ایک رفتار
اَشْل - رسن - رسی
اَشْلَا - فوج - لشکر
اَشْمَعَت - قوم بنی اسرائیل کی ایک

بڑی جماعت

اِشْمِئزاز - نفرت - مخالفت طبعی -

اَشْنان - ایک قسم کی گھاس جس سے کپڑے دھوتے ہیں -

اَشنانداِنہ - ایک برتن جس میں ہاتھ دھونے کا سامان رکھا جاتا ہے -

اِشْہار افلاس - دیوالہ کا اظہار

اَشغال الألعاب - تماشے -

اِصَابَۃ - ہیضہ کا کیس - مقدمہ - نالش معاملہ -

اِصَابَۃُ البحر - سمندر کے ڈکیتی -

اِصابۃ الطّاعُون - ہیضہ - طاعون وغیرہ کا کیس

اَصَاطِب - جمع (اِصطب) طویلے -

اَصحاب الانقلاب - ریڈیکل پارٹی -

اَصْحَابُ الحُرِّیّۃ - وہ لوگ جو امور ملکی یا مذہبی میں آزادانہ برتاؤ یا کارروائی میں مدد دیں -

اصحابُ الرّواتب - وظیفہ یاب اشخاص -

اِصْحَاح - باب (خصوصًا بائیبل کا)

اِصدار - اخبار یا رسالہ نکالنا - حکم جاری کرنا -

اِصْرافہ - معلم کا بچوں کو مٹھائی لیکر چھٹی دینا سال کے بعد یا ہفتہ میں -

اِصْطَب - اصطبل - طویلہ (اصاطب) جمع

اُصطُبَّۃ - پرانی مشک -

اصطلاحات رَمزِیہ - بعض اشارے جو بات چیت کرنے میں مستعمل ہوتے ہیں -

اِصطلاحات قضائیۃ - عدالتی محاورات

اصل المال - سرمایہ - پونجی -

اَصلی - قدیم باشندہ (اصلیون) جمع

اَصلیّون - جمع اصلی -

اَصناف - اسباب - اجناس - اشیا - چیزیں

اَصنافِ رائجہ - وہ اجناس جن کی مانگ ہو -

اَصنافِ کاسِدہ - کھوٹی پونجی - وہ اجناس جن کی مانگ نہ ہو

اصول اشتراکِ عامہ - وہ تجویز جس سے مال و جائداد رعایا پر برابر طور پر تقسیم ہو جائے -

اصول اللغۃ - گرامر - قواعد

اُصول حربیّۃ - جنگی قواعد -

اصول محاکمات جنائیّۃ - ضابطہ فوجداری

اصول محاکمات حقوقیّۃ - ضابطہ دیوانی

اصول مضبوطہ - مقرر بنیادیں
اصول عسکریہ - فوجی ضابطہ - ملٹری کوڈ
اصیل - درخت شاہی جیتک بالی نہ نکلی ہو
اضراب - روگردانی - قلی لوگوں کا کام کو ترک کرنا - ہڑتال
اضطراب - بدامنی - بدنظمی
اضطہاد - مذہبی تکلیف تعصب
اضلاع متناظرہ - مثلث کے مقابل کے خطوط
اضمامہ - چٹھیوں کا پلندہ - کتابوں کا پارسل
اطار - چوکھٹا - فریم -
اطالیا } ایک ملک جو یورپ کے جنوب میں
اطالیہ } واقع ہے اٹلی -
اطائب - پسندیدہ چیزیں -
اطراف البدن - بدن کے اعضا -
اطراف الناس - لوگوں کا عام یا ادنے طبقہ عوام الناس
اطراق - متفکر ہونا فکر میں پڑنا -
اطربون - سردار فوج -
اطرش - اسم - بہرا
اطروش - ایک پرندہ
اطریۃ - سویاں ایک قسم کا کھانا

اطلاس - اٹلس - نقشوں کا مجموعہ
اطلاق السلاح - بندوق سے شکار کرنا -
اطلاق المدفع والبندق - توپ بندوق کا چھوڑنا -
اطلاق النار - بندوق یا رائفل وغیرہ کا چھوڑنا
اطلانتک - بحر اوقیانوس
اطلس } - نقشوں کا مجموعہ - اٹلس
اطلاس }
اطنہ - ایشیائے کوچک کا ایک شہر
اطیان - مزرع - زمین کاشت
اعتدا - حملہ - مارپیٹ - چڑھائی - پیشدستی -
اعتدائی - حملہ آور - جنگ جو
اعتراض - جائزہ لینا
اعتصاب - ایکا کرنا - اتحاد کرنا - سٹرائک کرنا
اعتقال - لکنت
اعتقال ریح سدات - آنتوں میں ریح کا رک جانا -
اعتماد للمصرف - مقدار زر جو کوئی شخص بنک سے وصول کرسکتا ہے -
اعتیادی - معمولی - رسمی - عادتی - مقررہ -
اعدام - سزائے موت یا قتل - پھانسی دینا -

اَعْرَاض ۔ حادثات ۔
اَعْشارِیِ مُسَلسَل ۔ کسر متوالی ۔
اَعْضَاء ۔ کسی کمیٹی یا مجلس کے شرکاء ۔ ارکان
عضو کی جمع جو ممبر کا ترجمہ ہے ۔
اَعْضَاء اَثْرِیَہ ۔ اصول ارتقا کے بموجب
انسان کے وہ اعضا جو بالفعل کچھ مفید نہیں
بلکہ قدیم ساخت کا بقیہ ہیں ۔ مثلاً کان کا
بیرونی حصّہ ۔
اَعْضَاءُ الْمَجْلِس ۔ کسی انجمن کے ارکان ۔
اِعْفَا ۔ برات ۔
اَعْفٰے ۔ بری ۔ آزاد ۔ مبرا
اِعْلَام ۔ نوٹس
اِعْلَام مَنْسُوب عَلَیہ ۔ کسی فعل کی اطلاع
اِعْلَانُ الْحَرْب ۔ لڑائی کا الٹمیٹم
اِعْلَانُ الشّرکۃ ۔ اشتہار کمپنی ۔ پراسپکٹس
اَعْمَال تَحَفُّظِیَہ ۔ حفاظتی امور ۔
اَعْمَال حَرْبِیَہ ۔ فوجی خدمت ۔
اَعْمَال ۔ کارنامے ۔
اَعْیَان ۔ روسا ۔ امرا ۔ شرفا ۔ لارڈز ۔
اَغَارِقَہ ۔ یونانی لوگ ۔
اَغْرَاض ۔ اسباب ۔ فرنیچر ۔

اِغْرَاض ۔ جانب داری ۔ طرفداری ۔ گڈور
اِغْرِیق ۔ یونانی لوگ ۔ باشندگان ملک یونان
(اَغَارِقَہ) جمع
اِغْرِیقی ۔ باشندہ یونان ۔ یونان کا رہنے والا
(اَغَارِیق و اغارقہ) جمع
اَغُسْت ۔ انگریزی آٹھواں مہینہ اگست
اَغُسْطُس ۔ اگست کا مہینہ ۔ انگریزی آٹھواں
مہینہ ۔
اِغْلَال ۔ مکر ۔ بے وفائی ۔
اَغْلَبِیَہ ۔ کثرت رائے ۔ مجارتی
اِغْمَاء ۔ بے ہوشی ۔ اضمحلال ۔ پژمردگی ۔
اِفَادَۃ رَسْمِیَہ ۔ سرکاری اطلاع ۔
اِفْرَاج ۔ رہائی
اِفْرَاج بِالضَّمَانَۃ ۔ ضمانت پر رہا کرنا
اِفْرَاخ ۔ پرندوں کا انڈوں سے بچے نکالنا
اِفْرِنْج ۔ یورپ ۔ فرنگستان
اِفْرِنْجی ۔ یورپ کا باشندہ ۔ فرنگستانی
اِفْرِیز ۔ پشم کا موٹا اور گاڑھا کپڑا ۔ اسٹیشن
وہ جگہ جہاں لوگ ریل پر سوار ہونے کیلئے
کھڑے ہوتے ہیں ۔
اِفْرِیجَہ ۔ ایک قسم کا اونی کپڑا جو بے جلا دبیز

وسطیٰ ہوتا ہے۔
اِفریقیا۔ } افریقہ
اِفریقہ }
اِفریقی۔ افریقہ کا رہنے والا
اَفسُون۔ جادو۔ منتر۔ کلمات سحر
اِفشائے السِّر۔ راز فاش کرنا۔
اُفشتین۔ رومیوں کی نماز کا ایک خاص
حصہ ہے اور یہی نماز۔
اَفعال۔ قوانین۔ احکام۔
اِفقاد۔ گم کر دینا۔ کھو دینا
اُفُق مصنوعی۔ وہ ساختہ دائرہ جو افق کے
ظاہر کرنے کے لیئے بنایا جاتا ہے۔
اَفکارِ اختلالیہ۔ انقلاب سلطنت کی رائیں
اَفکار العمومیہ۔ پبلک کی رائیں
اَفکار صالحہ۔ صحیح جذبات۔ واجبی جوش
اَفکار فاسدہ۔ ناجائز جوش و جذبات
اِفلاس۔ دیوالہ۔ ناداری
اِفلاس کاذب۔ فرضی دیوالہ جھوٹی ناداری
اَفندی کلمۂ تعظیم۔ جناب۔ صاحب
اَفوَرفہ۔ ٹھیکہ۔ اجارہ
اَفوکات، افوکاتو } وکیل۔ اڈوکیٹ

اَفوکاتِ عمومی۔ اڈوکیٹ جنرل۔
افوکاتیہ۔ افوکات کا دفتر
اَفیون۔ افیون۔ افیم۔ لبن الخشخاش۔
اِقالہ۔ معاہدہ کا فسخ کرنا۔ معاف کرنا۔ نوکری
سے برخاست کر دینا۔ برطرفی۔ موقوفی۔
اِقالۃُ البیع۔ خریداری کا فسخ ہو جانا۔
اَقاصی الارض۔ دنیا کے کنارے
اَقالیم بلقعیہ۔ ولایات غیر آباد
اَقالیم شمالیۃ و غربیۃ۔ صوبجات غربی و شمالی
اَقانیم۔ جمع (اقنوم) ملاحظہ ہو لفظ (اقنوم)
اِقتار۔ افلاس۔ خواری۔ ذلت
اَقرابادین۔ (معرب گرافادیان یونانی)
کا بواسطہ سریانی۔ علم ترکیب الادویہ
لغات الادویہ۔
اِقتراح۔ تجویز۔ ایجاد۔ تحریک۔ ووٹ
درخواست۔
اِقتراض۔ قرض لینا
اِقتراع۔ جبراً فوج میں بھرتی ہونا
اِقتراع۔ قرعہ اندازی
اِقتراف۔ کمانا
اِقتران۔ دو سیاروں کا میل

اِقتِصَاد - میانہ روی - کفایت شعاری
سیاست مدن -
اَقتِصَادالسِیاسی - سیاست مدن -
پولیٹیکل اکانمی - ان چیزوں کے پیدا کرنے
تقسیم اور خرچ ہونے کے قاعدوں کا علم
جن کی انسان کو ضرورت ہے -
اِقتِصَادُالمَنزِل - تدبیر منزل - انتظام
خانہ داری -
اِقتِصَادِی - کفایت شعاری کے متعلق
پولیٹیکل اکانمی -
اِقتِصَادِیؔ - اسم فاعل - علم الاقتصاد کا
ماہر - اکانمسٹ -
اِقتِصَادِیَہ - مونث اقتصادی
اِقتِصَاص - بدلا لینا
اُقحُوان - گیندا -
اَقرَاحُ الشِّعر - نظم کی اقسام - اصناف سخن
اَقرَابَادِین - قرابادین علم ترکیب ادویہ
اِقرَار - منظور کرنا - پاس کرنا
اِقرَار بالیَمِین - بیان حلفی
اِقرَاع - قرعہ ڈالنا
اَقرِیدُس - (معرب یونانی اکرودس) ایک

قسم کی مچھلی جو تقریباً ٹیڑھی سے کے برابر ہوتی ہے
اَقسِمَا - (معرب یونانی اکسملی) یہ دو الفاظ
سے مرکب ہے (اکسو - کھٹا - اور میلی شہد)
خشک انگوروں کا بھگویا ہوا پانی - نقیع زبیب
اَقطَار - جمع (قطر) شہر - بلدہ
اَقطَارُالشَّرقِیَہ - ممالک مشرقی
اِقفَار - بعض معدنیات (مثل نفسعا) کو
کہتے ہیں جو زمین سے پیدا ہوتی ہیں -
اَقفَاص - جمع (قفص) پنجرہ - شامیانہ
اِقفَال - قفل ڈالنا - [illegible]
کارخانہ مدرسہ وغیرہ کو بند کرنا یا بند کرنا - سیاست
اِقلَاقُ الرَّاحَة - آرام و آسائش میں
خلل اندازی - امر باعث تکلیف
اِقلِید - (معرب کلید بواسطہ نبطی اکلید
مفتاح - کنجی - چابی -
اُقنُوم - عیسائیوں کی تثلیث (باپ،
بیٹا، روح القدس) میں سے ایک فرد (اقانیم)
جمع -
اَقَّة - مصر کا ایک وزن ہے جو چار سو درہم
کے برابر ہوتا ہے یہ وزن بلاد عرب میں
مستقل الوقت ہے - ساڑھے چھ تولہ وزن

ہوتا ہے۔
اَکَادِیمِیَّہ } (معرب یونانی اکاڈمی)
اَکَادِیمِیَا } (۱) تعلیم گاہ۔انسٹیٹیوشن
(۲) ابتدائی خانگی مدرسہ (۳) علوم فنون
کی درسگاہ۔(۴) مجلس علما و فضلا۔ واضح
ہو کہ اصل میں اکاڈمی اُس باغ کو کہتے تھے
جس میں افلاطون اپنے شاگردوں کو فلسفہ
کی تعلیم دیا کرتا تھا۔
اِکَار۔ (معرب ارامی) کسان (اکرہ) جمع
اِکَاف۔ (معرب ارامی) خوگیر
اَلْکَالی۔ کاسٹک۔ جلانے والا تیزاب
اِکْتِتَاب۔ سپاہیوں میں نام لکھوانا۔اخبار
کا خریدار بننا۔کسی انسٹیٹیوشن میں شریک ہونا
چندہ کی فہرست کھولنا۔چندہ دینا۔چندہ۔
اِکْتِرَار۔ کرایہ کو لینا
اِکْتِشَاف۔ کوئی چیز دریافت کرنا۔تحقیق۔
اِکْتِشَافَات۔ جمع (اکتشاف) معلومات
تحقیقات۔
اِکْتِشَافَاتِ جدیدہ۔ معلومات جدیدہ۔
تحقیقات جدیدہ۔
اَکْتُوبَر۔ اکتوبر۔ انگریزی دسواں مہینہ

اَکْثَرِیَّہ۔ مجازیٰ۔ غلبہ آرا۔کثرت آرا۔
اَکْسِپْرِس۔ (معرب فرانسیسی اکسپرس) ا
ڈاک گاڑی۔میل ٹرین
اَکْسِپْرِس مُسْتَعْجِل۔ سب سے تیز گاڑی
اِکْسِبْرِیس۔ دیکھو (اکسبرس)
اِکْسِپُوزِیسُون۔ (معرب اگزبیشن)
نمایش گاہ۔اگزبیشن۔
اِکْسِیر (معرب یونانی) وہ جوہر جس سے تانبا
سونا ہو جائے
اِکْلِیرُس۔ } (معرب یونانی کلیرکس)
اِکْلِیرِکِی } عیسائیوں اور بت پرستوں
کا پادری پیشوا۔زاہد۔عابد
اَکْوَاخ۔ جمع (کوخ) معرب فارسی کو۔
چھوٹے مکانات۔
اَلْاِتِّفَاق الخصوصی۔ وجہ خاص۔خاص اتفاق
اَلَاجَا } زنگا رنگ چیز۔کامدانی کپڑا۔ایک
اَلَاجَہ } ریشمی کپڑا۔
اَلْاِحْتِرَاس۔ احتیاط۔
اَلْاِرَادَۃ السَّنِیَّہ۔ حکم سلطان روم۔
شاہی حکم۔
اَلْاَشْغَال العُمُومِیَّہ۔ امور تعمیرات عامہ۔

پبلک ورکس ۔
اَلْاِقْتِصَادُ السِّیَاسِی ۔ پولیٹیکل اکانمی ۔
اَلْاَلْعَابُ النَّارِیَّۃ ۔ آتش بازی ۔
اَلْاِمْتِحَانُ النِّهَائِی ۔ آخری امتحان
اَلْاَمْوَالُ الْامِیرِیَّۃ ۔ سرکاری محصول
اَلْاُمُورُ النَّافِعَۃ ۔ رفاہ عام کے کام پبلک ورکس
اَلْاَمِی ۔ فوج ۔ رجمنٹ
اَلْاَیَا کُولَا ۔ پروں کا خط ۔ فوجی صف
اَیْدِیْصَال ۔ پاس ۔ وہ رسید جو اوائے
محصول یا تار دینے کے وقت تار دینے
والے کو تار گھر سے دی جاتی ہے اور منی آرڈر
روانہ کرنے کی رسید جو بھیجنے والے کو ملتی ہے۔
اَلْبَابَا ۔ پوپ ۔
اَلْبَاوِیَّۃ ۔ جاگیر ۔
اَلْبُوم ۔ (معرب ایطالیانی البم) مجموعہ
تصاویر ۔ مرقع تصاویر ۔
اَلْبَیْعُ دَیْنًا ۔ ادھار بیچنا ۔
اَلْبَیْع نَقْدًا ۔ نقد بیچنا ۔
اِلْتِحَاق ۔ داخل ہونا ۔ شریک ہونا
اِلْتِزَام ۔ مچلکہ ۔ ذمہ داری ۔ جوابدہی ۔
اِلْتِزَامَات ۔ ذمہ داریاں

اِلْتِصَاق ۔ چسپیدگی ۔
اَلتِّلِغْرَافُ الْاِعْتِیَادِی ۔ معمولی تار خبر ۔
اَلتِّلِغْرَاف بِغَیْرِ سِلْک ۔ بے تار کے
ٹیلیگراف ۔
اِلْتِهَاب ۔ بھڑک اٹھنا ۔
اَلْجُمُّ الْحَدْبَاء ۔ تابوت
اَلْجَزَائِر ۔ شمالی افریقہ کا ایک ملک اور
اس کا پایۂ تخت ۔ الجیریا ۔
اَلْجَنْبُ الْخَارِج ۔ بیرونی پہلو ۔
اَلْجَنْبُ الشِّمَال ۔ بایاں پہلو
اَلْجَنْبُ الْمُنْعَکِس ۔ الٹا پہلو ۔ مخالف پہلو ۔
دایاں بازو ۔
اِلْچِی ۔ (معرب ترکی) ایلچی سفیر ۔ قاصد ۔
اَلْحَجَرُ الْاَوَّل ۔ بنیادی پتھر
اَلْحَرَسُ السُّلْطَانِی ۔ باڈی گارڈ
اَلدَّفَاتِر ۔ کھاتہ جات ۔
اَلدِّیْوَان ۔ دفتر ۔ کچہری ۔
اَلذَّهَبُ الْاَبْیَض ۔ پلاٹینم
اَلذَّیْل ۔ دامن
اَلرَّقَّۃ ۔ رقہ شہر کا نام ہے ۔ الف لام
تعریفی ہے ۔

اَلسِنَۃ مُلزِقَہ - وہ زبانیں جن میں اشتقاق نہیں ہوتا۔

اَلصَّدر الاَعظم - وزیر اعظم

اَلضَّبطِیَّۃ - پولیس کا ناکہ - تھانہ -

اَلضَّواحی - مضافات - قرب وجوار

اَلعَمَلِیَّاتُ الطِّبِّیَّۃ - طبی آپریشن

اَلعَنَابِر - ریلوے کی دکانیں

اِلغَاء - معمول کا معاف کرنا - قانون کا فسخ کرنا

اِلغَاءِ المُرَافعہ - حق اپیل کا زائل ہونا -

اِلغَاءِ قانون - قانون کا منسوخ کرنا -

اِلتِفَات - متوجہ کرنا - ملتفت کرنا

اَلفَائِدہ }
اَلفَائِض } سود -

اَلقُضبَانُ الحَدِیدِیَّۃ - لوہے کی پٹریاں -

اَلغَیم - بادل

اِلقَاء - لکچر دینا - عام جلسوں میں تقریر کرنا -

اِلقَاءُ التِّلِغرَاف - فارم پر مضمون تار لکھ کر تارگھر میں دینا -

اِلقَاءُ القَبض - گرفتار کرنا - پکڑنا -

اَلقَہوَہ - قہوہ خانہ

الکبثات }
الا بازیم } بمسوا

اَلِکترُون - (معرب الکٹرون) جوہر فرد - جزء لا یتجزیٰ -

اَلِکترُونات - جمع (الکترون)

اَلکُحُول - (معرب الکوہال) شراب کی روح شراب کا ست - باریک سفوف جوہر روح اصل میں یہ لفظ عربی کحل بہ معنی سرمہ - الف لام تعریفی سے السنہ یورپ میں گیا مگر جب یورپ کی زبانوں سے پھر معرب ہوا تو ایک الف لام تعریفی اور لگایا گیا -

اَلکومِسیَارِیَہ - دفتر دیوانی

اَلمَابَین - ایک عہدہ دار جو سلطان اور وزرا کے درمیان پیغامبری کرتا ہے -

اَلمَازُور - (معرب تیوردس) ایک جانور جو دریا کے کنارے انڈے دیتا ہے اور سات روز اس پر بیٹھتا ہے تو بچے نکلتے ہیں سات روز پرورش کرتا ہے تو مضبوط اور توانا ہو جاتے ہیں -

اِلمَام - اکسپریمنٹ تجربہ

اَلْمَانُ - جرمن - جرمنی کے باشندے

اَلْمَانِیَّہ
اَلْمَانِیَا } ملک جرمنی جو اقلیم یورپ میں واقع ہے

اَلْمُتَصَرِّف - کمشنر

اَلْمَدْرَسَۃُ الْاَجْزَائِیَّۃ - دواسازی کا مدرسہ

اَلْمَدْرَسَۃُ الْاَمِیْرِیَّۃ - سرکاری مدرسہ گورنمنٹ اسکول -

اَلْمَدْرَسَۃُ التَّجْہِیْزِیَّۃ - مدرسہ علیا ہائی اسکول

اَلْمَدْرَسَۃُ الْحَرْبِیَّۃ - فوجی مدرسہ

اَلْمَدْرَسَۃُ الْخَیْرِیَّۃ - امدادی مدرسہ

اَلْمَدْرَسَۃُ الْعَمَلِیَّات - آرٹ اسکول - مدرسہ صنعت وحرفت -

اَلْمَدْرَسَۃُ الْمُبْتَدِئِیْن - پرائمری اسکول

اَلْمَدْرَسَۃُ الْہَنْدَسِیَّۃ - انجینرنگ اسکول

اَلْمَسْبَک - ڈھالنے کی مل یا کارخانہ

اَلْمَشْرِقُ الْاَقْصٰی - چین وجاپان -

اَلْمَغْرِبُ الْاَقْصٰی - مراکو

اَلْمَطْلُوْبُ لَہٗ - خرچ

اَلْمَطْلُوْبُ مِنْہُ - جمع

اَلْمَمَالِکُ الْبَابُوِیَّہ - ممالک پوپ

اَلْمَمَالِکُ الْمُتَّحِدَہ - ممالک متحدہ امریکہ

اَلنَّاوُلُوْن - بار جہاز -

اَلْہَوَاءُ الْاَصْفَر - ہیضہ

اَلْہَیَاتُ الطَّبِیْعِی - نیچرل تھیالوجی

اِلْیَاذَہ - (معرب الیڈ) ہومر شاعر کی ایک مشہور نظم -

اَلْیَاف - ریشے - نسیں - گوشت یا درخت کے باریک باریک تار -

اِلَی الْخَلْف - پیچھے کی جانب

اِلَی الشِّمَال - بائیں جانب

اِلَی الْیَمِیْن - دائیں جانب

اِلٰی اَیْن - کس جانب -

الیصابات - (معرب ایلزبتھ) مسیحی عورتوں کا نام -

اَلْیُوْمِیْن - (معرب انگریزی الیومنیم) ایک عنصر جو زمین سے نکلتا ہے -

اُمّ - دماغ کی باریک جھلی -

آمَاج - چاندماری - کھیل کود ناچنے کی جگہ

اِمَارَۃ - ریاست - راج - مملکت

اَمَارَۃ - نشان - علامت (اَمَارات) جمع

اُمُّ الْقُوَیْق - الّو - ام المدفن - بوم بھی کہتے ہیں -

اُمُّ النُّجُوم - کہکشاں

اُمُّ النَّحل - شہد کی مکھیوں کی رانی - یعسوب کی مادہ -

اُمُّ النُّور - بی بی مریم سے مُراد ہے -

اَمْبَرَاطُور - شہنشاہ - امپرر

اَمْبَرَاطُورَہ - شہنشاہ بیگم - امپرس

اِمتحانِ انتہائی - آخری امتحان

اِمْتِدَاد - ایک طرف کی پیمایش یعنی لمبائی یا چوڑائی -

اَمْتِعَہ - فرنیچر

اَمْتِعَۃُ السَّفر - سفری اسباب

اِمْتِیَاز - سند - عہدنامہ - حقِ استحقاق - لائسنس پیٹنٹ - حق خاص جو سرکار سے عطا کیا گیا ہو - سند سرکاری جس سے موجد کو کچھ عرصہ کے لئے حق مطلق دیا جاتا ہے - اجازت - تمغہ - مڈل - اجارہ - ٹھیکہ -

اِمتیازاتِ اَجْنَبِیَہ - غیر ملکی حقوق

اِمتیازاتُ الطبع } چھاپنے یا شایع کرنے
حُرِّیَتُہُ المطبوعات } کی آزادی - وہ آزادی جو بلا نگرانی قانونی کتابوں کے چھاپنے یا شایع کرنے کی نسبت حاصل ہو -

اِمتیاز رِیا لتذکرہ - ٹکٹ میعادی یک ماہ جس کا لینے والا مجاز ہے کہ ہر ایک اسٹیشن پر دو ایک روز کے لئے ٹھہر جائے -

اُمَّۃ - گروہ - لوگ - قوم (اُمَم) جمع

اُمْثُولَہ - نمونہ - سبق

اَمْر - فوجی آرڈر -

اِمَّر } بکری کا چھوٹا بچہ
اِمَّرَہ }

اَمْرَاضِ سَارِیَہ - متعدی بیماریاں - اڑکر لگنے والی بیماریاں -

اَمْرَاضِ مُعْدِیَہ - اُڑکر لگنے والی بیماریاں - بیماریوں کے مادّے کا لگنا -

اَمْرِ عَسْکَرِی - فوجی حکم

اَمْرِیکا - نام ایک اقلیم کا -

اَمْرِیکانی } امریکا سے منسوب - امریکا کا باشندہ
اَمْرِیکی }

اَمْرِیکَہ } نام ایک اقلیم کا
اَمْرِیکا }

اَفْرِنْکی - امریکہ کا باشندہ

اِمْسَاک - مرض قبض

اَمْشِیر - ماہ فروری -

اَمشی یَلیہ - آگے بڑھو۔
اِمضا - دستخط - پاس کرنا۔ تصدیق منظوری
اَملاک - جایداد (گو یہ عربی الاصل ہے۔
مگر جایداد کے معنی میں فارسی سے معرب ہوگیا)
اَملاک میریہ - سرکاری جائداد
اَمنیبوس - ایک قسم کی چار پہیے کی گاڑی
اُمنیہ - چونے کی بھٹی -
اَموال - محصول - ٹیکس - چنگی -
اَموال المشترکہ - کوٹھی کا سامان
اَموال ثابتہ - جائداد غیر منقولہ
اَموال غیر مادی - غیر جسمانی جائداد -
اَموال غیر مقررہ - محصول جو شے پر لگایا
جائے اور جو کسی خاص شخص سے نہ لیا جائے
مثلاً نمک کا محصول - ان ڈائرکٹ ٹیکس
محاصل غیر مستقل -
اَموال مقررہ - نقد محصول جو رعیت سے
لیا جائے بشخصہ محصول یا محاصل مستقل -
اَموال میریہ - سرکاری مال گزاری
اُمور الدولہ - علم سیاست - پالیٹکس
اُمور خارجہ - ممالک غیر کے متعلق کاروبار
اُمور مالیہ - مالگزاری - فینانس -

اُمور نافعہ - کارہائے رفاہ عام -
اَمیال - جمع (میل) خواہشیں - آرزوئیں -
اَمیرال } میر بحری - افسر جہازات
اَمیرل }
اَمیر اُمراء العساکر - سپہ سالار - سالار جنگ
اَمیر الاخور - اصطبل کا داروغہ
اَمیر الای - کرنل - ایک فوجی عہدہ
اَمیر البحر - افسر جہازات -
اَمیر العسکر - فوج کا جنرل
اَمیر الآلاء - فوجی عہدہ - برگاڈیر جنرل جس کا
عہدہ میجر جنرل سے کم ہو -
اَمیرکان - (معرب امیرکن) باشندگان امریکہ
اَمیرل - امیر البحر -
اَمیر لوا - میجر جنرل
اَمیر لوا موقت - برگیڈیر جنرل -
اُمیروس - ہومر جو یونان کا مشہور شاعر ہے
اَمیرہ - شہزادی
اَمیری - خراج - ٹیکس
اَمیریہ - صوبہ گورنری - گورنر کا دائرہ حکومت
اَمیص - دیکھو - (امص)
اَمین - معتمد - وہ شخص جو دوسرے کی جایداد

اس کے فائدہ کے لئے امانۃً رکھنے کو معتبر ہو۔ (اُمَنَاء) جمع۔

اَمِینُ الاُمُورِ فَوقَانی ۔ فیلڈ افیسر

اَمِینُ الاِیرَادَات ۔ مال گزاری وصول کرنیوالا

اَمِینُ السِّجِلَّات ۔ محافظ دفتر

اَمِینُ السِّرِّ ۔ معتمد۔ سکرٹری۔

اَمِینُ الصُّندُوق ۔ تحویلدار۔ خزانچی۔ کیاشیر

اَمِینُ النُّزُل ۔ داروغہ آلات۔ کومیسری جنرل۔ افواج کا افسر۔

اَمِینُ النَّقل ۔ ڈھنڈورچی۔ حمال

اُمَیمَۃ ۔ ماں کی بیٹی

اُنَابِیب ۔ جمع۔ (اُنبوب) پانی چڑھنے کے باریک سوراخ ۔

اَنَاطُولی ⎫
اَنَاضُولی ⎭ ایشیائے کوچک

اَنبَاء ۔ (معرب لاطینی) عیسائیوں کا مذہبی

اَنبَار ۔ سامان تجارت کی کوٹھی۔ ذخیرہ۔ (اَنَابِر و اَنَابِرَہ) جمع ۔

اَنبَاءِ رَسمیّۃ ۔ سرکاری خبریں جو عموماً شہر ہوتی ہوں۔

تقویم البیع - قبالہ - بیعنامہ -

تقویہ - فوجی کمک - زیادہ مضبوط کرنا -

تکاکرہ - راجپوتوں کے سردار - ٹھاکر

تکالیف شاقہ - بھاری محصولات

تکبیب - کباب بنانا

تکبیس - ہاتھ پاؤں دابنا

تکبیس البدن - بدن کا دبانا اور ملنا -

تکتکۃ الساعۃ - گھڑی کا ٹک ٹک کرنا

تکتیک - فن جنگ

تکثیف - (بخارات وغیرہ کا) سکڑ جانا -

تکرتق - قرنطینہ میں بسر کرنا

تکرنش - جھری جو بڈھوں کے بدن پر پڑ جاتی ہے -

تکری / تکر } سپہ سالار (تکاکرہ) جمع

تکریر السکر - شکر کو مکرر صاف کرنا

تکریک - پانی کی تہ سے کنکر اور مٹی نکالنا

تکسیہ سقفیہ - اردادا - دلیا -

تکفور - بادشاہ - شاہ ارمینیا -

تکلیف - محصول ٹیکس - (جمع تکالیف)

تکلیف بالاثبات - بار ثبوت -
تکلیف بالحضور - طلبی - بلاو - اطلاعنامہ
تکلیف رسمی - باضابطہ مطالبہ - سرکاری مطالبہ -
تکلیل - عیسائیوں کا نکاح - تاجپوشی
تکنہ - چہ بچہ جس میں پانی محفوظ رکھتے ہیں تاکہ ضرورت کے وقت استعمال کیا جا سکے -
تکہ / دکہ } بز کوہی - پہاڑی بکرا -
تکہ - ازار بند - تکک جمع -
تکیہ - مسافر خانہ - درویشوں کا تکیہ
تل - پہاڑی - ٹیلہ -
تلاشی - معدوم ہو جانا
تلاقی - ملنا - ملاقات - مڈبھیڑ ہونا -
تلام - زرگرد - شاگرد - تلمیذ
تلبہ - تھکا ہوا - تھکی ہوئی جماعت
تلخیص الجواب - سرکاری چٹھی کا خلاصہ جو اس کی پشت پر لکھا جاتا ہے
تلسکوب - دوربین
تلغراف - ٹیلیگرام - تار برقی - دفتر تار برقی

تلغرافات - تار برقیاں -
تلغراف الاعتیادی - تار برقی جو بتدریج روانہ کیا جاتا ہے - مصری تار دو طرح کا ہے (۱) مستعجل یعنی ارجنٹ (۲) غیر مستعجل آرڈینری معمولی -
تلغراف لاسلکی - بے تار کی خبر رسانی
تلغراف مستعجل - ارجنٹ تار یا ٹیلیگرام
تلغراف عادیۃ - آرڈینری ٹیلیگرام -
تلف عواریا - گھاٹا - نقصان - ضرر
تلفیحہ - چادر اوڑھنی -
تلقس - دیر کر کے آنا -
تلقیح / تطعیم } ٹیکا لگانا
تلقیح الجُدری - ٹیکہ لگانا - چیچک کا ٹیکہ لگانا -
تلکش - ترکش - تیر کش - شاگرد - تلمیذ
تلمیذ خارجی - وہ طالب علم جو بورڈنگ (دارالاقامہ) میں نہ رہے -
تلمیذ داخلی - وہ طالب علم جو دارالاقامہ میں رہے -
تلمیذ عسکری - جنگی خدمت کا امیدوار

تِلْیَان - اٹلی کے باشندے
تِلْیَانِیَہ - اٹالین زبان
تِلِیفُون - ٹیلیفون
تَمَادِی - دیر تک رہنا - مدت -
تَمَاسُک - عمل انفعال جس کے سبب اجسام کے ذرات آپس میں پیوستہ رہتے ہیں -
تَمَامِی قَائِمَہ - وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ کا تکملہ ہو -
تَمَتُّع - اجازت نامہ
تِمْثَال - مجسمہ - بت - اسٹیچو -
تَمْثِیل - تھیٹر میں ایکٹ کرنا
تَمَدُّد - کسی دھات کا پٹکر چپٹا ہونا -
تَمَرْجِی - تیمارجی - ملازم شفاخانہ کمپونڈر
تَمَرْحِنَّا - گل مہندی - گل حنا - فاغیہ بھی کہتے ہیں -
تَمَرُّغ - خاک میں لوٹنا -
تَمْرِیک - نمبر لگانا - نشان لگانا
تَمْرِین - مشق - پریکٹس - فوجی قواعد - جمع تمرینات -
تَمْرِینَاتِ جَسَدِیَّہ - ورزش جسمانی -

تَمْرِینَاتِ عَسْکَرِیَّہ - فوجی قواعد - ڈرل -
تَمْزِیق - پھاڑنا - چیرنا
تَمْغَہ - ٹکٹ کورٹ فیس جو دفتروں میں استعمال کیا جاتا ہے - (تمغائی) بھی کہتے ہیں -
تَمْلِئَۃُ السَّاعَۃ - گھڑی میں کوک دینا
تَمَلِّی - ہمیشہ
تِمَّن - چاول
تَمُّوز - رومیوں کا مہینا مطابق جولائی
تِن - (معرب ٹن انگریزی) ایک وزن جو ۲۸ من کے مساوی ہوتا ہے -
تَنَازُعُ الْحَیَات - مسئلہ کشاکش برائے حیات -
تَنَازُل - ترک - دست برداری
تَنَاطُح - ڈھوس مارنا -
تَنَاقُضِ وَہْمِی - وہ بات جو دیکھنے میں باطل لیکن اصل میں حق ہو -
تَنْبَاک (معرب ترکی) تمباکو
تَنْبَک - (معرب ترکی) تمباکو -
تَنْبَل - پان - سست - بلید - کاہل
تَنْبَلَہ - (معرب) سستی - کاہلی

تَنَبُّوء ۔ (مولد) پیشین گوئی۔

تَنْبِیہ ۔ (مولد) نوٹس

تَنْبِیہ رَسْمی ۔ سرکاری طلب نامہ

تَنْبِیہ شِفَاہی ۔ زبانی طلب ۔

تَنْجِیم ۔ جوتش ۔ علم نجوم

تَنْحِیَہ ۔ ہٹانا ۔

تَنْدَرہ ۔ (معرب ایطالیانی تندا) بارگٹ جو گرمی کے بچاؤ کے لئے لگایا جاتا ہے

تَنْزِیل ۔ (مولد) قیمت کم کرنا ۔

تَنْزِیلُ الْاَسْعَار ۔ قیمتوں کا وضع کرنا ۔

تَنْشِیَہ ۔ (مولد) کپڑے کو استری کے لئے نشان ڈال کر کڑا کرنا ۔

تَنْشِیف ۔ (مولد) جاذب سے تر حروف کو خشک کرنا ۔

تَنَصُّر ۔ عیسائی ہونا ۔

تَنْظِیم اَحْوَال عَسْکَرِیَّہ ۔ انتظامات فوجی کی اصلاح ۔

تَنْظِیمُ الشُّرطَہ ۔ اصلاح پولیس

تَنْفِیذ کے عمل ۔ اہتمام ۔ تعمیل ۔ پورا کرنا ۔ اجرا کرنا ۔ عمل میں لانا ۔

تَنْفِیذُ الْاِجْرَاءَات ۔ حکموں کا جاری کرنا ۔

تَنْفِیذُ الشُّرُوط ۔ معاہدہ کا عمل

تَنَک } (معرب ٹین) لوہے کی چادر ۔
تَنَکَہ } ٹین کا سامان

تَنَکچی ۔ ٹین کی چیزیں بنانے والا ۔

تَنَکارِی ۔ (معرب) ٹین کا کام کرنے والا

تَنْمِیر ۔ نمبر ڈالنا ۔

تَنْمِیرُ الصَّحَائِف ۔ فہرست صفحات بنانا ۔

تَنُّور ۔ (دخیل فارسی قدیم بواسطہ سریانی یا عبرانی) یہ مرکب ہے تن بمعنی دود (دھواں) اور کلمہ نور بمعنی آتش (آگ) سے ۔ بعض کہتے ہیں کہ عربی الاصل ہے بمعنی نان بختن ۔ روٹی پکنے کا مقام ۔

تَنَوُّرُ الْفِکْر ۔ روشن خیالی ۔

تَنُّورَہ ۔ سایہ (جامہ) جو فرنگنیں پہنتی ہیں

تَنْوِیم ۔ (مولد) کلوفارم کسی خواب آور دوا سے نیند طاری کرنا ۔

تِنِّین ۔ (ارامی) اژدر ۔ ناگ (تنانین) جمع ۔

تَوَاکِیل ۔ جمع (توکیل) خانگی کالت کارپردازی ۔

تَوَالُف - خدمت جو اسامی کو اپنے مولشی سے زمینداری کرنی واجب ہے -
تُوبَال - (معرب فارسی توپال) برادۂ آہن مس لوہ مچون - لوہے تانبے کے کوٹنے کے وقت جو ریزے گرتے ہیں -
تُوبْجَه کُول - سب ڈویژن کی قطار -
تُوبْجِیَه - توپ خانہ - آتش خانہ
تُوپ خَانَه - سلاح خانہ -
تُوت - ۱۰ دسپٹمبر کا نام قبطی زبان میں
تُوت } ایک میوہ
تُوث }
تُوتِیا - (معرب) سُرکا پتھر - جست -
تُوتِیَاء مَعْدَنِیَة - جست
تُوج - فارسی زبان سے عربی میں بطور دخیل آیا - تانبا - پیتل -
تَوَحُّش - (مولد) بے تمدنی - غیر شائستگی -
تَوْحِید - کل حکومت کا انتظام کرنا
تُودِرِی - (معرب فارسی تودری) ایک گھانس کا بیج ہے جسے عربی میں قضیبصمہ کہتے ہیں -
تُود - (معرب فارسی) پیغمبر - آفتابہ برنجی -

پیتلی لوٹا - جال - دام - مچھلی کا جال -
تَوْرَاة - یہود کی آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی -
تُورکَا - (معرب فرانسیسی) قوم ترک ترک لوگ -
تَوْرِید - اشیائے درآمد
تَوْرِیدُ الأُجْرَة - اشیائے درآمد کا محصول
تَوْرِیَه - کسی چیز کا دل میں ارادہ کرنا لیکن زبان سے اس کے خلاف ظاہر کرنا -
تَوْزِیع - (مولد) تقسیم کرنا - بانٹنا - ایکوکیشن رقوم صرف شدہ کا خاص خاص مدات میں ڈالنا -
تَوْزِیعُ الْبَرِید - (مولد) ڈاک تقسیم کرنا -
تَوْزِیعُ الْأَرْبَاح - (مولد) فائدہ یا نفع کا تقسیم کرنا - ڈاک تقسیم کرنا -
تَوْزِیعِ نَبَاتَات } نباتات کی تقسیم
تَفْرِیقِ نَبَاتَات }
تَوْصِیَه - سفارش
تَوَظُّف - (مولد) نوکر ہونا
تَوْظِیف - نوکری دینا - نوکر رکھنا
تَوْقِیع - (مولد) شرح دستخط - دستخط کرنا -

تَوقِیف ۔ (مولد) مجرم کو حوالات میں رکھنا۔ کسی اخبار یا رسالہ کو بند کر دینا۔ معطلی۔
تَوکِیل ۔ معاہدہ۔ نیابت۔ ایجنسی۔
تَوکِیلِ رَسمی ۔ مختار نامہ
تُولَہ ۔ کتے کا پلا۔ گجری کتا
تُومان ۔ ایران کا ایک سکہ۔
تُومَہ ۔ بڑا موتی۔ موتی کا دانہ۔ چاندی کا مہرہ۔ موتی کے دانوں کا گلوبند
تَونِیل ۔ (معرب ٹنل) وہ راہ جو پہاڑوں کو کاٹ کر سرنگ کی طرح بنائی جاتی ہے۔ وہ راہ جو ریل گزرنے کے لئے پہاڑ میں بناتے ہیں۔ سرداب
تَوشِیح ۔ پھول کی کٹوری۔ پھول کی پنکھڑی۔
تہاود ۔ (مولد) کمی قیمت۔ ارزانی نرخ۔
تَہرِیب ۔ (مولد) ممنوع التجارۃ شئے کا کا ملک سے درآمد و برآمد کرنا۔ مال پر چنگی کا محصول چوری سے ادا کرنا
تَہرِیب بِضَاعَہ ۔ محصول چرانا۔
تُہمَتہ مَغلُوط ۔ غلط الزام۔
تِیَاترو ۔ (معرب ایطالیانی تیاترو۔ تماشا گاہ
تیاتر ۔ مرقص۔ تھئیٹر۔ ناٹک

تَیَّار ۔ رو۔ دھار۔ کرنٹ اور اسٹریم انگریزی
تَیَّار شَمالی ۔ پانی کی وہ رو (دھار) جو قطب شمالی سے گزرتی ہے۔
تَیَّارہ آکَل ہاس ۔ سمندر کی وہ دھار جو مقام اگلہاس پر سے ہو کر گزرتی ہے
تِیَالُوجیا ۔ (معرب یونانی تھیالوجی) علم الہیات۔
تَیپ رَیتَر ۔ (معرب ٹایپ رائٹر)
تَیفُو رِیقطُوس ۔ (معرب یونانی تھیو ...) ایک دوا کا نام جو مسہل ہے۔
تِیَر ۔ شہتیر
تیفوس ۔ (معرب ٹائیفس) ایک قسم کا بخار
تیفوئید ۔ (معرب انگریزی ٹائیفائیڈ) ایک قسم کا بخار۔
تَیَقُّظ ۔ (مولد) بیدار مغزی۔ ہوشیاری
تیل ۔ سن۔ پٹوا
تِیلی مِیتَر ۔ بندوق کا توڑ دریافت کرنیکا آلہ

باب الثاء

ثَابِت ۔ غیر منقولہ
ثَافسِیا ۔ (معرب ثاپسیا) صمغ سداب

دستی، تتلی کا گوند۔
ثالُوث۔ (سریانی یا ارامی) تثلیث، مسئلہ تثلیث
ثانیہ۔ (مولد) (۱) سکنڈ، منٹ کا ساٹھواں حصّہ (۲) لمحہ۔ (ثوانی) جمع
ثبوتُ النّسب۔ ولدیت کا تحقیق کرنا
ثجیر۔ (معرب فارسی کنجارہ) ثفل، کھلی، پھوک۔
ثرمومتر۔ (معرب، تھرمامیٹر) مقیاس الہوا
ثروۃ الامۃ۔ قومی دولت
ثریا۔ (مولد) روشنی کا جھاڑ۔ جھاڑ (بلور کا)
ثقہ بالنفس۔ (الثقۃ بالنفس) (مولد) اپنی مدد آپ کرنا۔ سلپ ہلپ۔
ثقیلُ الفم۔ بات کا سست۔
ثکنہ۔ (مولد)۔ (۱) جنگی مورچہ (۲) چھاونی، کنٹونمنٹ۔ بارکس جمع ثکنات
ثمل۔ دیکھو (ثملی)۔
ثمنِ اصلی۔ لاگت کے دام
ثمنُ العقار۔ اجرت فیصلہ
ثمین۔ قیمتی۔ گران۔ مہنگا

ثنا۔ دیکھو (فناء)
ثنیان۔ (ارامی)۔ (۱) دوم درجہ کا سردار (۲) مرد بے عقل و بے رائے، مودھو، بے وقوف
ثنیہ۔ پاؤں میں باندھنے کی پٹی۔
ثواب۔ افعال حسنہ پر اثر مرتبہ
ثوار۔ (مولد) جمع ثائر۔ باغی لوگ
ثورۃ۔ (مولد) قدیم پریشانی (جدید پر) بغاوت، شورش۔ فساد۔
ثوعہ۔ (معرب یونانی ثوئیا) ایک تناور اور سبز درخت جسکی ڈالیاں موٹی موٹی ہوتی ہیں مگر خوشے بکار آمد نہیں ہوتے
ثیوصوفیہ۔ (معرب تھیاسوفی) تصوف۔

باب الجیم

جات یا جاط۔ رکابی۔ قاب پلیٹ
جاثلیق (معرب یونانی کتلکوس)۔
جاتلیق (انگریزی کیتھولک)
عیسائیوں کا ایک قدیم فرقہ جو پوپ کو خلیفہ مسیح مانتا ہے۔
جادی۔ (معرب فارسی گادی) زعفران

جَاذِبِیَّۃ - مادہ کی وہ خاصیت یا کیفیت جس سے اُس کے اجزا ایک دوسرے کو کھینچتے ہیں - جذب کشش

جَاذِبِیَّۃُ الْاِلْتِصَاق - اجزائے فردہ کی باہمی کشش -

جَاذِبِیَّۃ اَنَابِیْبِ شَعْرِی - وہ کشش جس سے درختوں کے باریک سوراخوں میں چڑھ جاتا ہے -

جَاذِبِیَّۃُ الْمُلَاصَقَۃ - (مولد) دو چیزوں کی باہمی کشش -

جَارُوْشَہ - چکی ہاتھ کی چکی -

جَارُوْقَہ - (مولد) ایک قسم کا آہنی پنجہ - پھاوڑا - کدال -

جَارِی صَرْفُ الشَّیْ - دینا کسی چیز کا -

جَاز - (معرب انگریزی) گاچھ کپڑا -

جَازِ حَرِیْر - ریشمی گاج -

جَاسُوْس - (ارامی) جستجو کرنے والا - تفتیش کرنے والا - خفیہ کا جوان (جَوَاسِیْس) جمع

جَاسُوْسُ الشُّرْطَہ - پولیس کا بھیدی

جَاط - رکابی - پلیٹ -

جَالِبُ الْبَضَائِع - ملک کے اندر مال لانے والا -

جَالَہ - محصول -

جَالِیْش - نیزہ بردار - علم بردار - چوکیدار -

جَام - (فارسی) پیالہ - قصعہ (اَجْوُم - اَجْوَام - جَامَات - جُوْم) جمع -

جَامِد - سست -

جَامِدُ الْعَیْن - بے آنسو ہونا -

جَامِدُ الْیَد - بخیل -

جَامِع - مسجد -

جَامِع، جَامِعَہ، جَامِعِیَّہ - (مولد) قوم کو متحد بنانے والی عام اشتراکی حالت

جَامِعُ الْاَزْہَر - (اَلْجَامِعُ الْاَزْہَر) قاہرہ کی ایک مسجد جس میں علوم مشرقیہ کا درس دیا جاتا ہے -

جَامِعَہ - (مولد) یونیورسٹی - دارالعلوم

جَامَکِیَّہ - (معرب جامگیہ) وظیفہ - راتبہ - تنخواہ - روزینہ -

جَامَہ اَنْتَہ - جامہ دان - توشک خانہ -

جَانِب مِن ۔ تدخرچ میں لکھنے والا ڈیبیٹر ۔
جَانْجَاه ۔ (دخیل) ایک نشہ والی شے
جَانْدَارم ۔ فرانسیسی رسالہ کا سپاہی ۔
جَانْدَارمَہ ۔ (فرنچ) پولیس کے سوار ۔
جَانِی ۔ مُلزم ۔
جَاوِیش } (ترکی) سارجنٹ
جَاوُش }
جَاوِیشِ بُولیس ۔ کانسٹبل ۔ پولیس کا سپاہی ۔
جَاہِز ۔ (مولد) جو مال دکان میں تیار ہوتا ہے ۔
جَائِزرُتبہ مُنْتَہِیْن ۔ گراجویٹ ۔ بی ۔ اے ۔
جَائِزَہ ۔ انعام ۔ سند ۔ ڈپلوما
جَایَسْتَار ۔ (معرب لاطینی کوسیتور بواسطۂ یونانی) خراج وصول کرنے والا ۔ عطار ۔
جُبّ ۔ جھاڑی ۔
جَبَابِرَہ ۔ امریکہ کے اصلی باشندے
جِبَارَۃ ۔ ہڈی جوڑنے کا فن ۔

جَبِیْرَہ ۔ وہ لکڑی جس سے ہڈی باندھتے ہیں ۔
جِبَال ۔ آدمی کا جسم ۔
جَبَّان ۔ پنیر والا ۔
جَبَاءَۃ ۔ (دخیل) جوتے کا سانچہ
جَبَّانَہ ۔ قبرستان ۔ مقبرہ
جَبْت ۔ بُت
جَبْخَانہ ۔ جبہ خانہ کا مخفف ۔
جِبْس ۔ (انگریزی) کھریا مٹی ۔ چونا ۔
جَبَلِ اَرَارَاط ۔ آرمینیہ کا ایک مشہور پہاڑ ۔ بلندی ۱۷۱۱۲ قدم
جَبَلُ الاَسْوَد ۔ (اَلجَبَلُ الاَسْوَد) ملک مانٹینگرو ۔
جَبَلُ الدُّرُوز ۔ شام کا ایک پہاڑ
جَبَلُ الشَّیخ ۔ شام کا ایک پہاڑ
جَبَلُ الکَرمِل ۔ شام کا ایک پہاڑ
جَبَلُ النَّار ۔ کوہِ آتش فشان ۔
جَبَل جَلِید ۔ برفانی پہاڑ
جَبَل لُبنَان ۔ شام کا ایک پہاڑ
جَبَل ہَارُون ۔ شام کا ایک پہاڑ
جُبْن ۔ پنیر ۔

جَبَہ خَانَہ - (ترکی) - (۱) مخزن سلاح خانہ بارود کا گودام - (۲) کارتوس کا بکس -
جَبلیق - کیتھولک عیسوی مذہب کا ایک فرقہ
جُثَّہ - تن و توش - جسمانیت -
جَحَّہ - عیش - آرام -
جداد - خرقہ
جَدَاوِلُ الدُّرُوس - کورس - نصاب تعلیم
جَذبَہ - بے وقوفی - دیوانگی -
جَدَل - خصم کا کلام توڑنے کا قصد -
جَدوَل - (۱) حاشیہ - کنارہ (۲) روش کیاریوں کی منڈیر - (۳) آبنائے ساختہ - نہر - نالہ - پرنالہ
جَدوَل - مثل کارروائی کے کاغذات فہرست -
جَدوَل - (مولد) نقشہ - فہرست -
جُدَّہ - کنارۂ دریا -
جُدّی - خوش نصیب -
جَدِیدُ البِنَا - نو تعمیر نیا بنا ہوا -
جُدَاد - پرانے کپڑے

جِذع - کڑی -
جِرَاب - توشہ دان - تھیلا - بیگ (اَجْرِبَہ) جمع
جُرَابَات - (فارسی) موزے - جرابیں -
جُرَابَاتِ حَرِیر - ریشمی پائتابے -
جُرَابَاتِ صُوف - اونی پائتابے
جُرَابَاتِ قُطن - سوتی پائتابے
جَرَابَندِیَّہ - (فارسی - جرابہ بند) فوجی سپاہیوں کا توشہ دان -
جَرِّ اَثقَال - علم میکینکس - اوزان اٹھانے کا علم -
جُرَاثِیم - جمع (جُرثُوم) جاندار شئے کی ابتدائی صورت - بہت ہی چھوٹے چھوٹے کیڑے
جَرَّاح - سرجن - چیر پھاڑ کرنے والا -
جِرَاحَۃ - (مولد) فن جراحی - سرجری -
جَرَّار - دراز خانہ -
جِرَارَۃ - کوزہ گری - مٹی کے برتن بنانے کا فن -
جَرَازِن - جمع (جَرْزون) بڑے چوہے -
جَرَّافَہ - زمین کھودنے والی کشتی -

جَرّافہ - (مولد) مشتق از جرف - دریا کی
رو کا زمین کو کاٹنا -

جرام - (معرب گرام) ایک وزن

جرایہ - (مولد) فوجی سپاہیوں کی رسد -
بھتہ - الونس - پنشن -

جَرَب - کھجلی - خارشت

جَرَب - } کھجلی
حِکّہ -

جربان - گریبان -

جُربُزہ - مکار آدمی - دغاباز -

جَربیا - شمالی سرد ہوا

جُرثُومہ - } جرمس (انگریزی) سے معرب
جُرثُوم - ہوا ہے یا بقول بعض مولد
جرم بمعنی اصل (جَراثیم) جمع
چھوٹے چھوٹے کیڑے جو فضا
میں یا چیزوں میں ہوتے ہیں - یا
وبائی پیدا ہو جاتے ہیں جاندار شے
کی ابتدائی صورت - بہت ہی چھوٹا
کیڑا - (جراثیم) جمع -

جُرجیس نبی علیہ السلام - ایک پیغمبر

جَرد - ڈھال -

جُرداب - (معرب فارسی گرداب) بھنور

جردُ اللون - رنگ کا بدل جانا -

جَردہ - (گارڈ انگریزی کا معرب ہے یا
فرانسیسی گارڈ کا) محافظ - پہرہ -
گارڈ -

جَردق - (معرب فارسی گردہ نان) ایک
میٹھی روٹی -

جَردل - چوڑے منہ کا برتن جس میں
گھوڑے کو پانی پلاتے ہیں -

جُرذ - کھیت کا چوہا (جِرذان) جمع

جَرس - گھنٹہ - گھڑیال - آوازِ بلند

جُرعہ - ڈوس - دوا کی مقررہ مقدار
جو ایک مرتبہ پی جائے -

جَرکس - (معرب) سرکیشین قوم
(جَراکسہ) جمع

جَرم - (معرب فارسی گرم - ضدِ سرد) حارہ

جَرمانی - جرمنی کا باشندہ یا زبان

جرمانیا - ملک جرمنی

جُرموق - سرموزہ

جُرن - پتھر کا حوض - کھلا ہوا حوض

جُرنال - معرب جرنیل - ایک فوجی اعلیٰ افسر

جُرنَال ۔ (معرب لاطینی جرنالی) اخبار۔ روزنامچہ۔ رسالہ۔ جریدہ واقعات روزمرہ۔
جَرَّہ ۔ سبوچہ۔ ٹھلیا۔ گھڑا۔
جریال ۔ شراب خالص۔
جریال ۔ بے ڈھنگ۔
جَرَیان ۔ جاری ہونا۔ بہاؤ
جَرِیب ۔ (معرب فارسی گری) آلہ پیمایش زمین جو ۶۰ گز کے مساوی ہے۔
جَرِیدہ ۔ اخبار۔ جرنل۔ فوج کی تنخواہ کا رجسٹر۔ (جَرائد) جمع۔
جَرِیدہ ۔ (مولد) اخبار۔ گزٹ (جرائد) جمع
جَرِیدہ ۔ (معرب فرانسیسی کارد) محافظ لشکر۔ دیکھو (جردہ)
جَرِیدۂ اَدَبِیَّہ ۔ لٹریری جرنل۔
جَرِیدۂ دَوْرِیَّہ ۔ } موقت رسالہ۔
جَرِیدۂ مِیقَاتِیَّہ ۔ } پیریڈیکل میگزین
جَرِیدۂ رَسْمِیَّہ ۔ سرکاری جرنل۔ سرکاری اخبار۔ آفیشل گزٹ۔
جَرِیدۂ عَادِیَّہ } معمولی رسالہ۔
جَرِیدۂ غَیرِ رَسْمِیَّہ } آرڈینری جرنل

جَرِیمَہ ۔ جرمانہ۔ طلبانہ۔
جَرِیمَۃُ الْفِسْق ۔ جرم زنا بالجبر۔
جَرِیمَۂ وَاضِحَہ ۔ سنگین جرم۔
جُزْء ۔ (مولد) جلد۔ نمبر۔ ویلوم۔
جَزَّار ۔ قصّاب۔ قسائی۔
جُزاف ۔ گزاف۔ بیہودہ
جَزُّ الْاَغْنَام ۔ دُنبے وغیرہ کے بالوں کو کاٹنا۔
جَزَالَۃُ الْاَلْفَاظ ۔ الفاظ کی چستی اور شوخی
جَزَائِر ۔ ملک الجیریا جو شمالی افریقہ میں واقع ہے
جَزَائِرِ مُحِیطِ شَرْقی ۔ اوشینیا
جَزَاءِ نَقْدِی ۔ جرمانہ
جُزْدَان ۔ } (معرب لفظ جزدان)
جُزْدَانَہ ۔ } بستہ۔ جزدان
جَزَر ۔ گاجر
جَزْر و مَدّ ۔ جوار بھاٹا۔ دریا کا اُتار چڑھاؤ
جَزَع ۔ سنگ سلیمانی۔
جُزْلَان ۔ (معرب ترکی) چھوٹا منی بیگ
جُزْلُک ۔ (معرب ترکی گوزلک) چشمک عینک۔
جَزْم ۔ پمپ شوز۔

جَزمجی۔ بوٹ ساز
جَزمَہ۔ انگریزی جوتا۔ جمع جزمات
جَزمۂ مکشوفہ۔ پمپ شوز
جَزماتی۔ (مولد) جوتا بنانے والا موچی۔
جَناب۔ (عربی جناب بمعنی صحن خانہ ہیں اہل فارس تعظیم کے مقام پر مثلاً حضورؔ حضرت، سرکار، استعمال کرتے ہیں ان معنوں میں عجم سے معرب ہوا
جَنابِ اَفخَم۔ ایک القاب جو رائٹ آنریبل کے معنوں میں مستعمل ہے۔
جَنایَة۔ جرم۔ گناہ
جَنایَة۔ سنگین جرم۔ جرم کبیر
جَنائنی۔ (مولد) باغبان۔ دیکھو (جنینہ)
جَنائی۔ مجرم
جَنب۔ پہلو۔ زیر بغل۔
جُنبار۔ (بالفتح والضم) (معرب فارسی جانباز) پہلوان نٹ۔
جُنبُذَة (معرب گنبد) گنبد۔ گنبذ۔
جنجہ موقتہ
جنح } بروقت جرم۔
جُند۔ (معرب فارسی یا سریانی گندہ) لشکر فوج۔ سپاہ۔
جَندار۔ (معرب جاندار) باڈی گارڈ۔ محافظ شاہی۔
جَندَرمَہ۔ (معرب فرانسیسی جندرمری) پولیس۔ کوتوالی۔
جَندَرَہ۔ (معرب ترکی یا فارسی) (۱) لکھے ہوئے کو دوبارہ لکھنا تاکہ حروف روشن ہوں تبییض (۲) کپڑے کے نقوش کو جلی کرنا۔
جَندَل۔ آبشار۔ چادرِ آب۔ جھرنا۔
جُندی۔ (معرب) سپاہی۔ لشکری۔
جِنرال۔ (ایطالیانی جنرالی یا انگریزی جنرل کا معرب ہے) سپہ سالار۔ اعلےٰ کانسل فرنگی۔
جِنرال آجُودان۔ میر تزک، بزرگ۔ چیف سکریٹری۔ مصاحب کلاں۔
جَنرَل عام
فَرِیقِ اوّل } فل جنرل۔ فوجی اعلیٰ عہدہ۔
جِنزار۔ (معرب فارسی زنگار)۔ (زنگار سے زنجار اور زنجار کا مقلوب جنزار ہوگیا) ایک سبز رنگ۔

جَنْزِیر - (معرب فارسی زنجیر) کڑی -
جِنْس - (معرب یونانی گنوس) قسم
قوم - قومیت
جِنْسِیَّۃ - قومیت - نیشنالیٹی -
جَزْمَہ - (معرب ترکی چزمہ) فرنگی جوتا
بوٹ - (جَزَمَات و جُزَم) جمع
جَزْمَۃُ الْمَکْشُوفَہ - (اَلْجَزْمَۃُ الْمَکْشُوفَہ) - (معرب) پم شوز -
ایک قسم کا جوتا -
جَزْمَجِی - کفش ساز - جوتا بنانے والا -
جَزِیرَۃُ شَقَر - رومی مصطگی کا جزیرہ -
جَزِیرَۃُ مُشْجِر - درختوں کا جزیرہ -
دریا کے بیچ میں درختوں کا جھنڈ
جَزِیل - بہت - وافر - کثیر -
جَزِیلُ الاِحْتِرَام - رائٹ ریورنڈ -
سب سے بڑے پادری کا خطاب -
جِزْیَہ - خراج - معاملہ -
جَشْخَانَہ - قیدخانہ
جِسْر - (ارامی) پُل قنطرہ
جِسْرُ مُعَلَّق - لٹکا ہوا پل -
جَسْطَر - چلبچی مٹی کی -

جِسْم - جس کے واسطے ترکیب تالیف ہو -
جُسُورُ النِّیل - دریائے نیل کے بند -
یا پشتے -
جَصّ - گچ -
جَصّ - بھینچنا -
جَعَالَہ - زر انعامی -
جَعْبَہ - (مولد) چرمی بیگ -
جَعَہ - بیر شراب -
جُعَیْدِی - (مولد) بازی گر - تماشاگر -
مسخرہ - (جَعَائِدَہ) جمع -
جُغْر - مینڈک
جُغْرَافِیَہ - (معرب یونانی گیوگرافیا)
یہ لفظ دو کلموں گیو بمعنی زمین اور
گرافیا بمعنی بیان سے مرکب ہے -
جُغْرَافِیَۃُ الانسانی - وہ جغرافیہ جس میں
اصناف بشری کا بیان جغرافی
تقسیم کے لحاظ سے کیا جاتا ہے -
جِفْت - سانسی - سنڈاسی
جِفْت - (معرب فارسی جفت بواسطہ
ترکی) دونالی بندوق -
جُفْت - (معرب فارسی جفت) دوچند

زوج - فرد اور طاق کی ضد -
جُفتَاکَت - (ترکی) جائداد شاہی جو کرایہ پر دی جائے -
جَفَل - ڈرنا - خوف -
جَفَن - کشتی (اَجفان) جمع
جَلّ - (معرب گل) (۱) گلاب - گُل سرخ (۲) یاسمین -
جُلّاب - گلاب -
جَلّابیہ - کرتا ٹخنے تک لمبا
جِلّاجی - (مولد) جلاگر - صیقل گر -
جَلّاحِق - گولہ -
جَلّادۃ السُلطان - بادشاہ کا القاب یور میجسٹی -
جِلّالاتی - زین بنانے والا
جَلّالۃ المَلِک - (مولد) ہز مجسٹی - بادشاہ کا القاب -
جَلّالۃ سَنیئہ - بادشاہ کا خطاب ہز مجسٹی -
جَلب - (مولد) دوسرے ممالک یا بلاد سے تجارتی مال منگوانا -
جَلبیہ - ایک فوقانی لباس -

جَلجلہ - سوارہ فوج -
جَلَخ - تیز کرنا -
جَلَد - ہموار زمین - میدان -
جِلدِ رَقیق - پتلا چمڑا
جِلدِ صَفیق - موٹا چمڑا
جَلستان - (معرب گلستان) - (۱) باغ گلشن (۲) گلستان سعدیؒ کا عربی ترجمہ
جَلسہ - سماعت - مقدمہ سننا -
جِلِّق - شام میں ایک موضع ہے
جَلَل - مشکل - بڑا کام
جَلُوطہ - باریک چمڑا جو مثل جھلی کے گوشت کے اوپر ہوتا ہے -
جُلّنا - (معرب گلنار فارسی) گلِ انار -
جَلَنط - کھنڈ - مدرسہ -
جُلودی - (مولد) چمڑے کا کام کرنے والا -
جِلَوز - چلغوزہ
جُلوس - سیدھا ہونا -
جُلّہ - کندہ - اُپلا
جَمّاز - تیز قدم گدھا -
جَماعَۃِ شرعیہ - سند یافتہ انجمن -

کارپوریشن۔
جماہیرِ امیرکا المتحدہ - کانفڈریشن آف یونائیٹڈ سٹیٹس آف امریکہ (اتحاد ریاست ہائے امریکہ۔
جُمباز - (معرب ترکی) جنباز جو فارسی جانباز سے بنا ہے۔) جمناسٹک ورزش بدنی۔
جُمرُوک - (معرب ترکی) دیکھو گمرک چنگی محصول کروڑگیری۔
جُمرُکچی - (ترکی) چنگی وصول کرنے والا
جَمرَہ - سوارہ فوج (جمرات) جمع
جَمعُ الاَحمَر - لاکھ
جَمعُ الکَف - مٹھی
جُمعۃُ الآلام - ہولی ویک - مقدس ہفتہ
جُمعۃُ الحَاش - (عیسائیوں کا ایک مقدس ومتبرک ہفتہ۔
جُمعۃُ الحزینۃ - عیسائیوں کی ایک عید
جُمعہ - (مولد) ہفتہ
جَمعِی - زیر سرداری - سائنٹ - زیرافسری
جَمعِیّۃ - (مولد) کمیٹی - انجمن سوسائٹی آبادی مردم شماری۔

جَمعِیّۃُ المَعارِف - علمی وادبی انجمن
جَمعِیّتِ اِنتِشارِ الاِیمان - مشنری سوسائٹی
جَمعِیّتِ اِنتِشارِ کُتُبِ مُقدَّسہ - بائبل سوسائٹی۔
جَمعِیّت خَیرِیّہ - انجمن خیرات
جَمعِیّتِ دُولِیّہ - (مولد) سلطنتوں کی سیاسی مجلس - ملکی کانفرنس - بین الاقوامی انجمن۔
جَمعِیّت عُمُومِیّہ - عام انجمن
جَمعِیّتِ مِلّیّہ - قومی انجمن
جَمَلُ البَحر - وہیل مچھلی
جَمَلُ الیَہُود - گرگٹ - آفتاب پرست۔
جُملَہ - بارہ درجن
جُمہُور - عامۃ الناس - پبلک - رعایا
جُمہُورِیّہ - (مولد) جمہوری سلطنت ریپبلک
جُمہُورِیّۃُ السُّوِیس - سوئٹزرلینڈ کی جمہوری سلطنت
جَمِیعُ الحُقُوقِ مَحفُوظَہ - تمام حقوق محفوظ
جَمِیعُ السُّفَراء - ڈپلومیٹک کور - ایلچیوں کی مجلس۔

جَمِیلُ اَلْمَنْظَر ۔ خوبصورت
جَنَابَ ۔ (عربی ۔ جناب بمعنی صحن خانہ ہیں) اہل فارس تعظیم کے مقام پر مثلاً حضور ۔ حضرت ۔ سرکار استعمال کرتے ہیں ۔ ان معنوں میں عجم سے معرب ہوا ۔
جَنَابِ اَفْخَم ۔ ایک القاب جو رائٹ آنریبل کے معنوں میں مستعمل ہے ۔
جَنَایَۃ ۔ جرم ۔ گناہ
جَنَائِنی ۔ (مولد) باغبان ۔ دیکھو (جنینہ)
جَنَائِی ۔ مجرم ۔
جَنْب ۔ پہلو ۔ زیر بغل
جَنْبَاز ۔ (بالفتح) ۔ (معرب فارسی جانباز) پہلوان ۔ نٹ
جُنْبُذَۃ ۔ (معرب گنبد) گنبد ۔ گنبذ ۔
جُنْحَہ مُوَقَّتَہ ۔ بروقت جرم
جُنْد ۔ (معرب فارسی یا سریانی گند) لشکر فوج ۔ سپاہ ۔ چھاونی ۔
جَنْدَار ۔ (معرب جاندار) باڈی گارڈ محافظ شاہی ۔
جُنْدَرْمَہ ۔ (معرب فرانسیسی جندرمری) پولیس ۔ کوتوالی ۔
جَنْدَرَہ ۔ (معرب ترکی یا فارسی) ۔ (۱) لکھے ہوئے کو دوبارہ لکھنا تاکہ حروف روشن ہوں ۔ تبییض (۲) کپڑے کے نقوش کو جلی کرنا ۔
جَنْدَل ۔ آبشار ۔ چادر آب ۔ جھرنا ۔
جُنْدِی ۔ (معرب) سپاہی ۔ لشکری ۔
جَنَرَال ۔ (ایطالیانی ۔ جنرالی یا انگریزی جنرل کا معرب ہے ۔) سپہ سالار اعلیٰ کانسل فرنگی ۔
جَنَرَال اَجُودَان ۔ میر ترک ۔ فوج کا افسر اعلیٰ بزرگ ۔ چیف سکرٹری مصاحب کلان
جِنِرَال عَام / فَرِیق اَوَّل } فل جنرل ۔ فوجی اعلیٰ عہدہ
جِنْزَار ۔ (معرب فارسی زنگار) (زنگار زنجار اور زنجار کا مقلوب جنزار ہو) ایک سبز رنگ ۔
جُنْزِیر ۔ (معرب فارسی زنجیر) کڑی
جِنْس ۔ (معرب یونانی گنوس) قسم ۔ قوم قومیت

جِنْسِیَّۃ - قومیت - نیشنلٹی -
جِنْفَاص (معرب انگریزی کینوس) ایک موٹا
جُنْفَیص دبیز کپڑا - کانواس کپڑا
جِنْفَس (معرب ترکی جانفس جو فارسی
جانفزا سے مشتق ہے)
جِنْگ - (معرب فارسی جنگ ضد صلح)
لڑائی -
جِنْک - (معرب فارسی چنگ) ایک
مشہور و معروف باجے کا نام -
جِنْکَان - (معرب ترکی جنکانہ) دیکھو
(شنکان)
جَنُوبِیَّۃ - وہ براعظم جو قطب جنوبی کے
اردگرد واقع ہے -
جِنِی - گنی - انگریزی پونڈ
جِنِی اِفْرِنْجِی - انگریزی پونڈ جو پندرہ
کلدار کے مساوی ہے -
جِنَیہٗ الِانْکلیزی - اشرفی پندرہ
روپے کی -
جَنِیفَا - (معرب جنوآ) ملک سوئٹزرلینڈ
کا پایۂ تخت -
جِنِی فرنساوِی - فرنچ پونڈ جو بارہ روپے
چار آنے کلدار کے مساوی ہے -
جُنَیْنَۃ - (مولد) جنت کی تصغیر - باغیچہ
بگیا -
جِنِیَّہ - (معرب انگریزی گنی) ایک سونے
کا سکہ جو اکیس شلنگ کے مساوی ہے ۱۵/۷
جَوَاب - خط - مکتوب -
جَوَابِ اِعْتِمَاد - سفارشی چٹھی -
جَوَابِ تَوْصِیَہ - سفارشی خط
جَوَابِ رَفْض - تاسف نامہ
جَوَّاخ - (معرب) - (۱) جلاہا - (۲)
پارچہ فروش
جُوَارِش - (معرب فارسی گوارش)
(۱) شیرینی (۲) وہ دوا جو غذا
ہضم ہونے کے لئے کھائی جاتی ہے
جَوَاز - (ع-م) پاسپورٹ (جوازات)
جمع -
جَوَازُ الِامْتِحَان - (ع-م) امتحان
پاس کرنا - کامیاب ہونا -
جُوَّالْبَیْت - گھر کا اندرون
جُوَالِق - (معرب فارسی گوال یا گوالہ
بواسطہ ترکی) بورا - تھیلا -

(جَوَالِیق) جمع

جَوَالِیق ۔ جمع (جوالق) تھیلا ۔

جَوَامِد ۔ معادن ۔ کانیں ۔

جَوَامِع ۔ ع (جامع کی جمع) مسجدیں ۔ مساجد ۔

جَوَّانی ۔ اندرونی ۔

جَوَائِب ۔ غیر ملکی خبریں ۔

جُوْخ ۔ (معرب ترکی چوقہ) بانات ۔ کپڑا (اَجْوَاخ) جمع ۔

جُوخَہ ۔ کپڑے کا تھان ۔

جَوْذَر ۔ نیل گائے ۔

جُوْذِیَار ۔ ملاح ۔

جُوْر ۔ (بواو معروف) مثل ۔ طرح ۔ جوڑ ۔ ہم رنگ ۔ ہم پلہ ۔

جُوْر ۔ میلان حق سے باطل کی طرف ۔

جُوْرَب ۔ موزہ ۔

جَوْز ۔ کامیاب ہونا

جَوْسَق ۔ (معرب کوشک فارسی) ۔ (۱) چھوٹا محل ۔ قصر ۔ (۲) جدید عربی ۔ جھونپڑا ۔

جَوْشَنُ اللَّیْل ۔ آدھی رات ۔

جُوْق } معرب فارسی جوخ بمعنی گروہ ۔
جَوْقَہ } فوج مردم ۔ ایکٹروں کی جماعت ۔ نٹوں کا گروہ ۔

جُوقَہ ۔ گروہ

جُوکَان ۔ چوگان ۔ بلا ۔

جَوْنَک وُجَانَکِیَہ ۔ الونس ۔ بھتہ ۔

جُومَہ ۔ گروہ مردم ۔ تھیٹر ۔ پارٹی

جُوْن ۔ (معرب فارسی گون) رنگ

جون ۔ (معرب یونانی کونیا) (۱) خلیج کھاری ۔ (۲) دریائے جمنا ۔

جَوْہَر ۔ اصل شئے اور اُس کا مادّہ

جَوْہَرجی ۔ زیور فروش ۔ جوہری ۔

جَوْہَرِ فَرْد ۔ (جزو لایتجزیٰ) مادہ کے نہایت ہی چھوٹے چھوٹے اجزا جن سے وہ مرکب ہوتا ہے جواہر فردہ کہلاتے ہیں جس کا واحد (جوہر فرد) ہے ۔

جَہْل ۔ اعتقاد کسی شئے پر جو نفس الامر کے خلاف ہو ۔

جُؤجُؤ ۔ سینہ ۔ چھاتی ۔

جَیَّارَہ ۔ چونے کی بھٹی ۔

جَیَالُو ۔ جیام

جیالوجی }
جیولوجیا } (معرب علم الارض۔ علم طبقات الارض

جیب۔ (معرب سنسکرت جیوا) علم ہیئت میں وتر کو کہتے ہیں۔ چنانچہ کہتے ہیں جیب مستوی۔

جَیب۔ کالر

جیبر۔ پشت پر دستخط کرنا۔ منظور کرنا۔ یا دستخط کرنا۔

جیپر }
کاش } چونا

جَیرِوسکوب۔ (معرب) گردش زمین کے تجربہ کرنے کا آلہ جو ۱۸۵۳ء میں بنایا گیا۔

جَیش۔ مرغ۔ رومی۔

جَیشُ الِاحتلال۔ انگریزی فوج مقیم مصر۔

جَیشُ الخلاص۔ عیسائی پادریوں کی وہ جماعت جس کی غرض مسیحیت کی اشاعت ہے۔

جَیشان۔ سمندر کی حرکات

جیل۔ مجرد لوگ جو صلیبی لڑائی میں مسلمانوں کے ساتھ لڑتے تھے۔

جِیل۔ صدی

جِینَہ }
قُلفونہ } رال

جِینیہ۔ گنی مشہور سکہ ہے۔

باب الحاء

حَابِل۔ شکاری جادوگر۔

حَاجِب۔ یورپ کی عدالتوں کا ایک بڑا حاکم (حُجّاب) جمع

حَاجِبُ الدَّولَہ۔ شاہی دربار کا عرض بیگی دربان شاہی۔ میر تزک۔ خلوت۔

حَاجَۃ۔ باورچن۔ ماما۔

حَاجِز۔ پارٹیشن وال۔ پردے یا بیچ کی دیوار۔ خاکنائے۔ (حَواجِز) جمع

حَادّ۔ تیز۔

حَادّ النظر۔ تیز نظر۔

حَارَات۔ جمع (حَارَہ) گلی۔ محلہ

حَارِس قَضَائِی۔ مال مسروقہ کا رکھنے والا۔

حَارِسْ - گارڈ - محافظ - سنتری
حَائِرَہ - (ع - د - ارامی) محلہ - اودہ کلاسا
(حائِرات) جمع
حَاشِیَۂ تحتانی - فٹ نوٹ -
حَاصِلْ - مخزن اسٹور -
حَاصِلِ آبی - زراعت چاہی - کنوئیں یا نہر کی کھیتی -
حَاصِلات - پیدا وار -
حَاصِلِ دیمی - بارانی زراعت
حَاصِلاتِ طبیعیہ - قدرتی پیداوار -
حَاصِلاتِ عرضیہ - ہنگامی پیداوار
حَاصِلاتِ میریہ - سرکاری مال گزاری
حَاضِرُ الہجوم - حملہ کے لئے تیار ہو جائے
حَاضِرَہ - (ع - م) پایۂ تخت - دار السلطنت
دار الامارت - صدر مقام
حَاضِرُ الْ - مستعد تیار -
حَاضِنَۃ - (ع - م) دائی - آیا - کھلائی
حَافِظ - سُم
حَافِظ - جاسوس - (حَفَظَہ) جمع
حَافِظَۃُ الارسال - (ع - م) پارسل کا فارم
حَافِظَۃُ الوَدِیعَۃ - فوطہ دار - امانت دار
تحویلدار -
حَافِلَۃ - (ع - م) موٹر کار - موٹر گاڑی
(حوافِل) جمع -
حَافَہ - کنارہ - جانب -
حَاکِمُ الشرع - جج - منصف -
حَاکِمُ القنبطریۃ - جسٹس آف دی پیس
حَاکِمِ عام - گورنر جنرل - وائسرائے -
حَاکی - (ع - م) (۱) فونو گراف (۲) ٹیلیفون -
حَالَۃُ الحَزم - مال کے بند کرنے کا طریقہ
حَالَۃِ اموال موقوفہ - اس قسم کی ملکیت اراضی جس سے وہ ناقابل انتقال ہو جائے یہ اس صورت میں ہو جاتی ہے جب اراضی کسی جماعت کی ملکیت ہو جائے -
حَالَۃِ دَرلیتایہ - نقل کی وہ صورت جس میں کچھ بیان کیا جائے - یا کچھ پوچھا جاوے -
حَالُوم - (ع - د) قدیم مصری - پنیر یا گاڑھا دودھ (عوام حلوم کہتے

ہیں جو بعض غلط ہے)

حَامِض ۔ (ع ۔ م) ایسڈ ۔ ترشی

حَامِل ۔ اُٹھانے والا ۔ لدنے والا ۔

حَامِلُ الرَّایَۃ ۔ عَلَم بردار ۔ جھنڈا اُٹھانے والا ۔

حَامِیَہ ۔ سپاہیوں کا دستہ جو کسی قلعہ میں مقیم ہو ۔ محافظ سپاہیوں کی جماعت ۔ فوج

حَان } (ع ۔ م) مے فروش کی دکان ۔
حَانَۃ } شراب خانہ ۔

حَانوت ۔ مخزن ۔

حَانُوت ۔ (ع ۔ د) سریانی ۔ (الیو میل بعض معرّب قدیم معنی شراب خانہ یا دکان ۔ شراب کی دکان ۔ (حَوَانِیت) جمع ۔

حَانِیَہ ۔ (ع ۔ م) شراب خانہ ۔

حَاوِی ۔ (ع ۔ م) حَیَّۃ (سانپ) سے اسم فاعل ۔ سنپیرا ۔ سانپ والا ۔ جمع حُوَاۃ ۔

حَایِد ۔ غیر جانب دار ۔ نیوٹرل ۔

حَاہِرَہ حَاضِرَہ ۔ فوراً بنایا ہوا ۔

حَائِک ۔ جلاہا ۔

حُبّ ۔ (معرب فارسی خم یا خنب) بڑا گھڑا جس میں شراب یا سرکہ رکھیں ۔

حُبَّاک ۔ جلد ساز ۔

حُبُّ الذَّات ۔ (ع ۔ م) خود غرضی

حُبُّ النَّفس ۔ (ع ۔ م) خود غرضی ۔

حُنجُور ۔ عطر کی شیشی ۔

حِبر ۔ (ع ۔ د) ارامی (۱) دانشمند (۲) یہودی عالم (۳) سیاہی دوات

حَبر ۔ (ع ۔ م) ساسن لیٹ ۔ ایک کپڑا

حِبرِ اعظم ۔ (ع ۔ م) پوپ ۔ روم کا سردار ۔ پادری ۔ پونٹف ۔

حَبس مَعَ التَّشغِیل ۔ قید بامشقت

حَبک ۔ جلد باندھنا ۔

حَبلُ الکَبُول ۔ چھوٹی رسی ۔ (سمندر کی)

حَبلُ المَسَاکِین ۔ سانڈ

حُبلیٰ ۔ حاملہ عورت (حبالی) جمع

حَبّہ ۔ دانہ (حَبَّات) جمع

حَبّہ ۔ بندوق کی گولی (حَبَّات) جمع

حَبَبَہ - دُنّل
حَبَّۃُ البرکہ - کلونجی - حَبّۃُ السواد بھی
حُبْہان - الائچی -
حَتف - موت
حَتماً - ضروری - لابدی -
حُتُوسۃ حمُوضَۃ - (۱) کھٹائی - ترشی -
(۲) تیزاب - ایسڈ
حِتّۃ - ہر چیز کا ٹکڑا -
حِجاب - تعویذ - گنڈا -
حِجابَۃ - چمبرلین کا عہدہ -
حِجابِ مسدول - لٹکا یا ہوا پردہ -
حَجّار - سنگ تراش - پتھر پھوڑا -
حَجّارِی - صنعت سنگ تراشی - پتھر کا کام -
حِجامَۃ بالکاسات - بھری سنگی -
حُجّۃ - کورٹ آف لاز کا سرٹیفکٹ -
(حجج) جمع
حُجّۃ - وثیقہ - دستاویز - تمسک -
حَجَر - (ع - م) شطرنج کا مہرہ (حِجارَہ -
احجار) جمع -
حَجَر - (ع - م) لیتھو - سنگ طبع
حُجراتِ نشیمن - بیٹھنے کے حجرے یا کوٹھریاں -

حَجَر اَزرَق - ایک قسم کا نیلا پتھر -
حَجَرُ الاِمتحان - (ع - م) کسوٹی -
حَجَر البحاکوک - (ع - م) کوہ آتش فشاں
سے پگھلا ہوا مادہ حجری - لاوا -
حَجَرُ الخَفَّاف - جھاواں پتھر
حَجَر الشیشَۃ (ع - م) حقّے کی چلم
حَجَرُ الصِّحّی - (الحجر الصحی) (ع - م)
قرنطینہ -
حَجَر المحک
حَجَرُ الاِمتحان } کسوٹی - معیار
حَجَرُ النّار - چقماق -
حَجَر علی الجَرائِد - (الحجر علے الجرائد)
ع - م - اخبارات پر سختی، نگرانی
اور روک تھام
حَجَر کریم - جوہر - گوہر
حُجرہ فوقانیہ - اپر روم - اوپر کی منزل -
حَجَر ہوائی - شہاب ثاقب - وہ پتھر جو
کرہ ہوا سے گرتا ہے -
حَجَرِیّت - پتھر پن - پتھر ہو جانا - سختی -
حَجَرِیّۃ - (ع - م) سڑک وغیرہ پر پتھر
بچھانے کا فن -

حجز - ممانعت
حجز اداری - انتظامی ضبطی -
حجز السفینہ - دشمن کے جہاز کو روکنے کا حکم -
حجقیقوس } (معرب یونانی انگشوس)
حجکیوس } زہریلا درخت -
حجہ - وثیقہ - تمسک - انکار باللسان
حجیم - موٹا - دلدار
حداد - آہن گر - لہار -
حد ادنٰے - چھوٹی سی چھوٹی مقدار -
حد اقصٰے - بڑی سے بڑی مقدار
حدرامطری - شراب کی تیزی دریافت کرنے کا علم -
حدیث السن - جوان -
حدید اللسان - چرب زبان
حدید النظر - تیز نظر -
حدیقہ - باغ - پارک
حدیقۂ عمومیہ - (ع - م) پبلک گارڈن باغ عامہ -
حر - (ع - م) روشن خیال - آزاد خیال - (احرار) جمع -

حراج - (ع - م) نیلام - آکشن - نیلام کرنا -
حراج - نیلام کرنے والا - آکشنر
حراس السلطان - باڈی گارڈ - خاصہ بردار - فوج محافظ شاہ
حراف وزرنگ - حراف - گویا - باتون - تقریری - لسان - زرنگ - چالاک - چست -
حراقہ - (ع - م) تارپیڈو - جہاز تباہ کن کشتی (یونانی میں آتش بار جہاز کو حراقہ کہتے تھے) - (حراقات) جمع
حراقہ - پلاسٹر - مرہم جس سے چھالا پڑ جائے
حراقہ - (ع - م) زر کے تار جلا کر جو چاندی یا سونا نکالا جائے -
حراک - (ع - م) مقرر یا ایکٹر کی تقریر یا کھیل کرتے وقت اس کے ہاتھ پاؤں کی حرکت - پوزیشن -
حرام - (ع - م) شال - کمبل - بلانکٹ -
حرامی - چور - رہزن (حرامیہ) جمع -
حرائر - (حریر کی جمع) ع - م - ریشمی کپڑے
حربا - (معرب فارسی خوربان بمعنی محافظ آفتاب) آتش پرست - شماس

حَرْبِ اَہلی - خانہ جنگی - سیول وار۔

حَرْبِ اہلیہ - خانہ جنگی -

حَرْبِ زَبُون - ہولناک لڑائی۔

حَرْبَہ مِفْرَاق - برچھی - نیزہ

حَرْبِیَّہ - (ع-م) محکمۂ جنگ - جنگی قوت

حُرَّۃُ الوَجہ - رخسارہ - کلا

حَرْث ونسل - زمین اور اس کی پیداوار

حَرْذُون - (ع-ذ) ارامی - نرگوہ -
گھوڑ پھوڑ (دکنی) سوسمار۔

حَرَس - اسکورٹ - محافظ راہ - ہم رکاب
گارڈ - نگہبان - بدرقہ - راہ کی
حفاظت کے لئے سپاہیوں کا ساتھ
جانا۔

حَرَسُ السُّلطانی - (ع-م الحرس السلطانی)
فوج خاصہ - باڈی گارڈ -
کوکبہ سلطانی

حَرَسِ اَمامی - (دیکھو باشدار) ہراول -
دان گارڈ۔

حرش - جنگل

حروف قطعی - وہ حرف جس کا مخرج تالو سے

حَرَکت - حملہ - چڑھائی

حَرَکَۃ - وضع جس سے خیال جوش وغیرہ
ظاہر ہو۔

حَرَکَۃ / حَرَکت (ع-م) شورش - غدر - بغاوت
فساد - قومہ - جوش سیاسی
ایجیٹیشن - روانگی - کوچ۔

حَرَکتِ اِرْتِفَاعی - پانی کا چڑھاؤ - مد

حَرَکتِ اِنْخِفَاضی - پانی کا اتار - جزر

حُرْمَدَان - (معرب فارسی خردان) (۱)
کاغذ رکھنے کا چرمیں تھیلا - (۲)
گلدستہ (۳) کسبت - حجام کا ڈبہ۔

حَرَمَلَہ - زنانہ کرتا۔

حُرْمَہ - (ع-م) بیوی

حُرُوف - (ع-م) ٹائپ

حُرِّیَّت / حُرِّیَّۃ - آزادی - لبرٹی - (ع-م) آزاد خیالی - روشن خیالی

حُرِّیَّۃُ الْاَدْیَان - امور مذہبی میں آزادی

حُرِّیَّۃِ دِینِیَّہ - مذہبی آزادی -

حُرِّیَّتِ شَخْصِی / حُرِّیَّۃُ الشَّخص - شخصی آزادی

حریری - ریشمی کپڑے بیچنے والے

حَرِیص ۔ ہوشیار ۔ واقف ۔
حُرِّیَّۃ سیاسیّہ ملکی آزادی ۔
حِزام ۔ (ع ۔ م) پیٹی ۔ کمر بند ۔ کمر پٹّا ۔
حِزبُ الاَحرار ۔ لبرل پارٹی ۔ انگلستان
کی ایک سیاسی جماعت
حِزبُ الِاستِبدادیین ۔ (ع ۔ م)
کنسرویٹو پارٹی ۔ انگلستان کی ایک
سیاسی جماعت جو (حزبُ الاحرار)
کے مقابل ہے ۔
حِزبُ الحَرب ۔ وار پارٹی ۔ جنگ کرنیوالا
گروہ ۔
حِزبُ الحُرِّیَّۃ ۔ } لبرل پارٹی ۔ یورپ
حِزبُ المُتَسَاہِلِین ۔ } کی ایک سیاسی
جماعت جو آزادی کی حامی ہے ۔
حِزبُ المُحافِظِین ۔ (ع ۔ م) کنسرویٹو
پارٹی ۔
حِزبُ المُستَبِدِّین ۔ کنسرویٹو پارٹی ۔
حِزبِ سیاسی ۔ پولٹیکل پارٹی ۔
حَزم ۔ گٹھری بنانا ۔ باندھنا ۔ پارسل
پیک کرنا ۔
حَزمَہ ۔ پارسل ۔ گٹھری ۔ بقچہ ۔ پلندہ

حَزِیران ۔ (ع ۔ م) رومی مہینہ مطابق جون ۔
حِس ۔ قوت ادراک ۔
حِساب ۔ بل ۔ مطالبہ ۔
حِسابات دائمۃ ۔ جن حسابات کی
ادائی لازم ہو ۔
حِسابات مَدِینَۃ ۔ وہ حسابات جن کی رقم
قابل وصول ہو ۔
حِساب التَّسوِیَۃ ۔ حساب کا تصفیہ یا
جھڑتی ۔
حِساب التَّمام والتَّفاضُل ۔ علم ریاضی
کی ایک قسم ۔
حسابُ التَّخمِیر ۔ (ع ۔ م) بک کیپنگ ۔
دفترداری ۔ حساب کتاب ۔
حِساب تَصَوُّرِی ۔ جھوٹا حساب ۔
حِساب جارِی ۔ چلتا لیکھا ۔ جمع ۔ خرچ ۔
حِساب رُومی ۔ تاریخ یا سنہ کا وہ قدیم طریقہ
جو یورپ میں رائج تھا ۔
حِساب مَطلُوب مِنہُ ۔ دین کا کھاتہ
حِساب مَیِّتَۃ ۔ نکمّا یا برے کا حساب
حِسان ۔ }
خَیل ۔ } رسالہ

حِسانُ الشَّمس - بھورا گھوڑا -

تحسیم - (ع-م) قیمت میں کمی کرنا -

حِسّیات - (ع-م) جذبات - فیلنگ

حَشَرہ - کیڑا مکوڑا - (حشرات) جمع

حَشَم - مویشی - دھن - جانوروں کا گلہ

حَشوُ البُندُقیہ - (ع-م) بندوق بھرنا - بندوق میں گولی بھرنا -

حَشیشُ المُغیب - گانجا - بھنگ -

حَصاۃ - کنکر - پتھری (ایک مرض)

حِصان - نرگھوڑا

حَصالبان - (ع-م) روزمیری - ایک انگریزی پھول -

حَصبہ - مرض چیچک - آبلہ - سیتلا -

حِصص - منافع رسدی کے حصے -

حُصُول الجرد - حساب آمد و خرچ نکٹ مندرجہ دفتر کا مقابلہ و امتحان کرنا -

حَصوہ - پہیل - گار کا پتھر

حَصیر - بوریا - چٹائی -

حَصیری - / حُصُری - / حَصیربان - بوریا باف - چٹائی بیچنے والا - حصیرباف

حُضَّار - (حاضر کی جمع) حاضرین -

حَضَارہ - (ع-م) شایستگی - تہذیب - تمدن

حِضَانہ - بچے کی پرورش

حَضَرات - حضرۃ کی جمع -

حَضرۃ - (ع-م) ایک کلمہ تعظیمی جو نام سے پہلے مثل جناب - حضور آتا ہے - مسٹر صاحب -

حضرت ختمی مآب علیہ السلام - (ف-م) خاتم المرسلین حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے -

حَطّاب - جنگل سے لکڑیاں لانے والا - لکڑیاں بیچنے والا -

حَفَاض - لنگوٹ -

حُفرہ - غار - کھدائی - خندق -

خَفش - سیاہ خانہ - (احفاش) جمع -

حُفلۃ - (ع-م) جلسہ - مجلس - محفل - حفلات

حِفنیۃ - ٹونٹی -

حق - جو دلیل سے ثابت ہو

حقُ المحاکمۃ - اختیار یا حد سماعت جورسڈکشن علاقہ اختیار سماعت -

حقُ المرور - محصول راہ داری -

حقانیہ ۔ (ع۔م) محکمۂ عدالت دیوانی
جہاں حق کا دعویٰ ہوتا ہے۔
حقل ۔ (ع۔د) اراضی ۔ ہرا کھیت
کھڑی کھیتی۔
حق مکتسب ۔ محصلہ استحقاق
حقنۃ ۔ پچکاری ۔ عمل (حقن) جمع
حقوق ۔ (ع۔م) حق کی جمع ۔ قانون لا
حقوق الامۃ ۔ قومی قانون ۔
حقوق الملل } قومی یا بین الدولی
قوانین ملیۃ } قوانین ۔
حقوق متحایدہ ۔ وہ حقوق جو غیر جانب دار
سلطنت کو حاصل ہوتے ہیں ۔
حقہ باز ۔ بازی گر ۔ بھان متی ۔ مداری
حقہ بازی ۔ بازی گری ۔ بھان متی کا تماشا
حک ۔ (ع۔م) قطب نما ۔ قبلہ نما ۔
حکاک الالماس ۔ ہیرا تراشنے والا ۔
حکم ۔ تجویز ۔ فیصلہ (ع۔م) سلطنت
گورنمنٹ ۔
حکم اثبات الذنب ۔ تجویز ثبوت جرم
حکم الحجر ۔ فیصلۂ ممانعت ۔
تجویز ممانعت ۔

حکم الدستوری ۔ (الحکم الدستوری)
(ع۔م) پارلیمنٹ والی سلطنت
حکم العرفی ۔ (ع۔م) اربٹیریری گورنمنٹ
وہ سلطنت جو کسی جماعت یا ثالث
کی نگرانی میں قائم ہوتی ہے ۔
حکم العقبیٰ ۔ ثواب و عقاب سے مراد ہے ۔
حکم العقوبۃ ۔ تجویز سزا
حکم المحکمین ۔ فیصلہ ثالثی
حکم انتزاع ملکیۃ ۔ جلاوطنی کی تجویز
حکم باشی استبالیہ ۔ شفاخانہ کا
صدر افسر ۔
حکمت ۔ معرفت اشیائے موجودہ ۔
حکم تمہیدی ۔ تجویز یا ڈگری جو اثنائے
نالش میں صادر کی جائے اور جس کا
منشا فیصلہ قطعی کرنے کا نہ ہو ۔
حکم جنائی ۔ فیصلہ فوجداری
حکم دار ۔ گورنر ۔ کمانڈنگ آفیسر ۔
حکم دار ۔ (ع۔م) (۱) ویسرائے (۲)
سپاہ دار ۔ سپاہ سالار ۔
حکم دار پولیس ۔ کمانڈر پولیس
افسر پولیس ۔

حُکمِ دارِیَّہ ۔ سرداری
حُکمِ دُستوری ۔ آئینی حکومت ۔ وہ سلطنت جس میں پارلیمنٹ کے ذریعے بادشاہ کی طاقت محدود ہوتی ہے ۔ دستوری حکومت
حُکمِ عُرفی ۔ کسی شخص واحد کا فیصلہ ثالثی
حُکمِ غیابی ۔ فیصلہ بوجہ عدم پیروی ۔ تجویز عدم پیروی ۔ تجویز عدم تعمیل حکم عدالت ۔
حُکمِ محکمہ استیناف ۔ ہائی کورٹ کا فیصلہ
حُکمِ محکمہ جزئیہ ۔ سمری ٹربیونل کی تجویز
حُکمِ مُستانف ۔ تجویز مرافعہ ۔
حُکُومَت ۔ (اَلحکومۃ) ع ۔ م ۔ گورنمنٹ سلطنت ۔
حُکُومَۃ اِجرائیہ ۔ اکزیکیوٹیو پور ۔ تعمیلی اقتدار ۔
حُکُومَۃ الاَعیان ۔ امرا اور شرفا کی سلطنت ۔
حُکُومَۃ الخواص ۔ وہ سلطنت جسمیں چند امرا حکومت کا انتظام کریں ۔
حُکُومَۃ السنیہ ۔ (الحکومۃ السنیۃ) ع ۔ م ۔ ترکی گورنمنٹ ۔
حُکُومَۃ الشَّعب ۔ جمہور یا کسی قبیلہ کی حکومت ۔
حُکُومَۃ انتخابیہ ۔ نیابتی سلطنت
حُکُومَت دستوری ۔ پارلیمنٹ
حُکم الدستوری ۔ والی سلطنت کا نسٹیٹیوشنل گورنمنٹ ۔
حُکُومَۃ شوریہ ۔ ریپریزنٹیٹو گورنمنٹ نیابتی حکومت ۔
حُکُومَۃ متسائلہ ۔ وہ حکومت جو امور ملکی یا مذہبی میں آزادانہ برتاؤ کی حامی ہو ۔ لبرل گورنمنٹ ۔
حُکُومَۃ محلیہ ۔ مقامی حکومت
حُکُومَۃ مطلقہ ۔ شخصی سلطنت ۔ ابسولیوٹ پور ۔ مطلق العنان یا خود مختار ریاست ۔
حکیم باشی ۔ (ع ۔ م) افسر اطبا ۔ صدر طبیب ۔ رئیس الاطبا ۔
حکیم بیطاری ۔ سالوتری ۔ وٹرنری سرجن
حلاجی ۔ روئی دھنکنے کا کام ۔
حلاجی ۔ (ع ۔ م) عوام کی زبان ہے ۔

دھنیا۔ حلاج۔
حَلّاق ۔ نائی۔ حجام۔
حَلال ۔ جس میں کسی قسم کی قید نہ ہو
حَلاوہ ۔ (ع۔م) مٹھائی۔
حلب } فولاد
بَولاد }
حَلبی سازی ۔ ٹین کا کام
حِلزَون ۔ گونگا۔ (حلزونات) جمع
حَلزُون ۔ سنکھ۔ گھونگا۔
حِلزونی ۔ پیچ دار کیل۔
حَلف بالمُحرّکات ۔ مقدس چیزوں کی قسم کھانا۔
حَلق ۔ کان کی بالی۔
حَلوائی ۔ مٹھائی بنانے والا۔
حَلویٰ ۔ چقندر۔
حُلّہ ۔ گوشت ترکاری پکانے کی چھوٹی دیگچی۔
حَلیب ۔ دودھ
حَماق ۔ چھوٹی چیچک۔
حَمّال ۔ (ع۔م) قلی۔
حَمّالات البَنطلُون ۔ (ع۔م) پتلون کے تسمے۔
حَمّامات عُمُومِیّہ ۔ پبلک۔ عامۃ الناس غسل خانے۔
حَمائل ۔ (۱) بدھی۔ سیلی۔ ہار (۲) وہ چوڑے فیتے کا دوال جسکو بادشاہ یا ویسرائے گلے میں ڈالتے ہیں۔ حمال۔
حِمایۃ ۔ (ع۔م) وہ لوگ جو کسی سلطنت میں رہتے ہوں مگر اسکی رعیت نہ ہوں بلکہ کسی دوسری سلطنت کے زیر حمایت ہوں۔ رعیت ۔ وہ سلطنت جو کسی قوی سلطنت کی نگرانی میں ہو۔
حُمرۃ ۔ سرخی۔ لالی۔ رنگ سرخ۔
حَمض ۔ (ع۔م) ایسڈ۔ تیزاب
حَمض الخَل ۔ ایسٹیک اسیڈ
حَمطیط } (یونانی ہیمتیس) ایک کیڑا جو بہار میں پیدا ہوتا ہے
حَمُوط } خابستہ پوروں کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔
حَملۃ ۔ (ع۔م) فوج کا دستہ اصباب کا

ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔

حمل و نقل ۔ لادنا اور اُتارنا ۔ اُتارنا چڑھانا۔

حُمَم ۔ آتش خیز پہاڑوں کا پگھلا ہوا مادہ

حُمُولَہ ۔ بار ۔ بوجھ ۔ بھرتی ۔ کھیپ
کرایہ باربرداری ۔

حُمُولۃُ المرکب ۔ بار جہاز ۔ مال جہاز

حَمِیَّہ ۔ مجلس انتظامی یا واضع آئین ۔

حناء ۔ رت جگا ۔ جس رات کو شادی میں
جاگتے ہیں ۔

حنانہ ۔ مہربانی ۔ نوازش

حنش ۔ نر سانپ

حنفیہ ۔ قلفی جو حوض وغیرہ میں پانی
نکالنے کو لگاتے ہیں ۔ ٹونٹی ۔

حَنَّہ ۔ عورت کا نام

حَنَّہ ۔ جوش ۔ رقت ۔ دلسوزی

حَوادِثُ التلغراف ۔ تاربرقی
کی خبریں ۔

حَوادِثُ الجنائیۃ ۔ جرائم فوجداری ۔

حَوادِث تلغراف الاخیرہ ۔
تاربرقی کی آخری خبریں ۔

حَوادِث محلیۃ ۔ لوکل خبریں ۔ مقامی
خبریں ۔

حُوارہ ۔ کنکر

حَوالہ ۔ درافٹ ۔ ہنڈی ۔ بل ۔ مطالبہ ۔

حَوالۃُ الخزانۃ ۔ کاغذ زر سرکاری
جس پر سود ملتا ہے ۔ [illegible]

حَوالۃ تدفع مال عند الاطلاع ۔ درشنی

حَوالہ ۔ فرد حساب ۔ مطالبہ (حوالات)
جمع

حَوالہ بوستہ خارجیہ ۔ ممالک غیر کا منی آرڈر

حَوالہ بوستہ داخلیہ ۔ ان لینڈ
منی آرڈر ۔

حَوالہ تقدیمی ۔ درشنی ہنڈی ۔

حَوالہ داخلیہ ۔ بل آف اکسچینج جو ملک
کے اندر تحریر کیا گیا ہو اور ملک کے
اندر ہی قابل ادا ہو ۔

حَوالۃ لثلاثۃ اشہر ۔ ہنڈی میعادی
۳ ماہ ۔

حَوائج ۔ کپڑوں (لباس) کی گٹھڑی ۔ میلے کپڑے
جو دھونے کے لئے دئے جائیں
اشباب

حُوش ۔ صحن خانہ

حُوَیْنُ الْبَقَر - گوسالہ
حَوْض - گودی - لنگرگاہ -
حَوْض } دریا کا طاس - ملک کا وہ حصّہ
حَوْضَہ } جس کا کل پانی کسی ایک دریا میں
جا گرتا ہو -
حَوْضُ السُّوَیْس - نہر سویس کے متصل
حوض سویس ہے جس میں بوقت
طغیانی و طوفان جہاز لنگر انداز ہوتا ہے
حَوْض خَانَہ - وہ مکان جو حوض کی حفاظت
کے واسطے بنایا گیا ہو -
حَوْض خَانَہ کاری - حوض کے اوپر کی
کھپریل - چھپر یا سائبان -
حَوْضَہ وہ قطعہ زمین جس کا پانی سینچ کر
دریا میں جاتا ہو - طاس
حَوْقَلَہ - جس کا ذکر کم زور ہو -
حوک - بُننا -
حَیَاط - دیوار کا احاطہ - صحن انگنائی -
حَیْثِیَّہ - عزت و دولت - حیثیتُ الحکم -
حَیدرانلو - ایک قبیلہ کا نام -
حِیْزَہ - احاطہ - چار دیواری - حصار -
حِیْشَان - جمع (حُوش)

حِیَلِ تَدْلِیْسِیَّہ - فریب کی تدبیریں
دھوکے کی چالیں -
حَیَوانَاتُ الحَیَّہ - جانوران زندہ جیسے
گھوڑے - گدھے - گائے بکریاں وغیرہ
حَیَوانَاتِ بَرِّیَّہ - جنگلی جانور
حَیَوانَاتِ دَرْدَا - بے دانت کے جانور
حَیَوانَاتِ لَبُوْنَہ - دودھ پلانے والے
جانور -
حَیَوانَاتِ مُجْتَرَّہ - کترنے والے جانور -

باب الخاء

خابِیَہ - (معرب ارامی) خم
خَاتَمُ الدَّولَۃ - سلطنت کی مہر
خَاتَمِ حُکمدَارِیہ خَاص - پریوی سیل -
مہر شاہی -
خَاتَمِ رَسْمِی - سرکاری مہر -
خَاتُوْن - (ع - د) ترکی - لیڈی - بیگم
خدم - (خواتین) جمع
خَادِمُ السُّفْرَہ - ویٹر - کھانا کھلانے والا
ملازم -

خَارِجی ۔ بیرونی ۔
خَارِجی ۔ (مولد) غیر بورڈر طالب العلم ۔ ڈے سکالر ۔
خَارِجیَہ ۔ (ع ۔ م) وہ مدرسہ جس میں بورڈنگ نہ ہو ۔
خَارِجیَہ ۔ (ع ۔ م) فارن آفس ممالک غیر کے متعلق محکمہ ۔
خَارِطہ ۔ (معرب لاطینی چارٹہ) جغرافی نقشہ جغرافیہ کا نقشہ ۔
خَارِطہ } جغرافیہ کا نقشہ
خَرِیطَہ }
خَارُوف ۔ بھیڑ کا بچہ ۔
خَازِن ۔ خزانچی ۔
خَازِنُ الْمُلک ۔ لارڈ ٹریژرر ۔ امیر خزانہ
خَاشتُوقَۃ ۔ (ع ۔ د) ترکی چمچہ
خَاشُوقَہ ۔ چمچہ ۔
خَاطِر ۔ (ع ۔ م) ۔ (۱) تصور ۔ خیال (۲) پاس ۔ لحاظ ۔ (خواطر) جمع
خَاطِر ۔ (ع ۔ م) آنے والا (خطّار) جمع
خَاطِف ۔ عورتوں یا لڑکیوں کو بھگا لے جانے والے ۔

خَاطِفُ الْبَشَر ۔ انسان کو جبراً لے بھاگنے والا
خَاقَان ۔ (معرب ترکی) مغلوں کے بادشاہ کا لقب ۔
خَالِصُ الْمَصَارِیف ۔ محصول یا اخراجات سے بری یا معاف ۔
خَالِصَہ ۔ شاہی ملک ۔ زمین شاہی ۔ علاقہ شاہی ۔
خَالِصَہ اُجرَۃُ الْبَرِید ۔ (ع ۔ م) پیڈ محصول ڈاک ادا کیا ہوا ۔
خَالِی مِنَ الرُّسُوم ۔ بلا اخراجات ۔ اخراجات سے معاف ۔
خَام ۔ (۱) ع ۔ م ۔ سوتی کپڑا چھینٹ (۲) معرب فارسی ۔ ناپختہ کچا ۔
خَان ۔ (معرب فارسی) (۱) دکان ۔ سرائے ہوٹل ۔ (۲) دکاندار
خَانات ۔ ہوٹلیں ۔ سرائیں ۔
خَانقاہ } (معرب فارسی خانگاہ) درویشوں
خَانگاہ } اور زاہدوں کا عبادت خانہ
خَانِقَہ }
خَانم ۔ (معرب ترکی) صاحبہ لیڈی ۔ خاتون
خَانوار ۔ گھر ۔ مکان ۔ حویلی ۔

خَانَۃ - کالم - عمود -
خَبَّاز - نان بائی -
خِبَازَۃ - نان بائی کا کام
خَبَرٌ رَسْمِی - سرکاری اطلاع -
خُبَیْرَہ - (معرب اندلسی کوبرہ) مس تانبا
خَبَرِیَّۃ - خبریں - اطلاعیں -
خُبْز - روٹی
خُبْزٌ اِفْرِنْجِی - (ع-م) پاؤ روٹی - نان بنبہ
خُبْزُ الْغُرَاب - جو چھتری کی طرح موسم بارش میں زمین سے اُگتے ہیں -
خُبْز بَلَدِی - (ع-م) دیسی روٹی
خُبْز عَشِم - خشک روٹی - خراب روٹی -
خَبِیْر - (ع-م) اکسپرٹ - مُبَصِّر -
خَبِیْر - پیشہ ور - محاسب - ماہر - مبصر -
خَبِیْرُ الْخُطُوط - اکسپرٹ - ان ہینڈ رائٹنگ خطوط یا تحریرات کی شناخت کا ماہر
خَبِیْر قَانُوْنِی - لیگل ادوائزر - مُقَنِّن
خَبِیْص - (معرب سریانی) افروشہ ایک قسم کا حلوا
خَخَام - (م - ترکی) یہودیوں کا راہب
خَدْش - رگڑ - گھسائی -

خَدَمُ الْقَصْر - افسروں کا محل -
خِدْمَۃ - (ع-م) نوکری - فرض - فنکشن
خِدْمَۃُ الدَّوْلَۃِ السِّیَاسِیَّۃِ وَالْقَلَمِیَّۃِ - سیول سروس - دیوانی نوکری -
خِدْمَۃُ الْیَوْمِیَّۃ - روزانہ انتظام -
خِدْمَۃٌ رَسْمِیَّۃ - سرکاری فریضہ یا ڈیوٹی
خِدْمَۃٌ عَسْکَرِیَّۃ - فوجی نوکری -
خِدْن - دوست (اَخْدَان) جمع
خَدِیْو - (معرب فارسی) شاہ مصر کا لقب جو ترکوں نے ۱۸۶۵ء میں عطا کیا
خُدَیْوِی - (منسوب بہ خدیو) (۱) مالک بادشاہ وزیر (۲) مصر کے سابق حکمران کا خطاب -
خُرَّاج - کلال -
خُرَاج - پھوڑا پھنسی -
خَرَّاط - خرادی
خَرَائِب اَطْلَال - ڈھیر - کھنڈر - تودوں کے ڈھیر
خَرْبُز - (معرب ترکی قارپوز) تربزہ
خُرْطُوس - کارتوس -
خُرْج - (معرب فارسی) خرجین - جوال -

خَرْجُ الجَیب ۔ جیب خرچ ۔
خَرْج کرایہ وَبیمہ ۔ فریٹ اور انشورنس
کا صرفہ
خَرجَہ ۔ (معرب فارسی خرگاہ) جھرو کا ۔
خُرجُہ ۔ (معرب) پورٹمنٹو ۔ وہ چھوٹا سا تھیلا
جو زین میں ہوتا ہے ۔ خرجین ۔
خَرجِیَّۃُ الشَیْرقہ ۔ جیب خرچ ۔ پاکٹ منی
خَرْدَق ۔ } (معرب فارسی خوردہ) چھترا ۔
خُرْدُق ۔ } (خرادق) جمع
خَرْدَل ۔ رائی ۔
خَرْدَلِیَّہ ۔ رائی دان
خُرْدَوات ۔ (معرب فارسی بواسطہ ترکی)
معمولی اسباب تجارت ۔ اشیائے
فروختنی ۔
خُرْدَوَاتی ۔ } بساطی ۔
خُرْدَواتجی }
خُرْدَہ ۔ دیکھو (خردق) ۔
خُرْدِیق ۔ (معرب فارسی خوردہ) ایک قسم
کا طعام جو مثل حریرے کے پکایا جاتا ہے
خَرْزُ الظّہر ۔ ریڑھ کی ہڈی ۔
خَرْزَان ۔ (غالباً یہ ملایا کی زبان ہے)
دیکھو (خیزران ۔
خَرْزَمَہ ۔ معرب یونانی خرزمہ ۔ موبرہ ۔ لوزہ
خَرْزَہ ۔ مہرہ ۔ منکا ۔
خَرْزَہرَہ ۔ درخت کنیر
خَرْسانَہ ۔ سیج ۔ گچی ۔
خَرِستیان ۔ (معرب کرسچین) عیسائی
خَرِستِیانَہ ۔ (معرب کرسچیانا) ملک
ناروے کا پایۂ تخت ۔
خَرْشُف } ایک قسم کی بھاجی
خَرْشُوف }
خَرْطُوش ۔ (معرب انگریزی) کارتوس
خَرْطُوش ۔ تاجروں کے روزانہ فروخت کا
کچا چٹھا ۔
خَرْطُوشہ ۔ کارتوس ۔ ٹوٹا
خَرْطُوم ۔ ملک سوڈان کا پایۂ تخت ۔
خَرْطَہ }
خَارِطَہ } نقشہ
خَرِیطَہ }
خَرْطِیط ۔ (افریقہ کی کسی زبان سے آیا ہے)
کرگدن ۔ گینڈا
خَرْطِیط ۔ پروانہ

خُرْعُوب - نرم شاخ - (خَراعِیب) جمع

خُرْفان - جمع (خروف) مینڈھا - دُنبہ -

خَرْق - سوراخ -

خِرْق - نادان - احمق

خَرْقَاہ - (معرب فارسی خرگاہ) خیمہ - ڈیرا -

خَرْقَاہَہ - (معرب خرگاہ) خیمہ ڈیرا

خَرْقَہ - دیکھو (خرقاہہ) -

خِرْقَہ - عبا - لبادہ -

خَرْگُوش - (معرب فارسی خرگوش) خرگوش -

خُرَّم - (معرب فارسی) خوش تازہ

خَرْوار - ایک وزن جو نو من تیرہ سیر پانچ
چھٹانک ایک تولہ ۸ ماشہ کے برابر ہے -

خُرُوج - چھوٹی چھوٹی باتیں جن سے
وقت ضائع ہوتا ہے -

خُرُوجی - باہر نکلا ہوا - ابھروان

خُرُوس - پاشنۂ بندوق -

خِرْوَع - ارنڈ

خِرْوَف - دیکھو (خاروف) -

خِرِّیج مُدْرَسَہ - کسی مدرسہ کا سند یافتہ

خُرَیْر - رقیق شئے کا تھوڑا تھوڑا گرنا -

خُرَیطَہ - (معرب لاطینی چارتا) ممالک کا نقشہ

میاپ - خارط -

خَزّ - (معرب فارسی قز) - (اندلسی میں خنج)
ریشم - ریشمی کپڑا -

خِزام - ڈورا -

خِزَانَۃُ السِّلاح - (ع م) مخزن -
میگزین - گودام - سلاح خانہ

خِزَانَۃُ الْکُتُب - کتب خانہ

خِزَانَۃُ الْمَلْبُوس - کپڑے رکھنے کا
صندوق -

خِزَانہ - سرکاری محکمہ

خِزَانۂ حَوائج - توشک خانہ

خَزْرُ الْعَین - شارٹ سائٹڈ ہونا -
قصیر النظر ہونا -

خَزْرَانِق - (معرب فارسی خوش رنگ یا
خودرنگ) ایک قسم کا سفید کپڑا -

خَزَن - (معرب فارسی) خزانہ *

خَزَن دار - (معرب فارسی) خزانہ دار
خزانچی -

خَزِینَۃُ الدَّوْلَۃ - وہ روپیہ جو گورنمنٹ
کو قرض دیا جائے - کفالت نامجات
سرکاری مثلاً نوٹ جن کا سود اوقات

مقررہ پر ملتا ہے پبلک فنڈ۔

خَزِیْنَۃُ المِیْرِیْ ۔ سرکاری خزانہ ۔ خزانہ عامرہ

خَزِیْنَۃٌ عَامَّۃٌ ۔ خزانہ عامرہ ۔ اکسچکر ٹریژری

خَزِیْنَۃٌ مَالِیَّۃٌ ۔ فیناشل ٹریژری

خَسَارَۃٌ ۔ نقصان ۔ لوٹا ۔ خسارہ ۔

خَسَائِر ۔ نقصانات

نَخْتَنْکَد ۔ (معرب فارسی خستہ) کسلمندی ناورست طبیعت ۔

خَسْتَہ خَانَہ ۔ بیمارستان ہسپتال

خُسْرَان ۔ نقصان ۔ ہلاکت ۔

خُسْرَوَانِی ۔ (معرب فارسی) نرم اور باریک ریشم جو بہت عمدہ بنا ہو ۔

خَشَّاب ۔ لکڑی والا ۔

خُشَّابَۃٌ ۔ (۱) سگ خانہ ۔ کتا خانہ (۲) حقیر گھر

خَشَاف ۔ (معرب فارسی خوش آب) مویز انگور جنھیں پانی میں ڈالا ہو ۔

خَشَبُ البُنْدُقِیَّۃِ ۔ بندوق کا کندہ

خَشْتَق ۔ } (معرب فارسی) کمر کے
خَشْتَک (عوام) } قریب کا جیب

خَشْخَاشَتَۃ ۔ مجوسیوں کا قبرستان

خُشْکَار ۔ (معرب فارسی) گیہوں کا کچا آٹا ۔ بن چھنا ہوا آٹا ۔

خشکنانج ۔ (معرب فارسی خشک نان) نالیہ

خشکنانک ۔ دیکھو (خشکنانج)

خُصّ ۔ جھونپڑی (خصاص) جمع

خِصَام ۔ جھگڑا ۔ خرخشہ ۔ تضیہ

خصمۃ ۔ توبڑا ۔

خَصَم ۔ (مولد) کمیشن دینا ۔ قیمت کم کرنا ۔

خَصْم ۔ فریق

خَصْم سکونتو ۔ سود وغیرہ کی منہائی کرنے کے بعد روپیہ دینا

خُصُوصِی ۔ (ع ۔ م) اسپلسٹ ۔ خانگی ۔ نج کا ماہر علم خاص ۔

خُصُوصِیّ ۔ پرائیویٹ ۔ ذاتی

خُضَارَات الطَّازَۃ ۔ ترکاریاں ۔

خَضَارَۃ ۔ سبزی ۔ ہریالی ۔

خُضَّان ۔ (معرب فارسی) فراک کوٹ ۔

خُضْرَۃ ۔ سبزی ۔ ہریالی ۔

خُضَرِیّ ۔ سبزی فروش ۔ کنجڑا

خَصْم ۔ کمیشن دینا ۔

خَط - (ع - م) گاڑی کی لائن - ریل -
خَطَا - (ضد صواب) جو مقصود کو نہ پہنچا ہے
خِطَاب - (ع - م) لکچر - تقریر - (خطّ)
خِطَابَۃ - (ع - م) تقریر - اسپیچ - تقریر کرنے کا علم -
خَطَّاط - خوش نویس
خَطَّاط - منشی - کاتب
خَطُّ البَلَد - حارہ یعنی محلہ -
خَطُّ الحَرق - آتشبازی کا خط
خَطُّ الرُّجوع - واپس ہونے کا خط
خَطُّ السِّکہ (ع - م) ریل کی سڑک
خَطُّ الشَّاقُول - ساقول کا سوت - پلم لائن
خَطُّ الشَّرِیف - نوشتہ سلطانی
خَطُّ الطَّوالی - سیدھی راہ -
خَطُّ المُوَاصَلہ - حمل و نقل کا راستہ
خَطُّ السَّتار - اونچی دیوار - پیراپٹ
خَطُّ النَّظَر - حدِ نظر -
خُطبَۃُ الرِّیاسَۃ - پریسیڈنشل اسپیچ -
خُطبَۃ شِروانیّہ - فصیح و بلیغ اسپیچ -
خُطبَہ - لکچر - اسپیچ - تقریر - وعظ - گفتگو - درس - (خُطَب) جمع

خُطبَہ غرّا - فصیح خطبہ - فصیح تقریر
خَطِّ ثُلث - خط شکستہ
خَطَر - خبر
خَطِّ رسمی - سرکاری مراسلہ -
خَطِّ رفیع - خوش خط
خَطِّ شریف - فرمان سلطانی -
خَطفُ البَنات - لڑکیوں کو بھگا لیجانا
خط قبطی - مصر کا قدیم خط
خط مُزدوج - دہری لکیر
خط مُنحنی - مڑی ہوئی یا خمیدہ لکیر
خُطوط - جمع (خط) راہ
خَطوَہ - قدم - رفتار - (خطاوی) جمع
خُطّہ - (ع - م) پالیسی روشن -
خطّ ہمایونی - سلطان روم کا فرمان
خَطِیب - مقرر - اسپیکر
خَفتَان - (معرب فارسی خفتان) ایک قسم کا جبّہ جو لڑائی کے وقت پہنتے ہیں - فراک کوٹ (ترکی) قلماتی
خَفرِ کبیر - صدر ہراول -
خَفض - پست کرنا
خَفِیر - گارڈ من

خَفِیر - (ع م) - (۱) بدرقہ (رہبر) (۲) سنتری - چوکیدار - جمع خفرا

خَفِیف - لمبا کدو - ہرا کدو -

خَفِیفُ الرِّداء - جس پر عیال اور قرض کا بار کم ہو

خَفِیفُ العَارِضَین - چھدری ڈاڑھی والا

خَل - سرکہ

خَلاص - فارغ ہونا - چھٹی پانا - برخاست کرنا -

خُلاصات - خلاصہ کی جمع - جوہر روغن و عرق وغیرہ -

خِلاف - (ع - م) سوا -

خُلع - جوڑ کا اُتر جانا - بے جگہ ہو جانا - سرکاؤ -

خَلع - عزل کرنا یا ہونا - کام سے علیحدہ ہونا - استعفا -

خَلَف - (ارامی) تیر

خَلغَین - (معرب یونانی خلکنان تانبے کی بڑی دیگ -

خِلقتِ معیوب - عیب دار خلقت - پیدائش سے عیب دار -

خِلَنج - (معرب فارسی خدنگ) ایک صحرائی درخت جسکی لکڑی سخت ہوتی ہے -

خَلوَۃُ الرُّقَاد - سونے کا کمرہ

خُلوص - مال تیار کرنا -

خَلوہ اَرْبابِ سِیاسَت - دیوان خاص

خَلِیج - (معرب فارسی کاریز) کھاڑی یا گلف نہر -

خَلِیک - عربی، فرانسیسی مرکب خل - سرکہ کی طرح کھٹا - سرکہ کی سی ترشی -

خَلِیبَہ - مادہ غزال -

خَلِیَّہ - شہد کی مکھیوں کا چھتہ (خلایا) جمع

خُم - (معرب فارسی خن) فارغ باغ -

خُم - (معرب فارسی خم) وہ ڈبا جس میں گھاس بچھاتے ہیں تاکہ مرغیاں انڈا دیں -

خَمّار - (ع - م) شراب فروش -

خَمّارہ - شراب خانہ -

خَمرِ مَقتُولہ - باسی شراب

خُمترہ - سبوچہ - ٹھلیا - مٹکا - گھڑا - خم

خَمسَۃً بِالمِأۃ - بحساب پنج فی صد

خَمل - (فارسی کملی - یہ لفظ کئی زبانوں میں موجود ہے اس لئے کہہ نہیں سکتے کہ اسکی اصل کیا ہے -) مخمل (کمین) گھات

کی جگہ) ث

خَمَن - (معرب فارسی گمان) خیال کرنا -
گمان کرنا۔

خَمِیر - (معرب ارامی) ضد فطیر

خَمِیصہ - (معرب ارامی) بڑی قبا جس کے
کنارے سیاہ کپڑے کے ہوں -

خَمِیلَہ - گھنے درخت (خَمَائِل) جمع

خُنّ - (معرب فارسی خن) - (۱) مرغیوں
کا ڈربہ - قفس مرغاں - (۲) گاڑی
کا ڈبا

خَنْدَق - } (معرب فارسی کندہ) مغاک
خَنْدَاق - } کھائی -

خَنْدَرِیس - شراب

خَنْدَرِیس - (معرب یونانی خندروس)

خَنْقُ البَنْدِیرَہ - (ع - م) جہاز کے
نصف مستول پر پھریرا باندھنا -

خُنْکار - شہزادہ -

خِنَّوص - بچہ خوک

خَواجہ - (معرب فارسی خواجہ) (۱) تاجر
(۲) مسٹر - صاحب - کلمۂ تعظیم -
آخندی -

خُواجہ - شریف آدمی - معزز آدمی -
جنٹلمین -

خَوَّام - (ع - م) مشتق از خام - پارچہ فروش

خُوان - (معرب فارسی خوان)
(۱) دستر خواں (۲) کھانیکی میز -

خُوجِتاس - خواجہ تاش - ایک ہی آقا
کے دو غلام -

خُوجہ - (از ترکی) معلم - استاد - مدرس
(خوجات) جمع -

خُوذ - خود لوہے کی ٹوپی -

خُور - خلیج - کھاڑی

خَور - پانی کے راستے جو آپ سے آپ
پیدا ہو جائیں -

خُوری - ضلع کا پادری - پادری

خُوشْتَاش - رفیق ہمراہی - ساتھی -

خَیَال - اسپ - گھوڑا (شطرنج میں)

خَیَّال - شہسوار -

خَیَّالَہ - (ع - م) مشتق ہے خیل سے
بمعنی اسپ (۱) سوارہ فوج - کیولری
(۲) سوار

خَیَّالَہ خَاصَّہ - سوارہ محافظ فوج -

خَیبری - افغانوں کی قوم (خیابرا) جمع
خَیزُرَان - بید - لچک دار لکڑی -
خَیرُ مُشَیر - عمدہ شمشیر
خَیش - (ع - م) بڑا بورا - تھیلا - تمبو کرپچ کپڑا
خَیطُ الْقِنَّب - ولایتی باریک ڈوریا -
خَیطُ الْقِیَاس - ناپنے کی ڈوری -
خَیطُ الکَرَامَدہ - ریل - ولایتی دھاگے جو لکڑی پر لپٹے آتے ہیں -
خَیلِ رِہَان - شرط کے گھوڑے -
خَیلَہ - حجرہ - کوٹھڑی -
رخیم - طبیعت

بَاب الدَّال

دَابُوق) (ع - م) ارامی - سریشم لاسا
دِبْق -) جس سے پرندے کو شکار
دَبُوقَاء -) کرتے ہیں -
دَاتُورَہ - (معرب ہندی دھتورہ) ایک قسم کی زہریلی دوا جس کے پھلوں کو عربی میں (جوزماثل) کہتے ہیں -

دَاخِلی - (ع - م) بورڈر - وہ طالب علم جو بورڈنگ میں رہتا ہو -
دَاخِلِیَّہ - (ع - م) - (۱) وہ درسگاہ جس میں بورڈنگ ہو - (۲) ہوم ڈپارٹمنٹ - ہوم سکریٹ - سلطنت کی اندرونی نظامت -
دَارائی شیونات - اعزاز کا نشان یا تمغہ رکھنے والا -
دَارصِینی - (معرب فارسی دارچینی) ایک درخت کا نام جو چین میں پیدا ہوتا ہے
دَادَات - (ع - د - ت) دایہ - دادہ کی جمع
دَادَاۃ - (ع - دخیل ترکی) فاطمہ -
دَادَۃ - (ع - د - ت) دایہ -
دَارُالآثَار - آثار قدیمہ کا عجائب خانہ -
دَارُالآثَارُ العَرَبِیَّۃ - قاہرہ میں ایک عجائب خانہ ہے جہاں عرب کی قدیم چیزیں رکھی گئی ہیں
دَارُالاَیتَام - دارالیتامیٰ - یتیم خانہ
دَارُالتِّجَارَۃ - چیمبر آف کامرس - تجارت کے امور کے متعلق انجمن بغرض

حفظ تجارت -
دَارُالتُّحَف - میوزیم - عجائب خانہ
دَارُالسَّعَادَہ - قسطنطنیہ
دَارُالشِّفَاء - ہسپتال - دواخانہ
دَارُالشُّورٰی - پارلیمنٹ ہوز -
دَارُالصَّنْعَہ - جہاز سازی کا کارخانہ
سلاح خانہ
دَارُالضَّرب - ٹکسال - منٹ
دَارُالطِّبَاعَہ - پرنٹنگ آفس - چھاپنے
کا دفتر - حیدرآباد میں (دارالطبع)
کہتے ہیں -
دَارُالعَجَزَہ - (ع - م) محتاج خانہ -
بیکس خانہ - غریب خانہ - اپاہج خانہ
جس میں لولے، لنگڑے، اندھے
بوڑھے آدمیوں کی پرورش ہو
دَارُالغِنَا - میوزک ہال - نغمہ خانہ - سرودگاہ
دَارُالفُنُون - (ع - م) اکاڈمی - مجلس
علمی - یونیورسٹی -
دَارُالقَضَاء - کورٹ - محکمہ - عدالت
دَارُالکُتُب - (ع - م) کتب خانہ
دَارُالمُتَصَرّف اِنگلیزی - برٹش

رزیڈنسی -
دَارُالمَرضٰی - شفاخانہ
دَارُالنَّدوَہ - کمیٹی
دَارِج - وضعدار
دَارضَرب العملہ - دارالضرب
دَارِع - (ع - م) مشتق از درع - زرہ پوش
جہاز - آہن پوش جہاز (دَوَارِع)
جمع -
دَاسُوس - (ع - م) جاسوس کا بدل -
بقول بعض مشتق ہے دَش سے جسکے
معنی ہیں سازش کے -
دَاش - (معرب) ایک کھیل کا نام -
دَاشَن - (معرب فارسی دستاران) نیا کپڑا
جو نہ پہنا ہو -
دَاعِی - ماموں -
دَاغ - (معرب) وہ نشان جو حیوانات پر
شناخت کے لئے لگایا جاتا ہے -
دَافِع - ادا کرنے والا -
دَالِیَہ - (ع - م) (۱) انگور (۲) انگور کی شراب
(دَوَالی) جمع -
دَامَجَانَہ - (معرب اطالیہ دامجانا) قرابہ

کپ بشیشہ کلاں۔
دَامِ دِیُوزُ۔ (معرب انگریزی ڈام ڈیوس) دایہ۔ تیمار دار عورت۔ خادمہ۔
مصاحب عورت کی دایہ۔ آیا۔
دَامُوسُ۔ (معرب لاطینی دمُوس) وہ عمارت جو مفید عام ہو۔ مثلاً حمام یا حوض کلاں۔ قیدخانہ۔ سرِاویہ
دَامُوق۔ (معرب فارسی دمہ گیر) سخت گرم روز۔
دَانِق۔ (معرب دانگ) بقول خفاجی۔ معرب دانہ
دَانِیمَارک۔ ڈنمارک۔
دَاوَہ۔ ایک قسم کی دریائی کشتی
دَاہِیَۃ زَبّا۔ بڑی مصیبت سخت مشکل
دَائِرَۃ۔ ڈیپارٹمنٹ۔ محکمہ۔ سرکل
دَائِرَۃُ البَلَدِیَّہ۔ (ع م) سررشتہ صفائی۔ میونسپلٹی کا محکمہ۔ میونسپل کمیٹی۔
دَائِرَۃُ التَّشرِیفَات۔ سرکاری استقبالی کمرہ
دَائِرَۃُ الرُّسُوم (ع م) چنگی خانہ۔
دَائِرَۃُ الرُّسُوبَات۔ کروڑگیری کا دفتر محصول خانہ۔ کسٹمز ہوس۔
دَائِرَۃُ السَّنِیَّہ۔ (ع م) مصری قرضہ
دَائِرَۃُ القَوَانِین۔ لیجسلیٹو سکشن
دَائِرَۃُ المَعَارِف۔ علوم و فنون کا لغت سائیکلو پیڈیا۔
دَائِرَۃُ العُلُوم۔ علوم و فنون کا لغت انسائیکلو پیڈیا
دَائِرَۃُ اختِصَاص المحکمہ۔ علاقہ اختیار سماعت۔
دَائِرَہ اَعمَال۔ سررشتہ۔ صیغہ۔ محکمہ
دَائِرَہ جِنَایَات اِستِینَافِیہ۔ کریمنل چیمبر آف اپیل کورٹ۔
دَائِرَہ دَاخِلِیَّہ۔ وہ دائرہ جس کا محیط کسی اور دائرے کے محیط کے اندر واقع ہو۔
دَائِمُ الِاخضِرَار۔ سدا بہار۔ ہمیشہ سرسبز رہنے والا۔
دَانیمَارک۔ (معرب ڈنمارک)۔
دَائِن مُمتَاز۔ وہ قرض دینے والا جسکے پاس تمسک قرضہ ہو۔

دَایَہ - دَائی - اَنّا
دَائیؔ - (د - ع - ترکی) خالو - بزرگ - حاکم -
دُبّ - ظالم - بد معاش
دَبَارَۃ } (معرب ارامی) (۱) خیابان -
دَبْرَۃ } کیاری (۲) زراعت کھیتی
دَبّان - مکھی
دِبس - راب - گڑ
دِبْق - } (ع - د - ارامی) سریشم -
دَبُوقاء - } لاسا -
دِبْز - (ع - م) الپن - پن - مراکو اور الجزائر میں دبوس کی جگہ کہتے ہیں -
دِبْلَاق - (معرب) ماڈا پلام کپڑا -
دَبُور - غربی ہوا -
دَبُوس - گرز
دَبّوس پن - الپن (دَبابیس) جمع
دِبلُوما - (معرب ڈپلوما) تمغا - سند
دِبْلُوْمَا - (معرب ڈپلوما) تمغہ - سند
دَبْلُون - (معرب اندلسی دوبلون) یورپ کا ایک سکہ جو سولہ ریال کے مساوی تھے -
دُجَاج - (معرب ارامی) - مرغا - مرغی

ماکیان - خروس -
دَبْح - عمدہ اور نفیس شے -
دُخَالُ الاُذن - دوزخ کے درجے -
دُخّان } (ع - م) - (۱) سگریٹ چرٹ
دُخان } (۲) سوکھا تمباکو -
معرب فارسی از دہ دخانہ - یعنی خانہ دہ - وہ خان کے اصل معنی ہیں دہقان مگر بعد کو بمعنی خانہ میں مستعمل ہوگیا -
دُخاخنی - (ع - م) سگریٹ بیچنے والا - تمباکو فروش -
دَخْل - آمدنی - یافت -
دَخْل مِنَ الرُّسُوْم - انکم ٹیکس - محصول آمدنی -
دُخْن - باجرا ایک قسم کا اناج
دُخُول وَ رِضیٰ - اشتمال دُلی
دُخُولِیَہ - چنگی
دَرَابِزَن - (یونانی ترابذنان)
دَرَابِزِین } لوہے کا جنگلا جو زدبان
دَرَابِزُون } (زینہ) کے گرد اگرد لگاتے ہیں -

دُرَّاجَہ ۔ (ع۔م) ماخوذ ہے دَرج بمعنی رفتن۔ بائیسکل۔

دُرا دنوت ۔ (معرب انگریزی ڈریڈناٹ) جنگی جہاز۔

دُرَّاق ۔ (معرب یونانی دوراکتاں) شفتالو۔

دُراقن ۔ (معرب یونانی) زرد آلو۔ شفتالو۔

دَراقون ۔ (معرب) ترکی سپاہی۔

دَراگون ۔ (معرب) ترکی سپاہی

دَرْب ۔ (ع۔م) سڑک۔

دَرْب ۔ (معرب یونانی دربی) اصل میں ایک شہر کا نام ہے جو ایشیائے کوچک میں واقع ہے)۔ (۱) دَرہ۔ (۲) بڑا دروازہ گلی یا سرا کا

دُرْج ۔ (معرب درائر) میز کا خانہ (اَدراج دِراج) جمع۔

دَرْج ۔ زینہ۔

دَرَجاتُ الکہنوت ۔ پوپ کے مقدس احکام۔

دَرَجۃُ الجُمُود ۔ سردی کی وہ حد جس میں پانی جم جائے۔

دَرْز ۔ (معرب) داغ (دُرُوز) جمع

دَرْس ۔ سبق۔ تعلیم۔ لکچر (دروس) جمع

دَرْک ۔ (معرب) پولیس (دَرکات) جمع

دَرکاہ } (معرب فارسی درگاہ) برآمدہ۔
دَرکہ } پیشگاہ۔ بالان۔ جناب (دَرکات) جمع

دُرُوزی ۔ ایک اسلامی فرقہ

دُرُوس المَوسُوعات ۔ (ع۔م) معلومات عامہ کی کتاب انسائیکلوپیڈیا علوم وفنون کا لغت

دَرّہ ۔ دو پہاڑ کے بیچ کی زمین۔ وادی۔ گھاٹی۔

دِزْدار ۔ (معرب فارسی دزدار) محافظ قلعہ پاسبان قلعہ۔ رئیس قلعہ۔ قلعہ دار

دَزکاۃ ۔ (معرب فارسی) تاجروں کے اسباب تجارتی رکھنے کی مہر

دَزِینَۃ ۔ (معرب ایطالیانی دوزینا) درجن۔ بارہ عدد۔

دَسّاس ۔ (معرب یونانی دیپاس) ایک قسم کا سانپ جسکو (نکار) کہتے ہیں۔

دَسَائِس سِیَاسِیَّہ ۔ ملکی سازشیں ۔
دَسْتَان ۔ (معرب فارسی) آلات موسیقی کا ایک پرزہ ۔
دَسْتَجَہ ۔ (معرب دستہ فارسی) ۔ (۱) درجن ۔ بارہ کا مجموعہ ۔ (۲) شیشہ کی بڑی صراحی ۔
دُسْتُور ۔ (معرب فارسی دستور) (۱) وہ دفتر جس میں سپاہیوں کے نام مندرج ہوتے ہیں (۲) قانون (۳) وزیر ۔
دُسْتُورُ الشَّرَائِع ۔ ضابطہ ۔ کوڈ ۔
دُسْتُور المَدَنِیَّہ ۔ } ضابطہ دیوانی سیول کوڈ
قَانُونُ الحُقُوق ۔ }
دَسْتَہ ۔ رجمنٹ ۔ رسالہ ۔ ٹروپ ۔ (دَسْتَجَات) جمع ۔
دَسْتَہ ۔ (معرب فارسی دوازدہ) ۔ (۱) بارہ درجن (۲) قاشوں اور چمچوں کا مجموعہ (۳) دیگ کلاں
دَسْدَسَۃ ۔ (ع ۔ م) ماخوذ از دسیسہ) خفیہ سازش کرنا ۔
دِسَمْبَر ۔ (معرب انگریزی ڈسمبر) انگریزی بارھواں مہینہ ۔

دِسَنْتَرِیَا ۔ (معرب ایطالیانی دسنتریا) اسہال ۔ پیچش ۔
دَسِیْسَۃ ۔ (ع ۔ م) سازش ۔ ملی بھگت (دَسَائِس) جمع
دَشْت ۔ (معرب فارسی دستہ) ۔ (۱) ردی ۔ بیکار کاغذ ۔ (۲) الّا بلّا ۔ ناقابل استعمال شئے
دَعَاوِیُ الاِیْجَاد ۔ گتوں یا تعہدات کے مقدمات ۔
دَعَاوِی مَدَنِیَّۃ ۔ اسباب دیوانی ۔
دَعْوٰی تُہْمَۃ ۔ الزام ۔ علّت
دَعْوٰی عُمُومِیَّۃ ۔ شہرت ۔ اشتہار ۔ عام مقدمہ ۔
دَعْوٰی فَرْعِیَّۃ ۔ اتفاقی مقدمہ ۔ مزاحمت مقابلہ ۔
دُغْرِی ۔ (معرب ترکی) (۱) لغوی صحیح مستقیم (۲) جدید معنی، مرد صاف منش بے دغل ۔ سیدھا ۔
دَفَاتِرِ اِضَافِیَّۃ ۔ بہی کھاتے کی کتابیں ۔
دَفْتَر ۔ بیاز کھاتے (دَفَاتِر) جمع
دَفْتَر ۔ (معرب یونانی) رجسٹر حساب کتاب

کی بھی مشق و یادداشت کی کاپی۔

دَفترِ اَخبارِ السِنَۃ۔ سالانہ کتاب۔ سالنامہ۔

دَفترِ اسناد اکبر۔ اصل سیاہہ۔ بڑا بہی کھاتہ۔

دَفترِ اسماءُ المُکتَتِبِین۔ ممبروں کا رجسٹر کرنا

دَفترِ افرادُ الذِّمم۔ خانگی سیاہہ۔ (بہی کھاتہ)۔

دَفترِ لاسناد۔ بہی کھاتہ۔ سیاہہ۔

دَفترِ الاسناد۔ پکی بہی۔

دَفترِ الطلبات۔ آرڈر بک

دَفترِ الوَفاۃ۔ فوتی نامہ۔

دَفترِ الاِیداع۔ پاس بک

دَفترِ اَوراقُ القَبض۔ ہنڈی بہی۔

دَفترِ تسجیل۔ نشان کی کتاب

دَفترِ تقویمُ الموجودات۔ (ع۔م) فہرست اشیاء۔ کیٹلاگ۔

دَفترِ جیب۔ پاکٹ بک

دَفترِ خانہ۔ (ع۔م) محافظ خانہ محافظی ریکارڈ آفس۔

دَفترِ خانۂ عمومیّہ۔ قومی محافظ خانہ۔

سرکاری کاغذات رکھنے کا مکان۔

دَفتردار۔ (دخیل از زبان فارسی بواسطۂ ترکی) اکونٹنٹ جنرل۔ ناظر مالیہ۔ مستوفی۔ محاسب تنخواہ ملازمان شاہی۔

دَفترِ تذکرہ۔ نوٹ بک۔ یادداشت کی کتاب۔

دَفترِ مُشتَرِدات۔ پرچیز بک۔ کتاب خریداری۔

دَفترِ میزانُ المُراجعہ۔ بیلنس بک

دَفترِ نقل التحاریر۔ رجسٹر مجاریہ

دَفترِ یومی۔ (ع۔م) روزنامچہ۔ روزانہ اخبار

دَفترِ یومیّہ۔ روزنامچہ۔

دَفترِ یومیّہ۔ روزنامچۂ خریداری۔

دَفترِ یادداشت۔ روزانہ یادداشت

دَفترِ یومیہ۔ سیاہہ

دَفتریا۔ } معرب انگریزی ڈفتھیریا۔ خناق۔
دِفتریا۔ } درد گلو۔ گلے کی ایک بیماری۔

دَفع۔ (ع۔م) ادا کرنا۔

دَفع المجزاۃ۔ ایک حصہ کا ادا کرنا۔

دَفع بالواسطہ۔ ادا بہ پاس خاطر۔

دَفع سلفی۔ پیشگی ادائی۔

دُفعِ شَہرِیَّہ ۔ ماہانہ ادائی ۔
دَفعِ عَاجِل ۔ نوری ادائی ۔
دَفعِ مُوَجَّل ۔ وہ رقم جو کسی کام کو ترقی دینے یا بخوبی چلانے کے لئے دی جاتی ہے
دَقّہ ۔ (معرب) سکّان کشتی ۔
دُقَاق ۔ (ع۔م) لغوی کوٹا ہوا) سفوف پوڈر ۔
دَقَّاق ۔ (ع۔م) مشتق از دَق ۔ ہاتھ سے باجا بجانا) باجا بجانے والا ۔
دَفتریا ۔ (معرب انگریزی) ڈاکٹری ۔
دُفتُور ۔ ڈاکٹر
دِقیر } (ع۔م) چیٹخنی ۔
دُقر
دُقُرہ ۔ (ع۔م) چیٹخنی
دَقِیشَہ ۔ } (معرب یونانی وکناس) ایک
دَقشَہ ۔ | پرندے کا نام ۔
دَقِیقَہ ۔ جوہر فرد ۔ جزءلایتجزیٰ ۔ جمع دقائق ۔
دَکُّ المِدفَع ۔ (ع۔م) لغوی کوٹنا) توپ میں گولہ بارود بھرنا ۔
دُکّان ۔ (معرب فارسی دُکان مخفف)

دُکتُور ۔ (معرب انگریزی) ڈاکٹر (دکاترہ) جمع ۔
دُکّہ ۔ (ع۔م) لغوی معنی بیٹھنے کا چبوترہ (۱) دیوار میں بنی ہوئی الماری (۲) بینچ ۔
دَکرِیتُو ۔ (معرب ایطالیانی دَکریتو) حکم ۔ فرمان ۔
دُکن ۔ مائل بسیاہی
دُکنجِی ۔ (معرب فارسی بواسطۂ ترکی) دکاندار
دَل ۔ (معرب فارسی دِل) روح ۔ خیال ۔
دُلَاۃ } (معرب ترکی دَلی ۔ لغوی معنی
دُلات | بہادر ۔ دلاور ۔ ترکوں کی ایک خاص فوج ۔
دَلَّاک ۔ (ع۔م) وہ شخص جو حمام میں بدن ملتا اور میل کچیل نکالتا ہے ۔
دَلَّال ۔ ہراج کرنے والا ۔
دَلکَانَہ ۔ (ع۔م) چکنی مٹی ۔
دُلفِین ۔ (معرب یونانی دلفین) ایک قسم کی مچھلی جو قریبًا پانچ فٹ لمبی ہوتی ہے ۔
دَلک ۔ (ع۔م) پالش کرنا ۔ صیقل کرنا

جلا دینا۔

دَلِیل ۔ توت نما۔ انڈکس۔ کانٹا۔

دَلِیل ۔ گائیڈ۔ رہبر۔

دَلِیلِ مصری ۔ مصر کی گائڈ بک ۔

دَام ۔ پلاسٹر۔ ضماد

دُمان ۔ پتوا ۔

دَمجانہ ۔ جگ ۔ شیشے کی صراحی ۔

دَمْخ ۔ (معرب) عیسائیوں کی ایک عید

دَمْعَۃ ۔ (ع۔م) لغوی آنسو کا قطرہ) قطرہ ۔

دَمغ ۔ د ۔ ع ترکی) نشان لگانا۔

دَمْغَۃ ۔ (معرب ترکی تمغہ) نشان مہر۔ مارک ۔

دَمَق ۔ (معرب فارسی دَمَہ) طوفان برف ۔

دُمقس ۔ دیکھو (دَمقس)

دُمّل ۔ (معرب فارسی) دنبل ۔

دُملوج ۔ (معرب زبان حبشی) دگلما۔ بازوبند ۔

دَمنجان
دَمجانہ } (معرب فرانسادی) دمجین

مینائے آبگینہ ۔ شیشہ کلاں ۔ بڑا شیشہ ۔

دُمینَہ ۔ ناچنے کا لباس ۔ (دُمن) جمع

دُمینَہ ۔ (معرب اطالیانی دَمینو) لباس رقص ۔

دُمُوس ۔ (معرب لاطینی دُمس) سرداب

دَمیر ۔ (م۔ت) قمیص۔ جبہ۔

دَمیرۃ ۔ (ع۔م) (۱) طوفان (۲) طوفان دریائے نیل ۔

دُمْیَہ ۔ (معرب ارامی) مجسمہ۔ بت۔ مجسم

دُنج ۔ (معرب اندلسی بواسطہ انگریزی دینگ) استخوان درد ۔ ہڈی کا بخار ۔

دُنج ۔ (معرب فارسی) عقلمند ۔ (دناج) جمع ۔

دُنج ۔ (معرب فارسی دونی) ایک قسم کی کشتی جو کارومنڈل میں چلتی ہے

دُند ۔ (معرب سنسکرت) کچلہ۔ جمال گوٹہ۔

دُندرمۃ ۔ (معرب ترکی طور کدرمہ) تمستنی ۔ برف کی جمائی ہوئی ملائی ۔

دَثق - (ع-م) سردی سے ٹھٹھر کر مر جانا۔
دَوَادَار - (معرب فارسی دو یندار یا دوات دار بمعنی حامل دوات) میر منشی۔ کاتب شاہی۔ سکرٹری۔
دُوَّار - (ع-م) (۱) پھیری والے خوانچہ والوں کا خوانچہ۔
دَوَّارُ الشَّمس - (ع-م) سورج مکھی پھول
دَوَّارُ الْمَاء - (ع-م) گرداب۔ بھنور۔
دَوَّارَۃ - (ع-م) لٹو۔ بھوریا۔
دَوَّارَۃُ الرِّیح - مرغ بادنما۔
دَوَّارَہ - پرکار۔ کمپاس
دوائرِ سیاسی - ملکی حلقے۔
دوبیا - بہی کھاتہ۔ حساب کتاب۔
دوبیا - حساب کا ایک طریقہ۔
دُوْخ - گھومنا
دُوْخَہ - دوران سر گھمیری۔
دُوخَہ - (ع-م) دوران سر۔
دَور - مکان کی منزل تھیٹر کا پارٹ۔
دَور - ایک مخصوص مصرعہ جو بار بار تین مصرعوں کے بعد لایا جائے۔ ان ہر چار مصرعوں کے مجموعے کو عربی میں دَور اور فارسی میں بند اور ہندی میں کڑا کہتے ہیں۔
دَوْرَق - (معرب فارسی دورہ) پیمانۂ شراب سبوے گوشہ۔ بڑی صراحی۔ کوزہ۔
دَوْرَق بِلّور - کنٹر۔ میناے شراب۔
دَوْرِی - (ع-م) گوریا۔ کنجشک
دَوْزَنَۃ - آلات موسیقی کے ڈھیلے تاروں کو کسنا۔ راگ بھرنا۔
دُوْزِینَہ - درجن۔
دُوْسِیَۃ - معرب فرانسیسی دوسی۔ وکلا کے کاغذات مقدمات
دُوشاب - (عبرانی۔ دوش بمعنی شہد۔ آب۔ پانی) انگور یا خرما کا شیرہ۔ دِبس (ع)
دُوْطَہ - (معرب ایطالیانی دوتہ) یورپ میں بیوی کی طرف سے شوہر کو جو جہیز ملتا ہے۔
دُوق } (معرب ڈیوک) اول درجہ کے
دُوک } امرا کا خطاب۔
دُوک - نواب۔ ایک اعلیٰ خطاب۔
دُولاب - (معرب فارسی۔ جو دول اور

آب۔ پانی سے مرکب ہے)۔ (۱)
چرخ۔ چرخی (۲) لوہاروں، بافندوں
وغیرہ کا کارخانہ۔ (۳) پیشہ وروں
کی دکان۔
دُوْلَاب ۔ الماری
دُولَابُ السُّکَّان ۔ جہاز کے کھمبے کا پہیا۔
دُوْلَاب بَاخِرہ ۔ دائرہ یا پتوار کا پہیا۔
دُولَابِ طَبْع ۔ چھاپنے کی کل
دُولَاۃ ۔ دیکھو (دلاۃ)
دَوْلَۃ ۔ (ع۔م) سلطنت۔ حکومت
(دُوَل) جمع
دَوْلَۃ ۔ گردش۔ تغیر۔
دَوْلَۃُ الْسَّمَاوِیَّۃ ۔ چین کی سلطنت۔
دَوْلَۃُ الْوَالِی ۔ القاب تعظیم مثلاً
ہزاکسلنسی وغیرہ جو روسا یا حکام
اعلیٰ کے نام سے پہلے استعمال
کئے جاتے ہیں۔
دَوْلَۃ عُثْمَانِیَہ ۔ ترکی حکومت کو کہتے ہیں۔
دَوْلَۃ عَلِیَّۃ ۔ ترکی حکومت کو کہتے ہیں۔
دُوْلَتْلُو ۔ (م۔ ترکی) صاحب دولت
ہزاکسلنسی۔

دَوْلَۃ مَشْرُوطَہ ۔ آئینی یا دستوری سلطنت
دُوَل مُتَحَابَّہ ۔ وہ حکومتیں جن میں
باہم دوستی ہو۔
دُوَلِی ۔ (ع۔م) شاہی منسوب بہ دولت
حکومتی۔ سرکاری۔
دُوْمَا ۔ (معرب ڈوما) روسی پارلیمنٹ۔
دُوْنَانْمَۃ } (معرب ترکی دونما)۔ (۱)
دُوْنَنْمَہ } جنگی جہازوں کا بیڑا۔ مجموعہ
کشتی ہائے جنگی (۲) فوج کا بڑا حصہ
دُون کیشُوت ۔ عجیب وغریب لباس
پہننے والا وہمی شخص۔
دُوْنُم ۔ (م۔ ترکی) ایکڑ جو سو فٹ مربع
ہوتا ہے۔
دَوِی ۔ ہوا کے چلنے کی آواز۔
دَہَّان ۔ (ع۔م) روغن پھیرنے والا
وارنش کرنے والا۔
دِہْلِیز ۔ (معرب فارسی)۔ (۱) دروازے
سے لیکر گھر تک کا راستہ۔ (۲) گیلری
(۳) عوام۔ تنگ راہ۔
دَہْمَہ ۔ (معرب فارسی دخمہ) پارسیوں کا
برج خاموشی جس میں اپنے مردوں کو

رکھتے ہیں اور اس کو نا دوس کہتے ہیں۔

دُہن ۔ (ع ۔م) ۔ (۱) روغن ۔ (قدیم) (۲) مرہم (جدید) ۔

دَیدب } بلندی پر بیٹھ کر دشمن کے لشکر
دیدبان } کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

دَیدن ۔ عادت خصلت ۔ گن ۔

دَیر ۔ بت خانہ ۔ مند

دیرک تور ۔ (معرب انگریزی) ڈائرکٹر

دَیسق ۔ راہِ فراخ ۔ مرد پیر ۔ نرگاؤ۔ سپیدی ۔ چاندی کا زیور ۔ خوبصورتی ۔ نہر صاف ۔ سفید روئی ۔ خوان سیم

دیسمبر ۔ (معرب انگریزی) ماہ دسمبر

دَیصان ۔ نہر

دَیقل ۔ کدال ۔

دیک ۔ (معرب فارسی) ۔ (۱) خروس (۲) ماکیان

دیکریتو ۔ (معرب ترکی) فرمان شاہی ۔

دیموقراطی ۔ معرب فرانسیسی دیموکرات جمہوری ۔ عمومی ۔ نام فرقہ سیاسی

دیموقریطی ۔ (معرب دیموکریٹی) جمہوری حکومت ۔ جمہوریت پسند فرقہ ۔

ریپبلک پارٹی ۔

دینار ۔ معرب لاطینی دیناریوس ۔ ایک مشہور و معروف سکہ

دَین اسمی ۔ برائے نام قرض ۔

دَینُ الدَولہ ۔ قومی قرض ۔

دینامِت } (معرب ڈائنامیٹ) باروت
دینامِیت } کی ایک قسم جو جہازوں وغیرہ کے اڑانے کے کام آتی ہے

دینامیک ۔ (معرب انگریزی) علم قوانین حرکت سائلات ۔

دینمرک ۔ (معرب ڈنمارک) جو ایک چھوٹی سی ریاست فرنگستان میں ہے ۔

دَین بیری ۔ ملکی یا قومی یا دولتی قرض

دِیوان ۔ (معرب فارسی) (۱) رجسٹر ۔ دفتر ۔ وہ کتاب جس میں اہل فوج کی حاضری درج ہوتی ہے (۲) کورٹ ۔ محکمہ

دِیوان اِبلیس ۔ بھوتوں کی جگہ

دیوان اَعیان المملکۃ ۔ سینٹ ۔ شرفائے ملک کی مجلس

دیوانُ البلدیہ ۔ میونسپلٹی ۔

دیوانُ الحرب ۔ جنگی کمیٹی فوجی عدالت

دِیْوَانُ العُرْفی ۔ (ع۔م) آربیٹریری کورٹ۔
دِیْوَان کُمْرُک } محصول خانہ ۔ دفتر
دِیْوَان جُمْرُک } کروڑگیری
دِیْوَان مَالِیَّۃُ الحکومَۃ ۔ بادشاہی قرض اورلین دین کا محکمہ ۔ اکس چیکر۔
دِیْوان محکمۃ العَدَالۃ ۔ صدر عدالت صدر دیوانی۔
دَیُّوث ۔ (معرب یونانی ادیوتیس بے حمیت اور بے غیرت شخص ۔
دُیُوْن الدَّوْلَۃ ۔ سرکاری قرضہ ۔ قومی قرض
دُیُوْن غیرمُؤَکَّدَہ ۔ وہ قرضہ جات جنمین کوئی احتمال نہ ہو ۔
دُیُوْنِ مُسْتَحِقَّۃ ۔ وہ قرض جس کی ادائی واجب ہو ۔
دُیُوْنِ معدُومہ ۔ ناقابل پزیرائی قرض
دُیُوْن مُنْقَطِعَہ ۔ وہ قرض جو ادا ہو چکے ہوں

باب الذال

ذَاتُ ۔ (مولد) معزز شخص (ذوات) جمع
ذَاتُ الاَرْکَانُ الحَرْبِیَۃ ۔ فوجی اسٹاف کے ملازمین ۔
ذَاتُ الرَّوَاعِد ۔ مصیبت
ذَاتُ السِّفَارَہ ۔ ملازمین سفارت
ذَاتُ الشَّاھَانِیَۃ ۔ (مولد) سلطان کی ذات
ذَاتُ الصُّدُوْر ۔ دِلی خیالات
ذَاتُ العَسَاکِر ۔ فوجی ملازمین
ذَاہِل ۔ جس کے اوسان بجانہ ہون
ذَاہِلَہ ۔ پھیکا پڑنے یا بے آب ہونے والا ۔
ذُبَابَۃُ النَّار ۔ جگنو ۔
ذُبَالَہ ۔ (ع۔م) فتیلہ ۔ بتی
ذُبُوْل ۔ مرجھانا ۔
ذَرْبِیْد ۔ (معرب فارسی دبید) ایک دوا کا نام
ذَبِیْحَہ خَطِیْئَہ ۔ گناہ کے کفارے کی نیاز یا نذر
ذَبِیْحَہ سَلَامَہ ۔ سلامتی کی نذر یا نیاز ۔
ذَخَائِر ۔ سامان جنگ ۔ گولہ بارود ۔ بارود کا کوٹھا ۔ میگزین ۔
ذَخِیْرَہ ۔ (ع۔م) سامان جنگ میگزین مخزن (ذخائر) جمع
ذِرَاع یُسْرٰی ۔ بایاں بازو ۔
ذِرَاعِ یُمْنٰی ۔ سیدھا بازو

ذَربُ اللِّسَانِ - تیز زبان

ذرعہ - قابلیت -

ذَریاب - (معرب فارسی زرآب) سونے کا پانی -

ذُغالُ - کوئیلا

ذِکر - وظیفہ - یاد الٰہی - حمد و نعت پڑھنا حال و قال

ذِکرُ الحق - تحریری قانون

ذُلاذِلُ النّاس - کمینے لوگ -

ذَماء - (معرب فارسی دمار یا دم) بقیہ جان -

ذَمامَاتُ التّاجِر - قرضہ بہی کھاتے پر -

ذِمّہ - (ع-م) نگرانی - ذمہ داری - ہدایت

ذِمّہ - وجدان سلیم - کانشنس - اعتبار

ذُوابۃُ العِزِّ وَالشّرف - عزت و بزرگی کا نشان - ناصیہ

ذَوات - جمع (ذات) اعیان - عمائد -

ذَواتُ الثّدی - (ع-م) ثدی والے جانور - دودھ پلانے والے جانور -

ذَواتُ الرّیش - پرندے - طیور

ذُوالطّرفین - دومنہ کا سانپ

ذُوبانُ العَرب - چور - دزدان عرب -

ذُوسنطاریہ - (معرب یونانی دسنتریا) اسہال معدی - اسہال جو زخم امعا یا معدے سے پیدا ہو -

ذَہبُ الاَبیض - (ع-م) پلاٹینم - ایک نئی ایجاد کی ہوئی دھات

ذَہبیّہ - (قدیم مصری قبطی) دریائے نیل میں چلنے والی کشتی - یہ کشتیاں مختلف قسم کی ہوتی ہیں - بڑی کشتی کو ذہبیہ کہتے ہیں - کانمہ ذہبیہ سے چھوٹی ہوتی ہے - قارب کانمہ سے چھوٹی مرکب بڑی کشتی جس میں ایک سال تک اسباب معیشت کافی ہو - خیاسہ سب کشتیوں سے بڑی کشتی -

ذیابیطس - (معرب یونانی ذیابیتس) ایک مرض ہے جس میں آدمی کو سخت پیاس لگتی ہے اور جو پانی پیتا ہے وہ پیشاب ہو کر بہ جاتا ہے -

باب الرّاء

رابطُ الدّرب } (۱) لغوی: راستہ باندھنے والا -
رابطُ الطّریق } (۲) مولد - ڈاکو - رہزن -

رَاتِب ۔ (مولد) تنخواہ پنشن ۔
(رواتب) جمع ۔
رَاتِینَج ۔
رَاتِیج ۔ } (معرب فارسی اتناج) صنوبر
رَاتِنَج ۔ کا گوند۔ رالی
رَاجِع ۔ (معرب) جہاز کا ستول ۔
پال کا ڈنڈا (رواجع) جمع
رادیوترائیا ۔ (معرب) ریڈیم یا شعاعوں
کی روشنی سے علاج ۔
رَادِیُوم ۔ (معرب) ریڈیم ۔ ایک عنصر جو
حال میں دریافت ہوا ہے اور جس سے
روشنی ہوتی ہے ۔
رَازِقی
رَازِقیہ } (معرب سریانی رازیک) (۱) شہر
رے کا نام (۲) جامۂ سفید ۔
(۳) مے ۔ شراب ۔
رَازِیانج ۔ (معرب رازیانہ) ایک قسم کا
خوشبو ترہ ۔
رَاسُ الْحِزْب ۔ صدر انجمن
رَاسُ الْفِتْنَہ ۔ سرغنہ ۔
رَاسُ الْمَال اِسْمی ۔ فرضی سرمایہ
رَاسُ الْمَال غَائِع ۔ روپیہ جو اخراجات

رواں کے لئے رکھا جائے ۔
رَاسُ الْمَال مُتَغَیِّر ۔ ہر پھرتا سرمایہ ۔
رَاسُ الْنَرگیلہ ۔ (م ۔ ع) حقے کی چلم
رَاشِد ۔ بالغ ۔ سن بلوغ کو پہنچا ہوا ۔
راشتیشم ۔ معرب فرانسیسی ۔ کج پشتی ۔
کبڑا پن ۔ ایک مرض ۔
رَام ۔ ہر ماہ شمسی کی اکیسویں تاریخ کا نام
رَامِشْنَہ ۔ برگ آس ۔
رَامِق ۔ (معرب) وہ پرندہ جس کو شکاری
جال میں باندھتا ہے تاکہ اس سے
باز کو شکار کرے ۔
رَانِج ۔ جوز ہندی ۔
رَاوَنْد ۔ (معرب فارسی ریوند) ایک دست آور
دوا
رَائِحَہ مُتَعَفِّنَہ ۔ ناگوار بو ۔
رائی ۔ (معرب قدیم مصری) دریائے نیل
کی مچھلی ۔
رِبَا مُرَکَّب ۔ سود مرکب ۔ کمپونڈ انٹرسٹ
رِبَاط ۔ (مولد) (۱) لغوی ۔ مسافر خانہ ۔
(۲) محتاج خانہ (رُبُط) جمع
رُبَّان ۔ (معرب فارسی رہبان) (۱) جہاز کا

کاکپتان - مدیر مرکب - (۲)
کشتیبان

رَبّان - (معرب ارامی کشتی بانوں کا سردار)

رُبّان
رُبّانی } ملاح جہازران

رَبّانیوں - (معرب عبرانی ربانی) رَبّانی
کی جمع - عیسائیوں کا عالم صالح -
خدا پرست -

ربح صافی - خالص نفع

ربح مُرکّب - سود مرکب -

ربح یا مکسب - نفع - فائدہ منفعت

ربح و خسارہ - نفع و نقصان

رَبطۃ - (مولد - ع) نکٹائی - گلوبند

رَبطۃ الرقبہ - نکٹائی - گلوبند -

رَبطۃ الساق - پاؤں میں باندھنے کی پٹی -

رَبیط - خریطہ - چھوٹی گٹھڑی (اربطہ)
جمع

رَبیع - (م - ع) - (۱) کاشت کار (۲)
حصہ دار - (اربعۃ و رباع جمع

رَبو - (م - ع) - (۱) لغوی تنگی نفس
(۲) مرض تنفس - دمہ -

رُتبہ - (م - ع) گریڈ - درجہ - عہدہ -
خطاب ملکی یا جنگی (رُتب) جمع

رجال العسکریون - (م - ع)
فوجی لوگ -

رجال القوۃ العمومیۃ - اہل اقتدار
سرکاری لوگ جیسے جنرل پولیس وغیرہ

رجال المطافی - آگ بجھانے -
والے لوگ -

رجال المعیۃ - (م - ع) شاہی
ہمراہ لوگ - اسٹاف کے لوگ

رجال الملکیون - (م - ع) سویلین
ملکی لوگ -

رجال حضر - محافظ - چوکیدار

رَجعۃ - (م - ع) ازدادِ عمل - ری ایکشن
معاکسۂ عمل - ایک شے یا مادہ جب
دوسری شے یا مادہ پر کوئی عمل
کرے تو دوسری شے یا مادہ بھی
پہلی شے یا مادہ پر اسی قسم کا اثر
لوٹا دے اس کو رجعۃ کہتے ہیں -
رسید -

رُجعۃ - (ریلوے کی) رسید (رسیٹ)

رَخْفی - میووں کی دوسری فصل -
رَخْوان - (معرب فارسی رہوار) مسافر -
رُخ - معرب سنسکرت رتھ بمعنی ارابہ)۔ شطرنج کے مہرے کا نام
رُخ - بقول بعض معرب استیر یا کسرخ بمعنی سیمرغ کلان اور بقول بعض معرب روقروق زبان ملایا بمعنی بڑا مرغ -
رَخْت - (معرب فارسی) (۱) سامان خانہ - اثاث البیت - (۲) ریشمی کپڑا - زین -
رَخْصة - لائسنس - اجازت -
رُخْصَة - (م - ع) چھٹی - رخصت
رُخْصَت نَامَہ - کامل اقتدار
رَخِیص - ارزاں - سستا
رَدُّ الزِّیارَة - (م - ع) ملاقات بازدید -
رَدِ خالِص - (م - ع) ری پلائی ٹیلیگرام - پیڈ جوابی تار -
رَدْہَة - (م - ع) ہال - بڑا کمرہ -

(رداہ و ردہات) جمع ۔
رَدِیْفَت - رزرو فوج - محفوظ فوج - محفوظ - (زاید) فوج -
رَذِیل - اصول اخلاق کے خلاف
رِزّ - دیکھو (اَرُز)
زُرْدَاق - (معرب فارسی روستا سے یا رستاق) (۱) سیاہی تیرگی - (۲) پرگنہ جو چند دیہات کا صدر مقام ہوتا ہے - یا سواد شہر -
رَزْدَق - (معرب فارسی رستہ) (۱) صف مرداں (۲) کھجور کے درختوں کی قطار (۳) مطلق درختوں کی قطار -
رِزْق - (معرب فارسی روزک) - (۱) روزینہ - خوراک - (۲) مشاہرہ سپاہیاں - فوج کی تنخواہ -
رِزْمَہ - کاغذ کا پاکٹ - گٹھا - پشتارہ بنڈل - (رِزَم) جمع -
رُزْنَامَہ - (معرب فارسی روزنامہ) تقویم - جنتری - کیلنڈر -
رُساطُون - (معرب یونانی) رساتون

(۱) شراب۔ مے (۲) شربت جو شہد اور انگور کے عصارہ سے تیار کیا جاتا ہے۔
رِسَالَہ۔ (م۔ع) خط۔ پیغام
رِسَالَۃ اَلسِّلکِی۔ ٹیلیگرام۔ تار برقی
رِسَالَۃ بَرقِیۃ۔ ٹیلیگرام۔ تار خبر
رَسَّام۔ (مولد۔ع) نقشہ نویس نقشہ کش۔ ڈرافٹس میان۔ مصوّر۔ فوٹوگرافر۔
رَسَّامُ البِلَاد۔ کسی خطہ کا نقشہ بنانیوالا۔
رَسَّامُ الخَارِطَات۔ نقشے کھینچنے والا۔
رَسَائِل۔ حواریوں کے مکاتیب۔ اعمال۔
رُستَاق۔ معرب فارسی روستائے) گاؤں۔ دیکھو (رزداق)۔
رُسْتَق۔ دیکھو (رزدق)۔
رَسْم۔ احوال بیان کرنا۔ کیفیت لکھنا
رَسَم۔ (معرب فارسی۔ رستن) ایک رسی جس کو جانوروں کے گلے میں ڈالکر ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجاتے ہیں۔
رَسْم۔ (م۔ع) (۱) لغوی۔ نشان آئین
(۲) نقشہ فوٹو۔ تصویر نقشہ نویسی
(۳) محصول چنگی۔ جمع رسوم
رَسْمَال۔ (مخفف راس المال) سرمایہ
رَسْمُ الْاَرْض۔ (م۔ع) جغرافیہ۔
رَسْمُ الخَارِطَات۔ نقشے کھینچنے کا علم۔
رَسْمُ المَرفَا۔ بندرگاہ کا محصول۔
رَسْمَلَۃ۔ (رسمال سے مصدر وضع کر لیا گیا ہے) سرمایہ جمع کرنا۔
رَسْمِی۔ } (م۔ع) سرکاری طور پر۔
رَسْمِیّاً۔ } باقاعدہ۔ آفیشل۔
رَسْمِی۔ مصدقہ۔ معتبر۔ مہر شدہ
رَسَن۔ (معرب فارسی رستن یا رشتن) خطام۔ شکال۔
رُسُوم۔ محصول کروڑگیری۔ زر واجب محصولات۔
رُسُومُ التَّشرِیفِیَۃ۔ اٹیکیٹ۔ آداب معاشرت۔
رُسُوم الجُمرُک۔ محصول کروڑگیری۔
رُسُوم الجُمرُکِیَۃ۔ چنگی۔ سائر۔
رُسُومَاتِ المَطبُوعَات۔ پریس رگولیشن۔ قوانین طبع۔

رسیتق ۔ دیکھو (نسیم)۔
رسیم ۔ نقشہ نویس ۔
رشکح ۔ زکام
رشکین ۔ سرخ بادہ ۔ دورا ۔ حمرہ ۔
رشمہ ۔ (معرب اندلسی رزما بمعنی خرما) جو بیس دستہ کاغذ کا مجموعہ ۔ ریم ۔
رصاص ۔ (ع ۔ م) لغوی ۔ سیسہ ۔ بندوق کی گولی ۔
رصاصہ ۔ بندوق کی گولی ۔
رصف
رصفہ } (معرب اطالی) گھاٹ
رصید ۔ باقی ۔ واصل بلقی
رصید الحساب ۔ باقی ۔
رصیف ۔ (ع ۔ م) ہمعصر ۔ ہم پیشہ ۔ (رصفاء) جمع ۔
رصیف ۔ (ع ۔ م) ۔ (۱) چبوترہ ۔ پٹری گھاٹ ۔ (۲) ریل یا جہاز کا پلیٹ فارم
رض ۔ چوٹ ۔ صدمہ ۔
رض ۔ زخم ۔
رطریط ۔ (معرب قدیم مصری) وہ پانی جو

اونٹوں کے پینے کے بعد حوض میں بچ رہا ہو ۔
رطل ۔ پونڈ ۔ ایک سیر وزن (معرب یونانی بنتر (ارطال) جمع ۔
رعایۃ ۔ (ع ۔ م) سرپرستی مثلاً تحت رعایۃ الامیر ۔ یعنی فلاں امیر کی سرپرستی میں ۔
رعبون ۔ عربون کا غلط العام ہے ۔ دیکھو عربون ۔
رعیش الیدین ۔ بزدل
رغوۃ الصابون ۔ صابن کا پھین یا جھاگ
رغیف ۔ نان پاؤ ۔
رف ۔ اندھی کھڑکی ۔ حجرے کے اطراف کی الماری
رفت ۔ (ع ۔ م) لغوی ۔ توڑنا) نوکری سے برطرف کرنا ۔ برطرفی ۔ ڈسچارج ۔
رفتیۃ ۔ (معرب فارسی رفتن) بقول بعض ترکی سے ماخوذ ہے ۔ ادائے محصول کی رسید ۔
رفرف ۔ (ع ۔ م) (۱) لغوی ۔ طاق (۲) دیوار میں لگی ہوئی الماری ۔

(۳) اخبار کا کالم۔

رَفض - کسی ہنڈی وغیرہ کو نہ سکارنا۔

رَفع دَعوی - مقدمہ دائر کرنا

رُفقۃ عساکر التبجیل - گارڈ آف آنر۔

رَفیع - (ع-م) باریک

رَفیعہ - بڑی نذر یا نیاز -

رَفیق بالصّف - ہم جماعت -

رَفیق بالمدرسہ - ہم مدرسہ - اسکول فلو

رَفیق فی الدّرس - ہم جماعت۔ کلاس فلو

رَق - (معرب حبشی) ہرن کی باریک اور سوکھی کھال جس پر لکھتے ہیں

رَقابُ الاُمّۃ - قومی حسد

رَقّاص - (ع-م) پنڈلم - لٹکن -

رَقّان - (معرب یونانی رکنی ارامی رندہ) معدال - ع - رندہ - بڑھیوں کا لکڑی صاف کرنے کا آلہ

رُقعۃ الزّیارۃ - ملاقات کا کارڈ - وزیٹنگ کارڈ (رقاع الزیارۃ) جمع

رُقعۃ الشّطرنج - (ع-م) شطرنج کی بساط۔

رَقَم - (ع-م) لغوی - لکھنا) نقش و نگار بنانا۔

رَقیب - (کھیل میں) امپائر

رَقیع - (معرب ارامی) آسمان دنیا۔ ورلا آسمان -

رُکّاب جمع راکب) ع-م - ریل یا جہاز کے مسافر - پیاسنجر -

رَکوَۃ - (ع-م) قدیم (۱) چمڑے کی تھیلی - (جدید ۲) کافی کی کیتلی - (رکوات و رکاء) جمع

رَکہ - (معرب جرمنی رکو) (۱) دو دو لکڑی جن پر رسی بٹتے ہیں - (۲) بوڑھی عورت -

رَکیک - وہ طرز عبارت جو ڈھیلی اور بے ربط ہو۔

رَمکہ - (معرب پہلوی رمک) گھوڑی -

رَمیُ البُندُقہ / رَمیُ المدفع (ع-م) بندوق یا توپ چلانا -

رَمیُ الرّصاص - (ع-م) گولی چلانا

رَمیّۃ - (ع-م) کارتوس جمع رمایا

رَمیز - بیرونی علامت

رُنْجَن ۔ (معرب رنجن) ایک عنصر جو حال میں دریافت ہوا ہے ۔

رُنْد ۔ (معرب فارسی لایل بیائے مجہول)

رُنْدَج ۔ (معرب فارسی رندہ) نجاروں کا ایک آلہ جس سے لکڑی صاف کرتے ہیں ۔

رَنْک ۔ (معرب فارسی رنگ) (۱) لون ۔ رنگ سفید یا سیاہ (۲) نشان شرافت جو امراکے گھروں یا گاڑیوں میں رکھا جاتا ہے ۔

رَوَاسِب ۔ سمندر کی تلچھٹ کی تہیں ۔

رِوَاق ۔ (معرب رواگ ۔ فارسی) ۔ (۱) خیمہ ۔ ڈیرا (۲) برآمدہ ۔ بڑا کمرہ ۔ (۳) گیلری (۴) جامع ازہر کے طلبہ کے کمرے ۔

رَوَاق ۔ غلام گردش

رِوَاق ۔ طلبہ کا حجرہ (از وِقہ) جمع ۔

رَوَاسِب طِینِی ۔ دریا برار مٹی ۔ کچھار ۔

رِوَائی ۔ (ع ۔م) ناولسٹ ۔ ناول نگار ۔

رِوَایَۃ ۔ (ع ۔م) ناول ۔ افسانہ

رِوَایَۃ تَشْخِیْصِیَّہ ۔ ڈراما ۔ ناٹک

رِوَایَۃ غَرَامِیَّہ ۔ (ع ۔م) عاشقانہ ناول

رِوَایَۃ مُجُونِیَّۃ ۔ (ع ۔م) کومیڈی ضد ٹریجڈی وہ قصہ جسکا خاتمہ بالخیر ہو

رِوَایَۃ مُفْجِعَۃ ۔ (ع ۔م) ٹریجیڈی ضد کومیڈی وہ قصہ جس کا خاتمہ غم پر ہو ۔

رُوتَر ۔ (معرب رویٹر) ایک خبر رسان کمپنی

رُوحُ الْعَرَق ۔ (ع ۔م) روح ۔ شراب اسپرٹ ۔

رُوحَانی ۔ (ع ۔م) مذہبی لوگ معتقدین عالم روحانی ۔ ماہرین علوم روحانی ۔

رُوزَن ۔ (معرب فارسی روزن) دریچہ ۔ کھڑکی ۔

رُوزْنَامَہ ۔ تقویم ۔ جنتری ۔ کیلنڈر ۔ پنشن ۔ وظیفہ ۔

رُوزِنَہ ۔ (معرب فارسی روزنہ) روزن ۔ دریچہ ۔

رُوس ۔ ملک روس

رُوسَم / رُوشَم } معرب ارامی ۔ (۱) وہ مہر جس سے گھڑوں اور پیپوں وغیرہ کا سر بند کرتے ہیں ۔

رُوسِیَا ۔ (معرب روسیہ) ملک روس

رُوشَن ۔ (معرب فارسی روشن دان) روزن ۔

رَدِعِ فُجَائِی ۔ ناگہانی ڈر ۔
رُوقَہ ۔ (معرب بروک) مدد معاش ۔
روزینہ ۔
رُوک ۔ (۱) پیمائش (۲) جائداد مشترکہ
مال مشترکہ ۔
رُوکَہ ۔ (بغدادی سے معرب ہوا ہے)
موج دریا ۔
رُول ۔ (معرب فرانسیسی رَول (۱)
رجسٹر ۔ دفتر جس میں آدمیوں کے
نام درج ہوں (۲) اسم نویس ۔
رُوم ۔ رومی کی جمع رومیہ قدیم کے
باشندے ۔
رُومَاتِزْم } (معرب فرانسیسی روماتزم
رُومَاتِیْزْم }
درد مفاصل ۔ وجع مفاصل
رُومَان ۔ (معرب فرانسیسی) (۱) ناول
(۲) قوم رومن ۔
رُومَانِیہ ۔ رومن امپائر ۔ رومانی سلطنت
بلقان کی ایک ریاست ۔
رُوملّی ۔ (معرب ترکی) ارض روم ۔
بلقان کا ایک خطہ

رُومَہ ۔ روم ۔ دارالخلافہ اٹلی ۔
رُومِیَۃ ۔ (معرب اطالوی) شہر رومیہ
واقع ملک اٹلی ۔
رُومِیَۃ ۔ چھت کی کڑی (روامی) جمع ۔
رُومیلی ۔ یورپی ٹرکی کا ایک صوبہ ۔
رِہْص ۔ گارا جس سے دیوار بناتے ہیں ۔
چینہ ۔ بن دیوار
رہط ۔ (معرب فارسی رخت) وہ (پیش دامن)
کپڑا جسے لوہار وغیرہ پیشہ ور کام کے
وقت سامنے باندھ لیتے ہیں تاکہ
آگ وغیرہ سے محفوظ رہیں ۔
رُہْنُ السَّفِیْنَۃ ۔ باٹمری بانڈ ۔ وہ دستاویز
جسکی رو سے سمندر میں جانے والا
جہاز کا ناخدا بہ مکفولی جہاز مذکور کی
حفاظت یا منزل تک پہنچنے کے
لیے روپیہ قرض لیتا ہے ۔
رَہْنَامَج ۔ (معرب فارسی راہ نامہ) دریا کا
وہ نقشہ جسے دیکھ کر کپتان جہاز
چلاتا ہے ۔
رَہْوَان ۔ (معرب فارسی رہوار)
گھوڑا ۔

رَہْوَج ۔ } (معرب فارسی رہوار)
رَہْوَجَہ ۔ } رفتار رام۔
رَے ۔ آب پاشی ۔
رَیّ ۔ (ع۔م) ۔ (۱) قدیم۔ سیراب کرنا۔
(۲) جدید۔ آب پاشی
رِیَاسَۃ ۔ (ع۔م) افسری۔ صدارت
رِیَال ۔ (معرب اندلسی ریال) فرانس کے ایک چاندی کا سکہ جو تین روپے کے مساوی ہے۔ ڈالر۔ مصر کا نقرہ سکہ مساوی (ہے)
رِیَالِ اَمْرِیکَانِی ۔ ڈالر امریکہ کا ایک سکہ جو سوا دو روپیہ کے مساوی ہے۔
رِیْبَاس ۔ (معرب فارسی ریواس) گلبن بوٹہ
رَیِّسِ مَرْکَب ۔ (ع۔م) ناخدا۔ ملاح
رِیْش ۔ (فارسی سے معرب ہوا ہے) نشتر، پر۔
رِیْشَہ ۔ پر کا قلم۔ زبان قلم۔ نب۔
رَیْع ۔ میوہ جات۔ پھل
رِیْف ۔ (معرب لاطینی ریپہ) (۱) ساحل دریا کے قریب کی زرخیز زمین)
(۲) دریائے نیل کے قریب کی زمین ملک مصر کا حصہ زیرین۔
رِیْقَہ ۔ (معرب لاطینی ری) گنجفے کا وہ پتا جس پر بادشاہ کی تصویر ہوتی ہے
رَئِیس ۔ صدر۔ پرنسپل۔
رَئِیس ۔ پریسیڈنٹ۔ صدر انجمن۔
رَئِیسِ اَعْظَمْ ۔ گرانڈ ماسٹر۔ فوج کا ایک افسر۔ فری میسنون کا ایک افسر
رَئِیسُ الْاَسَاقِفَہ ۔ لارڈ بشپ۔ لاٹ پادری۔ آرچ بشپ۔
رَئِیسُ الْبَنَّائِیْن ۔ میر عمارات
رَئِیس تَحْرِیرِ الْجَرِیدَہ ۔ چیف ایڈیٹر۔
رَئِیسُ الْجُمْهُورِیَّۃ ۔ سلطنت جمہوری کا پریسیڈنٹ۔
رَئِیسُ الشَّمَامِسَہ ۔ بڑے پادری کا نائب۔ مسیحی مجتہد کا نائب۔
رَئِیسُ الصِّنْف ۔ اسکاٹلینڈ میں پیشہ ور لوگوں کی انجمن کا پریسیڈنٹ
رَئِیسُ الضَّبْطِیَّۃ ۔ کوتوال۔ افسر پولیس ماسٹر ایٹ آرمز۔ جہاز کی پولیس کا افسر
رَئِیسُ الْکَتَبَۃ ۔ پرنسپل رائٹر۔

جید انشا پرداز۔
رَئِیسُ الْمَامُوْرِیَّۃ ۔ صدر وفد یا افسر رسالت
رَئِیسِ مَرْکَب ۔ ناخدا
رَئِیسُ الْمُعَلِّمِین ۔ ہیڈ ماسٹر ۔ صدر مدرس
رَئِیس عَمَارَہ ۔ امیر البحر ۔ میر بحری ۔
رَئِیسِ قَلَم ۔ افسر محکمہ ۔
رَئِیسِ مَجْلِس ۔ صدر نشین ۔ پریسیڈنٹ ۔
رَئِیسِ مُدِیْرِیْن ضَبْطِیَّہ ۔ لارڈ ہائی کانسٹیبل

باب الزّاء

زَاج ۔ سلفیٹ آف زنک
زَاجِع ۔ جہاز کا صحن
زَار ۔ (ممالک قریبہ حبش سے معرب ہوا ہے)
(۱) جن ۔ دیو (۲) بھوت پریت
کا عقیدہ ۔
زَارُوب ۔ تنگ گلی (زرادیب) جمع ۔
زَاوُق ۔ (معرب فارسی زیوہ) پارہ سیماب
زَاوِیَہ ۔ (ع م) بقول بعض ارامی) (۱)
گوشہ خانہ (۲) خانقاہ ۔ صوفیائے کرام
کے رہنے کا مکان ۔ (۳) مسافر خانہ
(زوایا) جمع ۔
زَاوِیَہ مُجَسَّمَۃ ۔ سالڈ اینگل ۔ ٹھوس کون
زَاہِیُ اللَّوْن ۔ چمکیلا یا روشن رنگ ۔
شوخ رنگ ۔
زَائِجَہ ۔ (معرب فارسی زائچہ) وہ مربع یا
مدور شکل جسکی جدولوں سے منجم لوگ
آسمان اور تاروں کی کیفیت حالت
معلوم کر لیتے ہیں تاکہ مولود کی خوش نصیبی
یا بدبختی دریافت کریں ۔
زَبَّال ۔ (ع م) بھنگی ۔ مہتر ۔ حلال خور
زُبَان ۔ (معرب فارسی زبان) (۱) جیبھ
(۲) زبانہ
زَبَانِیَہ ۔ (معرب اسوریا) (۱) دوزخ کے
فرشتے ۔ بادشاہی چاؤش (۲) پولیس
زَبَائِن ۔ (ع م) ہم پیشہ
زَبَرْجَد ۔ معرب یونانی سمر گدوس ۔ زمرد
(زبارج) جمع ۔
زَبْزَب ۔ (معرب) (۱) چھوٹی کشتی (۲)
(۲) ایک قسم کی کشتی
زَبْط ۔ (معرب) بطخ کا آواز کرنا ۔
زَبُوْن ۔ موکل ۔

زُبُون - گاہک - خریدار - (زبائن - زبونات) جمع -

زُبُون - (معرب ترکی) نیم آستین - صدری

زُجاج - (معرب ارامی) کاسۂ بلوریں - آئینہ - لال ٹین کی چمنی -

زَجّاج - (ع - م) شیشے کا کارخانہ دار -

زُجاجُ العَرَبَہ - ڈبہ کا دریچہ - بگھی یا ریل کے ڈبہ کا آئینہ

زُجاجَہ - (ع - م) شیشی - بوتل -

زُجاجی - (ع - م) شیشہ فروش

زَجَر - (معرب ارامی) ایک قسم کی بڑی مچھلی

زَجَنجَل - دیکھو (سجنجل) -

زَخْم - (ع - م) قوت محرکہ -

زَخمَہ - (ع - م) استار - ہارمونیم پر بجانے والے کی ضرب - (زخمات) جمع -

زَخِیرَہ } (ع - م) سامان جنگ (زخائر)
ذَخِیرَہ } و (ذخائر) جمع

زِر - (۱) قدیم - گھنڈی - بٹن (۲) رومی ٹوپی کا پھندنا - (ازرار - زرائر) جمع

زَرَافہ - (معرب زرنافہ) اشتر گاو پلنگ - ایک مشہور جانور

زَرَبطانہ - (معرب اندلسی زبرتانا) (۱) کمان گروہہ (۲) بندوق -

زَربُون } (معرب یونانی سربولان - ایک قسم
ذَربُون } کا جوتا جس کی ایڑی اٹھی ہوئی ہوتی ہے -

زَرجُون - (معرب فارسی زرگون) - (۱) مے - شراب (۲) بارش کا صاف پانی جو پتھروں میں ہے -

زَردَج - (معرب) عصفر - ایک مشہور رنگ -

زَرکَشتَہ - (ماخوذ از فارسی زرکشیدن) طلائی کرنا - زریں کرنا -

زُرَّہ - جوار - مکئی

زُط - جاٹ

زَعامَہ - (ع - م) لیڈری - ہدایت - لیڈر ہونا

زَعْبَج - (ع - م) پتلا (ہلکا) ابر -

زَعتَر - دیکھو (صعتر)

زَعرُور - (معرب ارامی) ایک میوے کا نام

زَعلان - ناراض - تنگ - دق -

زَعیم - (ع - م) لیڈر - رہنما (زعماء) جمع - وکیل

زَعیمُ الخُطَباء - چیف اسپیکر - خوش تقریر -

صدر مقرر۔

زَغَایَہ ۔ (معرب بربری) نیزہ۔ تفنگ۔ تیر

زِفْت ۔ رال۔

زُقَاق ۔ کوچہ۔

زَلَابیہ ۔ (معرب فارسی زلیبیا) شکرپارہ۔

زلط ۔ (معرب روسی ر... تو) ایک تانبے کا سکہ

زَلُوبیَہ ۔ دیکھو (زلابیہ)۔

زَلُوْن ۔ (غ۔م) حریف۔ ہم پیشہ۔

زَمَانْدَار ۔ (معرب فارسی زنانہ دار یا زنان دار) زنان خانہ کا دربان۔ محافظ۔

زَمَانَہ ثَالِثَہ ۔ علم طبقات الارض میں تیسرا زمانہ۔

زَمَانُہ مَعْدومیّت ۔ زمانہ حیات حیوانی کا قدیم دور۔

زُمُرُّد ۔ (معرب فارسی) یاقوت سبز

زَمَرَّدَہ } (معرب فارسی زن مرد) وہ
زَنْمَرْدَہ } عورت جو بالطبع مردوں سے مشابہ ہو اور اُن کے اخلاق سے متخلق ہو۔

زَمِیْل ۔ (مولد) ہم پیشہ۔ حریف۔ رقیب۔ ساتھی (زُمَلَاء) جمع۔

زُنَّار ۔ (معرب یونانی زونار زنان) (۱) وہ دھاگہ جو آتش پرست و ہنود اپنے پاس رکھتے ہیں۔ (۲) کمربند۔ پٹکا۔ پیٹی

زِنَا الزّوْجَہ ۔ بیوی کے ساتھ چام چوری

زُنْبُرُک ۔ (معرب ترکی) اسپرنگ۔ گھڑی کا ایک جزء۔ بندوق کا گھوڑا۔

زَنْبَرِیَہ ۔ (معرب فارسی زنبر) ایک قسم کی کشتی۔

زَنْبَق ۔ (معرب فارسی زنبہ بروزن انبہ) ایک سفید پھول جس کے پتے لمبے اور خوشبودار ہوتے ہیں۔

زُنْبُلَک ۔ دیکھو (زنبرک)۔

زَنْبِیْل ۔ دیکھو (زنجبیل)۔

زِنْجَار ۔ (معرب فارسی زنگار) وہ سبز سی مادہ جو تانبے کے برتنوں پر بے قلعی استعمال سے پیدا ہوتا ہے۔

زَنْجَبِیل ۔ (معرب فارسی زنگبیل) سونٹھ۔ الوچہ۔ شنگویر۔

زَنْجَبِیْل ۔ معرب فارسی زنجفیل و زنجبیل شراب۔ مے۔ خمر۔

زُنْجُفُر ۔ (معرب فارسی شنگرف) (۱) شنگرف

کازنگ (۲) وہ سرخ وارنش جس سے
لوہا رنگا جاتا ہے کہ زنگ نہ لگنے پائے

زَنجِیر - سلسلۂ آہنی -
زَندَبِیل - (معرب فارسی زندہ پیل)
فیل مادہ - ہتھنی -
زِندِیق - (معرب فارسی زندیک) وہ شخص
جو راہ راست پر نہ ہو گویا حامل ژند ہے
ژند پارسیوں کی آسمانی کتاب ہے -
بقول بعض یونانی گنوستکوس کا
معرب ہے -
زُنّار - (فارسی لفظ زنار سے ماخوذ ہے) باریک زنار -
زَنزَلَخت - (معرب فارسی آزاد درخت)
دیکھو ازدرخت -
زَنطَارِیَہ - (معرب یونانی وسنتریا) قوی
اور سخت اسہال - سنطاریہ -
زِنک - (معرب فارسی) توتیا -
زَنکُ السَّاعَۃ - (معرب فارسی) گھڑی
کا باج -
زِنکَاوہ - (معرب فارسی) رکاب
زَو - (معرب چینی زاد) امیر المومنین
کی کشتی کا نام -

زوالُوجِیَا - (معرب ژالوجی) علم الحیوان
زَوج - (معرب یونانی ردگوس بواسطۂ
کلدانی) جفت ضد طاق -
زَوجَۃُ السُّلطَان - بادشاہ وقت کی بیگم -
زُود - (معرب فارسی زود) بہ تعجیل - جلد -
زُور - (معرب فارسی زور) قوت
زَورَق - (معرب فارسی) چھوٹی کشتی -
زُوط - ہندوستان کی جاٹ قوم -
زُوَق - (بروزن صُرَد) پارا - سیماب -
دیکھو (زاووق) -
زون - (معرب فارسی خردن) گلبن -
جائے گلبن -
زَہر - پاس -
زَہرُ الزَّند - کاباٹین - ایک کھیل -
زَہِید - ناچیز - ادنے شے - محقر جنس
زِیّ - معرب فارسی زیب یا زی - لغوی
ہیئت - طریقہ - (۱) لباس
(۲) منظر - صورت (۳) طریقہ طرز
فیشن - وضع -
زِیَارَۃ رَسمِیَّہ - سرکاری استقبال -
زِیُّ الوَقت - موجودہ وضع یا فیشن

زِئبق ۔ (معرب فارسی زیوہ) سیماب پارہ

زبیل ۔ (معرب ارامی) زنبیل ۔ سبد ۔

زَیت ۔ (مولد) ۔ (اصلی) روغن زیتون

(جدید) روغن ۔ تیل کسی قسم کا ہو ۔

زَیتُ الخِروَع ۔ کاسٹر آئیل ۔ ارنڈی کا تیل ۔

زَیتُ الغاز ۔ مٹی کا تیل ۔ کروسین آئیل

زَیتُ القَطران ۔ پرافن ۔ ایک بے رنگ بے مزہ چربی دار جوہر

زِیج ۔ (معرب فارسی زیگ) بقول خفاجی معرب زہ (۱) ساقول (۲) زیچ

زِیر ۔ (معرب آزیر) گھڑا ۔ مٹکا ۔ (آزیار) جمع ۔

زِیر ۔ (معرب فارسی) باریک تار ۔ ضد بم

زِیرہ ۔ دیکھو (بزیر) ۔

زیزفون ۔ معرب یونانی ززفان ۔ ایک آزاد درخت جو ملک شام میں ہوتا ہے جس میں پھول تو لگتے ہیں مگر پھل نہیں آتے ۔ اس کے پھول بہت ہی سفید ہوتے ہیں تشبیہاً وہ شخص جو وعدہ کرکے وفا نہ کرے ۔

زِئبَرہ ۔ (یہ زیرہ سے بنا ہے جو برز سے ماخوذ ہے) سرپستان ۔ بھٹنی

زَلیف ۔ (معرب زندی) بقول بعض کلدانی) پول وغیر رائج الوقت وخراب ۔

زِیق ۔ (معرب فارسی زیک) قمیص کا گلا

زِیلانڈا ۔ (معرب نیوزیلنڈ) امریکہ کے ایک مقام کا نام ہے ۔

زِینَہ ۔ آراستگی

بَابُ السِّین

سَابَاط ۔ (معرب شاہ آباد) (۱) مضافات مدائن سے ایک شہر کا نام جو نوشیروان کا پایۂ تخت تھا ۔ (۲) کوچۂ مسقف ۔

سَابِحَة ۔ (مولد) ۔ قدیم پیرنے والی (جدید) جہاز اسٹیمر ۔

سَابَرِیّ ۔ (معرب فارسی شاہ پور) ریشم کا ایک باریک کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنتے ہیں ۔

ساج ۔ (معرب ہندی سال) ایک قسم کی لکڑی جس سے کشتیاں بنتی ہیں۔

ساحِب ۔ ہنڈی یا رقعہ لکھنے والا۔

ساحِب ۔ ہنڈی کرنے والا۔

ساخلو ۔ (معرب ترکی) محافظانِ قلعہ

سادِج ۔ دیکھو ساذج

ساذَج ۔ (معرب فارسی سادہ) ۔
(۱) وہ چیز جس پر نقش و نگار نہ ہوں
(۲) خوش خلق ۔ سادہ مزاج ۔
سادہ دل (سَذَجَہ) جمع ۔

سارِق لَیلی ۔ نقب زن ۔ سیندھ مار ۔

سارُوفیم ۔ (معرب عبرانی) فرشتہ ۔ ملک ۔

سارِیَة ۔ (معرب ارامی بمعنی ستون) ۔
(۱) سواری ۔ (۲) جہاز کا مستول

ساش ۔ (معرب مصری قدیم شن) ۔
غلیظ و سطبر ۔

ساسال } دیکھو سیسالی
ساسالیوس }

ساسَة ۔ (مولد) سائس کی جمع جو اسم فاعل سیاست کا ہے پالیٹکس

جاننے والے ۔ ماہرین علم سیاست ۔

ساعَة ۔ گھنٹہ ۔ گھڑی (ساعات) ۔ جمع ۔

ساعَة بَسِیطَة ۔ افقی دھوپ کی گھڑی ۔

ساعَة صَغِیرَہ ۔ جیبی گھڑی ۔

ساعَة عُمُومِیہ ۔ گھنٹا گھر ۔ ٹاور کلاک

ساعَة مُنحَرِفَة ۔ ترچھی دھوپ گھڑی

ساعِتی ۔ گھڑی ساز ۔

ساعُور ۔ (کلدانی) مقدم نصاری در شناخت طب ۔

ساعِی ۔ (مولد) (قدیم) دوڑنے والا (جدید) پوسٹ میں ۔ چٹھی رساں ۔ چپراسی
سُعَاة جمع ۔

ساف ۔ (معرب ارامی) دیوار کی تری اور

سافین ۔ (معرب یونانی سفینیس)
پنڈلی کی دو رگوں کا نام ۔

ساقِیَة ۔ رہٹ ۔ دولاب

ساکُو ۔ اور کوٹ

سامِی ۔ وہ انشا یا طرز عبارت جس میں بلند پروازی اور علو شان ہو ۔

سانِ رِیطَر ۔ سنبر غ م

سان پطرسبرج | سینٹ پیٹرسبرگ ۔ ملک روس کا پائے تخت ۔

ساہور ۔ (معرب) ہالۂ مہتاب ۔ منڈل

سائق ۔ (مولد) (۱) ہانکنے والا (۲) کوچوان ۔

سائل ۔ (مولد) مائع بہنے والا مادہ ۔ (سائلات ۔ سوائل) جمع ۔

سب ۔ انسلٹ ۔ اہانت

شباط ۔ رومی مہینے کا نام جو فروری سے مطابق ہے ۔

سباط ۔ (معرب اندلسی زپاتو) (۱) پاپوش (جوتی) جس کی ایڑھی نہ ہو ۔ سلیپر ۔ (۲) کمر بند ۔ پٹکہ ۔

سبانخ } معرب لاطینی سپناکیوم ۔
سبانغ } اسپاناخ ۔ ایک مشہور ترکاری جسکو پالک کہتے ہیں ۔

سببُ التّعہّد ۔ وجہ امور قابل لحاظ ۔

سبب صحیح ۔ قانونی مواخذہ ۔

سببت ۔ (معرب فارسی شود) ایک قسم کی بھاجی جو پکا کے کھائی جاتی ہے ۔

سبت ۔ (معرب ترکی) حجابہ ۔ ٹوکرا ۔

سبیج ۔ (معرب فارسی شبی) قمیص

سبیج ۔ (معرب فارسی شبہ) مہرہ سلیمانی

سبد ۔ (معرب ٹوکرا) ٹوکرا ۔

سبذہ ۔ (معرب سبد) ایک قسم کی زنبیل

سبرمان ۔ وہ آیندہ انسان جو مسئلہ ارتقا کی روسے موجودہ انسان سے کمالات علمی و تمدنی میں بدارج بالاتر ہوگا ۔

سبستان ۔ (معرب سپستان یا سرپستان) لسوڑہ ۔

سبط ۔ دیکھو (سبت)

سبنزی ۔ بن مانس ۔ نسناس جنگلی آدمی ۔

سبنسہ ۔ بریک پہیا روکنے کا پیچ گاڑی روکنے کا دستہ ۔

سبنسۃ ۔ ضابطہ ۔

سبنیۃ ۔ (معرب یونانی سبنان) توال ۔ بدن پوچھنے کا رومال ۔

سبیا ۔ اختبوط

سبیج ۔ } (معرب فارسی یا حبشی)
سبنیحہ } کالا کمل

سبیداج ۔ (معرب فارسی سپیدہ)

سپیرتو ۔ (معرب اسپرٹ) روح شراب ۔
ست ۔ (مولد) ستیدہ کا مخفف ۔
شریف عورت ۔
ست ۔ شریف عورتوں کے نام سے پہلے بطور لقب مستعمل ہوتا ہے ۔
ستا ۔ (معرب مصری قدیم) تار جامہ ۔
احسان ۔ دیکھو (ستدا)
ستارہ ۔ (مولد) پردہ ۔ تھیٹر کا پردہ ۔
سترہ ۔ (مولد) کوٹ چغہ
ستمبر ۔ معرب ایطالیانی ستمبری ۔
ماہ ستمبر ۔ ایلول
ستوق ۔ (معرب فارسی ستو) غیر مروج سکہ ۔ درہم نا سرہ و غیر رائج
ستوکلم ۔ (معرب سٹاک ہالم) ملک سویڈن کا دار الخلافہ ۔
سجا ۔ (معرب ترکی ساچاق) ۔ (ہودج کی) جھالر ۔ مسلسل
سجادہ ۔ (مولد) قالین شطرنجی (سجاجید) جمع
سجارۃ ۔ (معرب فرانسیسی سگار) سگار ۔ سگریٹ (سجائر) جمع

سجاف ۔ (معرب ترکی سنجاف)
سجس ۔ (مولد) حرکت ۔ بیداری ۔ شور ۔
سجل ۔ معرب لاطینی سگلم ۔ یونانی (۱) خط ۔ مکتوب ۔ (۲) روداد ۔ سرکاری کاغذات ۔ قانونی کاغذ ۔
سجل ۔ یادداشت ۔ تحریر ۔ خلاصہ رائے
سجلاط ۔ دیکھو (سجلاطس) ۔
سجلاطس ۔ (معرب لاطینی سگلاٹس) یاسمین ۔ پردہ پشمین ۔ پارچہ جات کتان
سجل الجلسات ۔ کمیٹیوں کی یادداشت کی کتاب ۔
سجنجل ۔ (معرب لاطینی سکستنگلم ۔ آئینہ آرسی ۔
سجنجل ۔ (معرب لاطینی سپکلم ۔ آئینہ آرسی ۔
سجوق ۔ (معرب ترکی) مہتابی ۔ فتیلہ سوز ۔
سجیل ۔ (معرب فارسی سنگ گل) کنکر
سحابۃ ۔ (مولد) صندوق ۔ میز کا خانہ ۔
سحارہ ۔ ظروف اور چار پائے وغیرہ کے سامان رکھنے کی بیڑی الماری ۔ بکس (سحاحیر) جمع

سَحْبُ الْحَوَالَة - بل کا روپیہ وصول کرنا -
سَحْلَب - (معرب ثعلب) خصی الثعلب -
سُحْنُون - (معرب سینوروس) ایک مشہور پرند جسکی عادات کتے سے ملتی جلتی ہیں -
سَخْت - (معرب فارسی) درشت -
سَخْتِيت - (معرب فارسی سخت) شدید نرم کی ضد -
سُخْرَة - بیگار -
سَخْطَه - (معرب فارسی سخت) غصہ ہونا ناراضامندی -
سَخْتِيَان - کمایا ہوا (دباغت کیا ہوا) چمڑا -
سَدّ - بند - پال - جمع - سُدُود
سَدَا - (معرب قدیم مصری) تدہ - تار جامہ احسان - شہد
سَدَابَة - دیکھو (سنداب)
سَذَاجَة - (معرب فارسی سادہ) سادہ مزاجی
سِدَاد / سِدَادَة } کاگ
سُدَّر - (معرب فارسی سہ در) ایک کھیل کا نام جس سے جوا کھیلتے ہیں جس میں تین خانے ہوتے ہیں -

سِدَّة / سِدِّي } نشیمن - نیم تخت -
سَدُوس - (معرب یونانی اساتیس) ہری چادر
سَدِيم - (مولد) ایک نہایت ہی لطیف غلیظ اثیر - ایتھر -
سَدِين - (معرب ارامی سندون) پردہ خیمہ -
سَذَاب - (معرب فارسی سَذَاب) ایک گھاس جو اسقاط حمل کے لئے کام آتی ہے - آش اور سالن بھی پکایا جاتا ہے -
سَذَاجَة - (معرب فارسی) سادگی -
سِرّ / سَرّ } (معرب فارسی) سردار - افسر
سِرَاج - (معرب فارسی چراغ) چراغ
سَرَاح - (مولد) پاسپورٹ - بندرگاہ سے جانے کا پروانہ (سَرَاحَات) جمع -
سَرَاح - (مولد) رہائی - قید سے آزادی
سُرَادِق - (معرب فارسی سردار و بقول بعض سراپردہ) دہلیز - سراپردہ
سِرُّ اللَّيْل - پرول - وہ پوشیدہ لفظ جس سے فوج والے اپنے ساتھیوں کو

پہچان لیتے ہیں۔

سَراوِیْل ۔ (معرب فارسی شلوار)۔ پائیجامہ۔ ازار۔

سَرای } (معرب فارسی) قصر۔ محل شاہی۔
سَرایا } سرکاری دفتر۔

سَرای الحکومَة ۔ گورنمنٹ ہوس۔ سرکاری محل۔

سَریَة ۔ } (معرب فارسی) شاہی محل
سَراے } شاہی مجلس

سِرْبال ۔ (معرب ارامی) پیراہن آہنی۔ قمیص۔

سَرت ۔ (معرب ترکی) سخت۔ میوہ جات کی صفت میں آتا ہے ۔

سَرتَشرِیفاتی ۔ (معرب ترکی) شاہی حاجبوں کا افسر۔

سُرج ۔ (معرب فارسی سرگ) سُرخ۔ لال۔

سَرج ۔ (معرب) زین ۔

سَرجن ۔ (معرب ترکی سورکون) جلاوطن کرنا۔ شہر بدر کرنا۔

سَرجین ۔ (معرب سرگیں) گوہ۔ فضلہ۔

سَرد ۔ (معرب فارسی زرد) زرہ

سِرْداب ۔ (معرب و مولد) (۱) تہ خانہ (۲) گنبد

سَردار ۔ (معرب فارسی) امیر فوج۔ سپہ سالار

سَردالعَساکِر ۔ فوج کا ملاحظہ ۔

سَردِین ۔ (معرب سارڈین) ایک قسم کی نمکین مچھلی ۔

سَرعَسکَر ۔ سپہ سالار۔ کمانڈر ان چیف

سَرقَة ۔ (معرب فارسی سرہ) ریشمی کپڑے کا تھان۔ جمع سَرق

سُرقَةُ اللّیل ۔ سیندھ۔ نقب۔

سُرقَة سَنَدات رَسْمِیَّة ۔ سرکاری دستاویزات کا نکال لے جانا ۔

سَرقِین ۔ دیکھو (سرجین ۔)

سَرکی ۔ (معرب ترکی) بل آف آرڈر۔ منی آرڈر۔

سَرکی ۔ (معرب ترکی) ہنڈوی۔ برادۃ

سُرم ۔ ایک آنت کا نام

سَرم ۔ مقعد کا سوراخ ۔

سَرمَق ۔ (معرب فارسی سلمہ)

سَرمَق ۔ (معرب فارسی سَرمہ) ایک پھول ہے جسے اشنک زمین اور طبلق

کہتے ہیں۔

سَرمُوج ۔ (معرب ترکی) جوتا۔ ایک
سَرمُوجَہ ۔ پاپوش۔ بالائی کی قسم جو اندرون
سَرمُوزَہ پاپوش کے حفاظت کے
سَرمَایَہ لئے پہنتے ہیں

سَرن ۔ (معرب ترکی) باربان کلاں ۔

سَرَاے ۔ (معرب فارسی) تہناسے ۔

سَرج ۔ (معرب ترکی) سارنج حومض

سَروجی ۔ (مولد) زین ساز

سَرومَطا ۔ (معرب یونانی) ستروبیتان)
حصیر۔ بوریا۔

سُریاق ۔ (معرب اندلسی زریاکو) (۱)
کوڑا۔ تازیانہ (۲) رسن۔ رسّی ۔

سَرِیّہ ۔ (مولد) دیکھو (سراے)
سَرَایا ۔ (سَرایات) جمع ۔

سَریرَہ ۔ (مولد) کانشنس۔ ضمیر ۔
وجدان سلیم

سَطام ۔ (معرب یونانی ستمہ) کشتی کا
پہلا حصّہ۔

سِطام ۔ (معرب یونانی ستوما) دم شمشیر۔
تلوار کی دھار۔

سَطح منحنی ۔ جھکی ہوئی یا خمیدہ سطح ۔

سَطل ۔ (معرب یونانی سِتلہ) (۱)
بنگان بادستہ ۔ ہاون دستہ۔
(۲) طشت آفتابہ

سَطل ۔ (معرب) بدمست ہونا۔

سَعَادَۃ ۔ (مولد) ایک تعظیمی کلمہ جو معزز
اور جلیل القدر اشخاص کے لئے
مستعمل ہوتا ہے ۔

سَعَادَۃ الصَّدر الاعظم ۔ ہز اکسلنسی
وزیر اعظم ۔

سَعَادَۃ العُظمیٰ ۔ بادشاہ کا لقب ۔
یورمیجسٹی ۔

سَعَانِین ۔ (مولد) عیسائیوں کی ایک عید

سَعۃ اختیاری ۔ وہ اقتدار جو بعض
حالتوں میں حکام عدالت کو دیا جاتا
ہے کہ بلحاظ حالات اپنی ہی تجویز کے
موافق کارروائی کریں ۔

سِعر ۔ (مولد) نرخ۔ بولی۔ دام

سِعر الفَایدَہ ۔ بینک کا نرخ

سِعر اَقل ۔ کمترین قیمت

سِعر البَلدہ ۔ بازاری نرخ

سِعْرِ داخِلی - ملکی بھاؤ
سِعْرِ جارِی - نرخ رواں
سِعْرِ بِالمِائَۃ - شرح فیصدی
سِعْرِ مُرتَفِع - اعلےٰ قیمت
سِعْرِ مَوضُوع - کسی خاص شے کا نرخ
سِعْرِ وَاطِی - ہلکی قیمت - ادنیٰ قیمت
سِعَۃ کامِلَہ - پورا اقتدار
سِفَار - (معرب فارسی افسار) مہار - نکیل (اَسْفِرَۃ ۔ سُفر - سَفَائِر) جمع
سَفَار - وہ رسی جو جانوروں کے گلے میں ڈال کر باندھتے ہیں -
سِفَارَۃ - سفارت خانہ
سَفَّانَۃ - معمولی موتی -
سَفْتَجَۃ - (معرب فارسی سفتہ) چک - برات (سَفَاتِج) جمع -
سَفْتَجَہ - ہنڈی - بل آف اکسچینج -
سَفْح مُنْحَدِر - اُتار - ڈھال - نشیب -
سَفِنْج -
سُفُنْج - } (معرب یونانی سپنگوس) ابر مردہ - ہوے بادل - اسفنج -
سَفَنْجَۃ -
سِفْرُ الأَيَّام - توراۃ میں تاریخ کی کتاب -

سِفْرُ التَّكْوِين - تورات کی پہلی کتاب جس میں پیدائش عالم کا حال لکھا ہے -
سِفْرُ التَّجَلِّيَان - الہام - سینٹ جان کا خواب -
سِفْرُ الخُرُوج - توریت کی دوسری کتاب جس میں بنی اسرائیل کے مصر سے نکلنے کا حال لکھا ہے -
سِفْرُ الخَلِيقَۃ - توریت کی پہلی کتاب جس میں دنیا کی پیدائش کا بیان ہے - دیکھو سِفْرُ التَّكْوِين -
سِفْرُ الرُّؤیا - عہد جدید کی آخری کتاب - بک آور ویلیشن -
سِفْرُ العَدَد - توراۃ کی چوتھی کتاب
سِفْرُ القُضَاۃ - توراۃ کی ایک کتاب
سُفْرَۃ - (مولد) میز - میز پوش -
سُفْرَجِی - (مولد) باورچی - طباخ -
سَفَرْقَع - (معرب سکرگاہ) ایک قسم کی شراب جو جاورس سے تیار کی جاتی ہے -
سَفْسَر - (معرب فارسی سمسار) - (۱) دلال (۲) وہ شخص جو مختلف چیزیں بیچتا ہو -

سَفسَطہ - (معرب یونانی سفستیس) بہتان تراشی -
سِفسِیر - (معرب فارسی سفسار) بائع و مشتری کا درمیانی دلال -
سَفَط - (معرب سبد) طبلۂ عطار - عطردان کا صندوقچہ -
سَفطُوجَۃ - دیکھو (سَفتَجَۃ) (سَفَاطِیج) جمع -
سَفکُ الدَّم - خونریزی
سَفن - دیکھو (سفین)
سَفِیرِ فَوقَ العَادَۃ - غیر معمولی ایلچی -
سَفِیرِ مَخصُوص - اسپیشل ایلچی -
سَفِین - دیکھو (سافین) -
سَفِین - (معرب یونانی سفین) بانہ - فانہ - سائفن -
سَفِینَۃ تِجَارِیَہ - دخانی کشتی -
سَفِینَۃ توربیدیۃ - (مولد) تارپیڈو کشتی
سَفِینَۃ حَربِیۃ - (مولد) جنگی جہاز
سَفِینَۃ شِرَاعِیَہ - (مولد) بادبانی جہاز -
سَفِینَۃ مُدَرَّعَۃ - زرہ پوش جہاز -
سَفِینَۃ - (معرب) کشتی

سُقَاطَہ - (مولد) کواڑ کی بلی -
سِقَالَۃ - (مولد) جہاز پر چڑھنے کا مصنوعی
سَقلَب - (معرب اندلسی) اسکلادو - بندۂ غلام - خواجہ سرا -
سُقس - (معرب قبطی) نشان میل -
سَقط - (معرب ترکی) کمزور جو بڑھاپے کی وجہ ہو
سَقطُ الوَرَق - } ردی کاغذ
وَرَق بَوَارِی - }
سِقطِری - سقنطار
سَقف - (مولد) چھت گیری
سِقلَاط - } (معرب لاطینی سیگلنس)
سِقلَاطُون - } وہ ریشم جس میں زر کا کام کیا گیا ہو خصوصًا جو بغداد میں بنایا جاتا ہے
سَقمُونِیَا - (معرب یونانی سکمونیا) محمودہ - ایک دوا جو مسہل کے لئے مفید ہے -
سَقَنقُور - (معرب یونانی سکنکس) جو قدیم مصری سے ماخوذ ہے) ریگ ماہی -
سُقُوط - خسارہ - گھاٹا -
سُقُوط - (مولد) پستی - تنزل - زوال -
سُقُوطُ الحَقِّ فِی الاِستِینَاف - حق مرافعہ

کا سوختہ ہو جانا۔
سُقُوطُ المُدَّۃ ۔ وقت کا گزر جانا۔
سُقُوطٌ فِی الاِمتِحَان ۔ (مولد) امتحان میں ناکامیاب ہونا۔
سَکّ ۔ لوہے کی پن (سوئی)۔ (سکاک) جمع۔
سَکُّ النُقُوُد ۔ (مولد) سکہ ڈھالنا۔
سُکّان ۔ (معرب سریانی) لنگر کشتی۔ دم کشتی۔
سَکتَۃ ۔ (مولد) کوما۔ رسم الخط میں جو علامت ذرا سے وقفہ کے لئے لکھی جاتی ہے۔
سِکَّۃ الحَدِید ۔ (مولد) ریلوے لائن۔ ریل کی سڑک۔ جمع سِکَک الحَدِید۔
سِکتَلنَدَا ۔ (معرب اسکاٹلینڈ) ایک ملک جو انگلستان کے شمال کو واقع ہے۔
سُکّر ۔ (معرب شکر جو سنسکرت शर्करा سے متوافق ہے) قند چینی
سِکرِتَارِیَۃ ۔ (معرب سکرٹری شپ) معتمدی۔ نظامت۔
سِکرِتِیر ۔ معتمد۔ ناظم۔
سِکرِتیر مالی ۔ معتمد فینانس

سُکُرّجَۃ ۔
سُکُرَّجَۃ ۔ (معرب فارسی سکرشہ) شکردان
سُکُرُّجَۃ ۔ پیالہ۔ تشتری۔ کپ۔
سُکُردَان ۔ خوان شراب۔
سُکُرکَہ ۔ (معرب فارسی شکرکہ) ایک قسم کی شراب جو ذرت سے بنائی جاتی ہے
سَکَنجَبِین ۔ (معرب فارسی سرکہ انگبین) ایک دوا جو سرکہ اور شہد سے بنائی جاتی ہے۔
سَکَندَارَہ ۔ (معرب یونانی کنثروس) ایک قسم کی مچھلی۔
سِکُوتِیَا ۔ (معرب اسکاٹلینڈ) ایک ملک کا نام جو انگریزوں کے زیر حکومت ہے
سِکُورتَا ۔ (معرب اطالیانی سکورتا) ضمانت نقصان۔ بیمہ۔
سِکوندُو ۔ (معرب ایطالیانی) ثانیہ
سَلَاَریہ ۔ (معرب یونانی سلریاں) ایک قسم کی کشتی۔
سَلَاطَۃ ۔ (معرب لاطینی) چٹنی
سُلَافُ العَسکَر ۔ (مولد) فوج کا اگلا حصہ ہراول۔ مقدمۃ الجیش۔

سَلاَق ۔ (معرب سریانی) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صلیب پڑھنے کا دن ۔
سَلاَطِق ۔ دیکھو (سلاملک)
سَلاَمْلک ۔ (معرب ترکی) سلاملق مرکب ہے سلام اور لق ترکی میں بمعنی کرنا ہے (۱) مردانہ (۲) جمعہ کے دن فوج کی سلطان کو سلامی ۔
سَلاَنیک ۔ (معرب سالونیکا) یوروپی ترکی کا ایک صوبہ ۔
سلب ۔ (مولد) چقندر ۔
سَلِبَاح ۔ (معرب ارامی) ماراہی ۔
سُلَّة ۔ (مولد) ٹوکری ۔ ٹوکرا ۔
سَلْجَم ۔ (معرب فارسی شلغم) ایک ترکاری
سُلَحْفَة ۔
سُلَحْفَاة ۔
سِلَحْفیٰ ۔ (معرب فارسی سولاخ پاے یا سوراخ پائی)
سُلَحْفَاء ۔
سُلَحْفیٰ ۔
سَلَخَانَہ ۔ (سلخ خانہ کا معرب) مسلخ ۔ کمیلا ۔
سِلْسِلَۃُ السَّاعَة ۔ چین ۔ گھڑی کی زنجیر
سَلْتَہ ۔ (معرب ایطالیانی سلتا) (۱) شوربا یخنی ۔ (۲) چاشنی طرطور ۔
سَلْطَة ۔ (معرب لاطینی سلاتو ۔ اچار چٹنی
سُلْطَة ۔ قوت ۔ طاقت ۔ سلطنت حکومت ۔ اختیار ۔
سَلْطَة ۔ دیکھو (سلاطہ)
سَلَطَة ۔ (معرب سیلڈ) چٹنی اچار ۔
سُلْطَة اِجْرائی ۔ قوت تعمیلی ۔
سُلْطَة تَامَّہ ۔ پورا اختیار ۔ اقتدار کامل
سُلْطَة قَضَائی ۔ عدالتی حکومت
سُلْطَة قُنْصلیہ ۔ کانسل کا اقتدار
سَلْطَنَت مُتَوَارِثَہ ۔ موروثی سلطنت
سَلْطَنَت مُنْفَرِدَہ ۔ شخصی سلطنت
سَلْعَہ ۔ سودا ۔ مال
سَلَف ۔ (مولد) پیشگی ۔ اڈوانس ۔
سَلْفَہ ۔ قرض ۔ ادھار
سَلِفِیَّہ ۔ پیشگی ۔ اگاد روپیہ ۔ زربیعانہ ۔
سَلِفِیَہ ۔ امانتی قرضہ ۔
سِلْق ۔ (معرب یونانی سکلوس) چقندر ۔
سِلْکُ الاِشَارَہ ۔ تیلیگراف

سِلکُ اَلبَرقِی ۔ تار برقی کا آہنی تار۔ ٹیلیگرام لائن ۔

سِلکُ اَلتِلِغرَاف ۔ تار برقی ۔

سِلکُ الکَہرُبَائیُ ۔ (مولد) تار برقی کا آہنی تار۔

سَلکُوت ۔ (معرب یونانی سَلُوکس) ایک جانور جو ٹیڑھی کا دشمن ہوتا ہے اسی لئے اُسے عربی میں ابو الجرادہ کہتے ہیں ۔

سُلُوک ۔ (مولد) روش ۔ اخلاق ۔ چال چلن ۔ کیارکٹر ۔

سَلِیح ۔ }
سَلِیحُون ۔ } (سریانی) حواری مسیح ۔

سُلَیمَانِی ۔ (معرب لاطینی سُلیمَا نُم) ایک زہردار دھات سُبلیمیٹ ۔

سَمّ ۔ (معرب ارامی) زہر

سَمَاح ۔ الوَنس ۔ بھتہ ۔

سَمَاحُ ایصَاحَاتُ مُدُنِیَة ۔ دیوانی مقدمات کی سماعت ۔

سَمَاحَة ۔ تعظیمی لقب جو علما کے نام سے پیشتر استعمال کیا جاتا ہے ۔

سَمَّاک ۔ (مولد) ماہی فروش ۔

سَمَاوِی ۔ (مولد) آسمانی رنگ ۔

سَمَح ۔ (مولد) اجازت دینا ۔

سَمَرَّج ۔ (معرب فارسی سر بارہ یا سہ مرہ) شاہ فارس کیخسرو کے طریقے کے موافق تین مرتبہ خراج وصول کرنا

سِمسَار ۔ دلال ۔ کمیشن ایجنٹ ۔

سِمسَار ۔ (معرب سیپ سار) دلال ۔ (سَمَاسِرَہ) جمع ۔

سِمسَارُ الحَوَالات ۔ ہنڈی کا دلال

سِمسَارُ اَوراق ۔ ہنڈی کا دلال ۔

سَمسَرَہ ۔ دلالی کمیشن

سَمسَرَہ ۔ (معرب کافی ہوس) قہوہ خانہ چائے خانہ ۔

سَمقَہ ۔ (معرب ارامی) ایک لال رنگ کا پتھر ۔

سَمَکَۃُ اَفرِیل ۔ (معرب) اپریل فول ۔ ماہ اپریل کی ہنسی دل لگی ۔

سَمَکٌ مُقَدَّد ۔ خشک مچھلی ۔

سَمَنجُونِی ۔ دیکھو (اسمانجونی)

سَمَند ۔ (معرب فارسی) اسپ ۔ گھوڑا ۔

سَمَنْدَر - (معرب یونانی سَلَنْدَرَا) ایک چوہا جو آگ میں پیدا ہوتا ہے اور آگ ہی میں رہتا ہے جب آگ سے نکلتا ہے تو مر جاتا ہے - بعض کہتے ہیں کہ ایک پرندہ ہے جو آگ میں جل کر خاک سیاہ ہو جاتا ہے اور اُس خاک سے یہ جانور پیدا ہوتا ہے -

سَمَنْدَفِیر - ریل -

سُمُو - ہز ہائنس - ہز ہائنس - امراے دولت کے نام یا ضمیر کے پہلے تعظیماً لاتے ہیں

سَمِیْذ } (معرب یونانی سَمِدَلِس) میدہ سفید
سَمِیْد } و خالص آٹا -

سِنُّ الْمُتَّهَم - ملزم کی عمر

سِنَا - سینٹ - اعیان مملکت کی مجلس -

سِنَاد - رسید - بیع نامہ - دستاویز -

سُنْبُک - چھوٹی کشتی - جمع سَنَابِک

سُنْبُوق - } دیکھو سنبک
سُنْبُوک - }

سَنْتِیَاق - سنٹیاگو - چلی کا پایۂ تخت -

سَنْجَاب - (دخیل) گلہری

سَنْجَاق - م (معرب ترکی) (۱) علم بیرق

سَنْجَق - } (۲) ضلع - صوبہ (سَنَاجِق) جمع

سَنْجَہ - (معرب فارسی سنگہ) (۱) باٹ وزن (۲) چھوٹی ترازو (فولاد کی) (۳) نیزہ

سِنْجَہ - (معرب ترکی) سنگین -

سَنَد - (مولد) سرٹیفیکٹ - دستاویز

سَنَدَاتِ حُکُومَتہ - سرکاری کاغذات

سَنَدَاتِ غَیْرِ مُسْتَہْلَکَہ - کاغذات سرکاری جن کا روپیہ پیش کرنے پر ادا نہیں کیا جاتا -

سِنْدَال - (معرب فارسی سندان) چاندی وغیرہ کا چھوٹا ٹکڑا -

سَنَدُ الْوَفَاة - فوتی نامہ -

سُنْدَانِق - } (فارسی سدانگ) چرغ -
سُذَانِق - } شاہین - ایک شکاری پرند -

سَنَدسکورتا - بیمہ کا سٹّا - پولیسی آو انشورنس -

سَنَدِ شِرکہ - تمسک

سَنَدصُوری - رقعہ یا ہنڈی جس کے ذریعے روپیہ قرض لیا جا سکے -

سَنَد عُرفی - پرائیویٹ دستاویز -
سِندیان - (معرب فارسی) درخت بلوط
کی ایک قسم جو ہمیشہ سرسبز رہتا ہے -
سُندیک - (معرب فرنچ سینڈیک)
انسپکٹر - مُفتش -
سَنط - (معرب قبطی) ببول - مغیلان
سَنطِیر - } (معرب یونانی پسلتریان)
سَنطور - } عود - بربط - ایک قسم کا ستار -
سَنکرۃ - (مولد) فوٹو کو چوکھٹے میں
سَنکرِی - (معرب ایطالیانی زنگرو)
لفظی (خانہ بدوش) آہنی یا مسی
ٹھٹھیرا (سناکرہ) جمع -
سَنکری - ٹین کا کام کرنے والا -
سَنکسار - (معرب یونانی سنگساریان)
شہادت نامہ - تاریخ شہدا
سَنکسار - (معرب یونانی) ایک کتاب
جس میں صلحا کے حالات اور اعمال
لکھے ہوتے ہیں اور عیسائیوں
کے گرجے میں پڑھے جاتے
ہیں -
سنونو - ابابیل -

سَنَوِی - سالانہ (مونث سنویہ)
سَنَوِیَّہ - سالانہ تنخواہ -
سَنتِیمیتر - } (معرب فرانسیسی سنتیمیتر)
سَنتِی - } متر کے سو حصوں میں سے
ایک حصہ - (دیکھو متر)
سَوَابِق - گزشتہ کیفیات - پہلے کا حال -
سَوَارِی - سواروں کا رسالہ
سَوجَرہ - بیمہ کرنا -
سوشیالی - سوشلسٹ
سَوارِی فُرسان - سوارہ فوج
سَوَّاق - ہانکنے والا - کوچوان - گاڑی
چلانے والا -
سُوق رائج - گرم بازار
سُوق صِناعی - دست کاری کی منڈی -
